کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 14 شعبان 1447ھ 03 فروری 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 211
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کیخلاف گھیرا تنگ، مزید 22 دہشتگرد ہلاک، 3 روز میں ہلاکتوں کی تعداد 177 ہوگئی

ہلاکتیں سیکیورٹی فورسز کے سینیٹائزیشن آپریشن کے دوران ہوئیں، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مزید نقصانات اور ہلاکتوں کی بھی اطلاعات ہیں

بھاری تعداد میں اسلحہ ایمونیشن بھی برآمد دہشت گردوں، سہولت کاروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز، انٹیلی جنس ایجنسیز اور پولیس گھیرا تنگ کر رہی ہیں، سیکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں مزید 22 دہشتگرد ہلاک ہوگئے گزشتہ تین روز میں 177 دہشتگرد مارے گئے جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن بھی برآمد ہوا بلوچستان میں گزشتہ تین روز کے دوران آپریشنز میں اب تک 177 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کیخلاف سیکیورٹی فورسز، انٹیلی جنس ایجنسیز، پولیس گھیرا......
بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے 3 ہزار سے زائد ہلاک مظاہرین کی فہرست جاری

ہلاک ہونے والے 2,985 افراد کے نام اور شناخت کا عمل مکمل ہوگیا

تہران (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے دفتر سے گزشتہ ماہ ہونے والے مظاہروں کے دوران ہلاک ہونے والے 2,985 افراد کے نام اور شناخت جاری کر دیے گئے ہیں۔ ایران......
بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ بھارت تجارتی معاہدے پر اتفاق ہوگیا، ٹرمپ

بھارت پر عائد ٹیرف 25 فیصد سے کم کر کے 18 فیصد کیا جا رہا ہے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدے پر اتفاق ہوگیا ہے، ٹرمپ نے کہا کہ بھارت نے روسی تیل کی خریداری روکنے اور امریکا اور وینزویلا......
بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

قازقستان کے صدر (آج) اسلام آباد پہنچیں گے

صدر کے ہمراہ کابینہ کے سینئر وزراء اور اعلیٰ حکام بھی ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر قازقستان کے صدر قاسم جومارت توقایف (آج) منگل کو پہلے 2 روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچیں گے۔ وزارت خارجہ کے......
بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کی تربت یونیورسٹی میں معلوماتی نشست

خصوصی نشست کے دوران قومی سلامتی اور دیگر اہم امور پر مفصل گفتگو ہوئی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی تربت یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ کے ساتھ خصوصی معلوماتی نشست کا انعقاد ہوا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی یونیورسٹی آف تربت آمد پر اساتذہ و......
بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کے آپریشن میں ہلاک ہونیوالے دہشت گردوں کی لاشیں

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ کے پی کی ملاقات، دہشتگردی کیخلاف تعاون، صوبائی معاملات پر بات چیت

سہیل آفریدی نے دہشت گردی سے متعلق تحفظات پر وزیراعظم کو آگاہ کیا، وفاق کے ذمہ واجبات کی ادائیگی بارے بات چیت ہوئی

وزیراعظم سے ملاقات میں دہشتگردی کیخلاف تعاون پر بات، بانی کے متعلق گفتگو نہیں ہوئی، ایک اور خصوصی ملاقات ہوگی، سہیل آفریدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے پیر کو وزیراعظم آفس میں ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو ملاقات کیلئے مدعو کیا تھا، جس میں خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی کی صورتحال سمیت اہم امور پر بات چیت کی گئی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے دہشت گردی سے متعلق تحفظات پر وزیراعظم کو آگاہ کیا۔ ملاقات میں وفاق کے......
بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی ملاقات کر رہے ہیں

ٹراما سینٹرز میں نئی تعیناتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جائیں، سرفراز بگٹی

نئے ٹراما سینٹرز سے جدید طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، شیخ زید ہسپتال کے ٹراما سینٹر کو بھی جلد مکمل کیا جائے

طبی سہولیات کی فوری فراہمی کے لئے ٹراما سینٹرز کی مکمل فعالی اشد ضروری ہے، وزیراعلیٰ کی اعلیٰ حکام کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ٹراما مراکز کی فعالی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی، سیکرٹری خزانہ لعل جان جعفر، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان اور مینیجنگ ڈائریکٹر......
بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جو ہوا قوم کیلئے بہت بڑا المیہ ہے، خواجہ آصف کوئی ناراض نہیں نہ ہی حقوق کا معاملہ ہے، دہشتگردوں کو صرف دہشتگرد کہا جائے، رانا ثناء اللہ

مذاکرات نہیں ہونگے، دہشتگردوں کو ریاست کی طاقت سے جواب دینگے، وزیر دفاع

بلوچستان میں تیل اسمگلنگ سے دہشتگرد روزانہ 4 ارب روپے کما رہے ہیں، جرائم پیشہ عناصر اور اسمگلرز کے خلاف گھیرا تنگ کیا تو انہوں نے حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا

صوبے میں میں بھارتی حمایت یافتہ پراکسیز موجود، دہشتگردوں کے سربراہ افغانستان میں ہیں، وہاں سے ان کو مدد ملتی ہے، خواجہ آصف کا قومی اسمبلی اجلاس کے دوران خطاب

بلوچستان میں دہشت گرد بار بار بسوں کو روک کر مسافروں کے شناختی کارڈ چیک کرتے رہے اور خواتین و بچوں سمیت بے گناہ شہریوں کو ان کے اہل خانہ کے سامنے قتل کیا گیا، رانا ثنا

مجرمانہ سرگرمیاں چند گروہ مل کر کہیں بھی کر سکتے ہیں، جیسے معرکہ حق میں دشمن کو ذلت ملی، ان دہشت گردوں کو بھی ایسے ہی انجام سے دوچار کیا جائیگا، مشیر برائے سیاسی امور کا سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جو ہوا قوم کیلئے بہت بڑا المیہ ہے، دہشتگردی کو افغانستان سے ہوا دی جا رہی ہے، ان دہشتگردوں کے پیچھے بھارت ہے، بلوچستان میں تیل اسمگلنگ سے دہشتگرد روزانہ 4 ارب......
بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

رکن اسمبلی علی مدد جتک نے صوبائی وزیر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا

گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل علی مدد جتک سے صوبائی وزیر کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے حلف لیا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، اسپیکر اسمبلی عبدالخالق اچکزئی شریک ہوئے

حلف کے بعد صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، صوبائی سیکرٹریز اور دیگر نے مبارکباد پیش کی

کوئٹہ (آن لائن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آج ایک سادہ مگر پروقار تقریب حلف برداری منعقد ہوئی جس میں رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک نے صوبائی وزیر کے عہدے کا حلف اٹھایا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے علی مدد جتک سے حلف لیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ......
بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سے لیبیئن عرب مسلح افواج کے سربراہ کی ملاقات

باہمی دلچسپی بالخصوص متعلقہ خطوں کی سیکیورٹی صورتحال اور پیشہ ورانہ تعاون پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل عاصم منیر سے کمانڈر ان چیف لیبیئن عرب مسلح افواج فیلڈ مارشل خلیفہ ابو القاسم حفتر نے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج......
بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی خرابی صحت نے عوام میں اضطراب پیدا کر دیا، پی ٹی آئی

تحریک انصاف کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس، مجموعی سیاسی، سیکیورٹی صورتحال پر غور

شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کو مؤثر بنانے کے لیے اسٹریٹ موومنٹ مزید تیز کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی، سیکیورٹی اور صوبائی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان میں دہشتگردی کے حالیہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ان حملوں کے......
بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے کسی بھی حد تک جائینگے، وزیر داخلہ

سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کی غیر ملکی سازش کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے، محسن نقوی

ریاستی رٹ چیلنج کرنے والے عناصر کیلئے کوئی جگہ نہیں، فتنہ الہندوستان کے سہولت کاروں کے خاتمہ تک آپریشن جاری رہیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کی ایک بڑی غیر ملکی سازش کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا گیا ہے، ہم بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے کسی بھی حد تک جائیں گے، ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کیلئے اب کوئی جگہ نہیں ہے۔ پیر کو اپنے بیان میں انہوں نے......
بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں معاشی، سیاسی، امن و امان کا بحران ہے، علامہ راجا ناصر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ ملک میں معاشی، سیاسی اور امن و امان کا بحران ہے۔ ایک بیان میں سینیٹر راجا ناصر عباس نے کہا کہ جو کوئٹہ میں ہوا، اس کی ویڈیو دیکھی ہے، سوال یہ ہے وہ ریڈ زون کا علاقہ......
بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی سطح پر سونے اور تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی

ٹریڈنگ کے دوران سونے کی قیمت میں تین فیصد سے زائد کی رپورٹ

برینٹ خام تیل 67 جبکہ ڈبلیو ٹی آئی 63 ڈالر فی بیرل میں فروخت ہو رہا ہے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) عالمی مارکیٹ میں سونے اور تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونا کافی نیچے گیا ہے اور اس کے نتیجے میں مقامی بازاروں میں بھی قیمتیں گھٹ رہی ہیں۔ ٹریڈنگ کے دوران سونے کی قیمت میں تین فیصد سے زائد کمی دیکھی گئی۔ رپورٹ کے مطابق عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت قریب 47 ڈالر کی کمی سے 4,332 ڈالرز فی اونس تک آگئی ہے جس سے پاکستان......
بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچوں کو یقین دہانی کرائیں صوبے کے وسائل پر آپ کا حق ہے، محمود خان اچکزئی

گیس بلوچستان کے علاقے سوئی سے نکلتی ہے لیکن وہاں کی عورتیں اب بھی لکڑی جلا کر روٹیاں پکاتی ہیں

بلوچستان ہمارے پورے ملک کے لیے ایک بلائنڈ اسپاٹ بن چکا ہے جس کی تاریخ کافی پرانی ہے

بلوچستان میں اتنا بڑا سانحہ ہوا، قیمتی جانیں گئیں، کیسے مسلح لوگ آزادانہ دندناتے رہے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچوں کو یقین دہانی کرائی جائے کہ صوبے کے وسائل پر آپ ہی کا حق ہے، پاکستان ایک بہترین گلدستہ بن جائے گا۔ بلوچستان کی تازہ صورت حال پر قومی اسمبلی میں اظہار خیال......
بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

علیم خان کی سینیٹر پلوشہ خان سے سینیٹ اجلاس میں معذرت

24 سال سے سیاست میں کوشش کی ہر کولیگ سے احترام کا رشتہ رکھوں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر مواصلات و نجکاری عبدالعلیم خان نے پیپلز پارٹی کی سینیٹر پلوشہ خان سے سینیٹ اجلاس میں معذرت کر لی۔ سینیٹ اجلاس سے......
بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پانی کے بطور جنگی حربہ استعمال کو مسترد کرنا ضروری ہے، صدر

ہمارے خطے میں پانی کی سلامتی ذمہ دار اور قانونی سرحد پار تعاون پر منحصر ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پانی کو کبھی بھی جبر کے لئے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے اور پاکستان کے خلاف پانی کو بطور جنگی......
بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سہیل آفریدی کی آمد خوش آئند ہے، امیر مقام

ہم سب ایک پاکستان کا حصہ اور قومی مفادات پر اتفاق ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد دیر سے سہی مگر درست ہے اور ان کی آمد کو خوش آئند......
بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جنگ کا خطرہ ٹل گیا، ایران اور امریکہ نے مذاکرات کیلئے آمادگی ظاہر کر دی

رواں ہفتے امریکی صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور ایک اعلیٰ ایرانی عہدیدار ملاقات کریں گے

امریکا اور ایران مذاکرات کے لیے ترکیہ، مصر اور قطر ایک اعلیٰ سطح کی ملاقات کے انتظامات بھی کر رہے ہیں

واشنگٹن (م ڈ) جنگ کی دھمکیوں اور فوجی مشقوں کی گھن گرج کے دوران بالآخر امریکا اور ایران نے مذاکرات کے لیے آمادگی ظاہر کی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے......
بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری، گرفتار کر کے آج پیش کرنے کا حکم

ملزمہ جب تک پیش نہیں ہوں گی بینک اکاؤنٹ اور شناختی کارڈ بلاک رہیں گے، عدالت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کرتے ہوئے ایس پی راول کو......
بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کو بیرون ملک علاج کیلئے بھیجنا دور کی بات، طلال چوہدری

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی وزیراعظم سے ملاقات پہلے ہو جانی چاہیے تھی، وزیر مملکت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان بالکل ٹھیک ہیں، بیرون ملک علاج کیلئے بھیجنا ابھی......
بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ریٹائرمنٹ کی عمر میں 3 سال اضافے کا جعلی نوٹیفکیشن سوشل میڈیا پر وائرل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ملک میں ایک بار پھر سرکاری ملازمین کی ریٹائرمنٹ کی عمر میں تین سال اضافے کے ساتھ 60 سال سے بڑھا کر 63 سال کرنے کا......
بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

چار ماہ میں گیس لیکج کے 20 واقعات میں 8 افراد جاں بحق

غیر قانونی کنکشن اور ایل پی جی سلنڈر کے باعث 6 واقعات ہوئے

سوئی گیس لیکج کے باعث 14 واقعات رونما، 49 افراد زخمی ہوئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 4 ماہ کے دوران گیس لیکج کے 20 واقعات میں 8 افراد جاں بحق جبکہ صوبے بھر میں ایک ماہ کے دوران آتشزدگی سے متاثرہ 18 افراد کی اموات واقع ہوئیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں اکتوبر 2025ء سے 30 جنوری 2026ء کے دوران گیس لیکج کے 20 واقعات میں 8 افراد جاں بحق اور 49 زخمی......
بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سے ٹرین سروس تاحال معطل، پنجاب کیلئے زمینی راستے بھی بند، موبائل ڈیٹا بحال نہ ہوسکا

کوئٹہ سے پشاور جانے کیلئے جعفر ایکسپریس اور چمن جانے کیلئے چمن پسنجر منسوخ کر دی گئی، مسافر شدید پریشان

پنجاب کو بلوچستان سے ملانے والی ڈی آئی خان، لورالائی شاہراہ بند، کوئٹہ کراچی اور جیکب آباد کیلئے ٹریفک بحال

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں موبائل فون ڈیٹا انٹرنیٹ سروس تیسرے روز بھی معطل، تجارتی سرگرمیاں ماند

کوئٹہ (سٹی رپورٹر/این این آئی) بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس جبکہ فورٹ منرو کے راستے پنجاب کیلئے کوچز سروس پچھلے تین روز سے معطل ہے ٹرین اور کوچ سروس بند ہونے سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق بلوچستان سے......
بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

چوری شدہ سامان برآمد ہونے پر دہشتگردوں کا ساتھی تصور کیا جائیگا، پولیس

کوئٹہ پولیس دہشتگردوں سے مقابلے میں مصروف تھی بعض شر پسند شہریوں نے موقع کا فائدہ اٹھا کر مسروقہ سامان چوری کیا

عوام سرکاری تحویل سے چوری شدہ موٹر سائیکل، گاڑیاں، رکشے اور دیگر سامان اپنے متعلقہ تھانوں میں واپس کر دیں

پولیس نے تمام افراد کو 48 گھنٹے کی مہلت دے دی، دہشتگرد حملے کے دوران بعض شہریوں کا رویہ ایک سوالیہ نشان بن گیا ہے، پولیس ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس کے ترجمان نے کہا ہے کہ عوام سرکاری تحویل سے چوری شدہ موٹر سائیکل، گاڑیاں، رکشے اور دیگر سامان متعلقہ تھانوں میں واپس کر دیں بصورت دیگر 48 گھنٹے بعد ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل......
بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا نیٹ میٹرنگ پالیسی میں ترامیم کا فیصلہ

نیپرا نے اعتراضات پر 6 فروری کو سماعت مقرر کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے نیٹ میٹرنگ پالیسی میں ترامیم کرنے کا حتمی فیصلہ کیا ہے جبکہ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے ان ترامیم......
بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

قیمتی پتھروں کی برآمد کیلئے جامع منصوبہ متعارف کروانے کا فیصلہ

پانچ سال میں 610 برآمد کنندگان کو عالمی منڈیوں میں نمائش کی سہولت دی جائیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے اربوں ڈالر کے قیمتی پتھروں کی برآمد و ریگولرائزیشن کیلئے 5 سالہ جامع منصوبہ متعارف کروانے کا فیصلہ کرلیا۔ منصوبے کے تحت پانچ سال میں 610 برآمد کنندگان کو عالمی منڈیوں میں نمائش کی سہولت......
بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلا دیشی ایئرلائنز کو ہفتہ وار تین پروازیں آپریٹ کرنے کی اجازت

مسافروں کی تعداد سمیت مارکیٹ فیکٹر اور دیگر عوامل کو مدنظر رکھا جائے گا

کراچی (م ڈ) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بنگلا دیش کی یوایس بنگلا ایئر لائنز کو ہفتہ وار تین پروازیں آپریٹ کرنے کی اجازت جاری کر دی ہے۔ بنگلا دیش......
بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

غیرت کے نام پر قتل کا شریعت سے تعلق نہیں، طاہر اشرفی

ہماری فوج دہشت گردوں کیخلاف لڑ رہی، کچھ لوگ اپنا بیانیہ بنانے میں مصروف ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین علما کونسل مولانا طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ جس وقت ہماری فوج دہشت گردوں کیخلاف لڑ رہی ہے تو کچھ لوگ اپنا بیانیہ بنانے میں پڑے ہیں، 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منایا جائیگا، غیرت کے نام پر قتل یا نقصان......
بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں بدعنوانی میں ملوث افسران کیخلاف گھیرا تنگ، 2 چیف افسر گرفتار

میونسپل کمیٹی موسیٰ خیل اور اوستہ محمد کے افسران نے اختیارات سے تجاوز کر کے مالی قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی

میونسپل افسران علی محمد، محمد یعقوب، ولی محمد، آزاد خان، عبدالمجید، محمد رفیق، منظور احمد، بشیر احمد پلال و دیگر پر مقدمات درج ہیں

سرکاری وسائل کے غلط استعمال میں ملوث عناصر کو کٹہرے میں لا کر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، نصیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے کروڑوں کی خرد برد کے الزام میں میونسپل کمیٹی موسیٰ خیل کے دو سابق چیف آفیسرز کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر کی گرفتاری......
بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر میں چنگیز خان کو کلہاڑا دے کر بٹھایا گیا ہے، طلحہ محمود

چیئرمین کو بتاؤ کہ فلاں شعبہ ٹیکس کے باعث مشکل میں ہے تو وہ خوش ہوتا ہے

ایف بی آر تاتاری لشکر کی طرح ہے، جہاں جاتا ہے تباہی پھیر دیتا ہے، سینیٹرز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کے اجلاس میں ممبران نے ایف بی آر پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ حکام وزارت تجارت نے بتایا کہ وزارت تجارت نے بارڈر ٹریڈ کے لیے ایس آر او اکتوبر میں جاری کر دیا، وی بوک کے لیے ماڈیول ابھی تک ایف بی آر نے تیار نہیں کیا۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کا کہنا تھا کہ یہ بہت بڑی نااہلی......
بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ، بلوچستان میں دہشتگردی کیخلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور

قانون نافذ کرنے کیلئے حکم کا ہونا ضروری ہے، جان بوجھ کر کہا جا رہا ہے کہ یہ لوگ ناراض ہیں، یہ کوئی ناراض نہیں، انوار الحق کاکڑ

جو کچھ بلوچستان میں ہو رہا ملک توڑنے کی سازش ہے، جام سیف اللہ، ریاست کے اندر ریاست بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، منظور کاکڑ

اسلام آباد (شاکر رحمان) سینیٹ میں حالیہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات کے خلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔ پیر کو یہاں سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان ناصر کی زیر صدارت شروع ہوا جس میں پینل آف پریزائڈنگ افسران کا اعلان کیا گیا جس کے مطابق 358 ویں اجلاس کیلئے سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سینیٹر شاہ زیب درانی اور سینیٹر عامر ولی چشتی کے نام شامل ہیں۔ اجلاس میں حالیہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونیوالوں کیلئے......
بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کارکنوں کی ایم پی او تھری کے تحت گرفتاریاں چیلنج

درخواست میں چیف سیکرٹری آئی جی و دیگر کو فریق بنایا گیا، فوری سماعت کی استدعا منظور

کراچی (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کی ایم پی او تھری کے تحت گرفتاریاں سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دی گئی۔ درخواست پاکستان تحریک انصاف......
بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہے، بلاول بھٹو

جب ویٹ لینڈز تباہ ہوتے ہیں تو فطرت کی آواز دب جاتی ہے، چیئرمین پی پی

ویٹ لینڈز کے عالمی دن کے موقع پر پیغام، تحفظ کیلئے فوری اقدامات کا مطالبہ

کراچی (م ڈ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آب گاہوں (ویٹ لینڈز) کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں ویٹ لینڈز کو ماحول، غذائی تحفظ اور موسمیاتی استحکام کی شہ رگ قرار دیتے ہوئے ان کے تحفظ کے لیے فوری اجتماعی اقدامات اٹھانے پر زور دیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جب ویٹ لینڈز تباہ ہوتے......
بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نیوی کی ایکس سی گارڈز مشقوں کا آغاز

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان نیوی نے ایکس سی گارڈز مشقوں کا آغاز کر دیا جو 9 فروری تک جاری رہیں گی۔ وائس ایڈمرل فیصل امین افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ایکس سی گارڈز مشقوں کے......
بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

فارن فنڈنگ کیس میں عمران خان کے لیے نئی مشکل تیار

عدالت کی ایف آئی اے کو چالان مکمل کرنے کیلئے 2 دن کی مہلت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فارن فنڈنگ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے لیے نئی مشکل تیار ہوگئی۔ بینکنگ کورٹ......
بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

2050 تک پاکستان کی آبادی 315 ملین ہو جائیگی، شیری رحمٰن

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی مستقبل میں پانی کی کمی کو بڑھا سکتی ہے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ 2050 تک پاکستان کی آبادی 315 ملین ہو جائے گی، جس کیلئے مزید......
بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اجے بنگا کا وفد کے ساتھ خانپور ہزارہ کا دورہ، آثار قدیمہ دیکھے

خانپور ہزارہ (بیورو رپورٹ) ورلڈ بینک کے صدر اجے پال سنگھ بنگا نے اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ خانپور ہزارہ کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور دیگر حکومتی ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے، وفد نے......
بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ٹراما سینٹرز کی فعالی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبے کی معاشی ترقی کیلئے منصوبوں کی بروقت تکمیل ناگزیر ہے، چیف سیکرٹری

صوبائی حکومت دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہی ہے

لوگوں کا معیار زندگی مزید بہتر بنانے اور آسانیاں پیدا کرنے کیلئے انتظامیہ اور ادارے اپنی کوششیں مزید تیز کریں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت منعقدہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس میں صوبے بھر میں تعلیم و صحت کے شعبوں میں عارضی بنیادوں پر اساتذہ اور ڈاکٹروں کی تعیناتیوں، صوبے میں آٹے کی دستیابی، پرائس کنٹرول،......
بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سعد رضوی اور انس رضوی کی بازیابی سے متعلق کیس

جسٹس فاروق حیدر نے درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی

لاہور (م ڈ) لاہور ہائی کورٹ میں حافظ سعد رضوی اور انس رضوی کی بازیابی کے لیے درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس فاروق حیدر نے درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی، عدالت نے کیس دوسرے بینچ کے روبرو لگانے کی سفارش کی۔ عدالت......
بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

خون جما دینے والی سردی میں گیس پریشر میں کمی معمول بن گیا ہے

سوئی گیس کمپنی انتظامیہ ودیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر فی الفور گیس کی فراہمی یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

ریئسانی روڈ کے مکینوں، تاجروں فیض اللہ خان، عبدالمالک، نقیب اللہ، نیاز محمد کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں خون جما دینے والی سردی میں حسب روایت گیس پریشر میں کمی معمول بن گیا، متعدد علاقوں سے شکایات موصول ہونے لگی، سردیوں میں بزرگ بچے، بیماروں کے علاوہ عام شہریوں کیلئے بھی خون جما دینے والی سردی میں ہیٹ کی ضرورت ہے لیکن سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے پریشر نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو ذہنی اذیت کا سامنا ہے، سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ ودیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر فی الفور گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ریئسانی روڈ کے مکینوں، تاجروں کے علاوہ گلی محلوں میں رہائش پزیر لوگوں فیض اللہ خان، عبدالمالک، نقیب اللہ، نیاز محمد ودیگر علاقہ مکینوں نے بتایا ہے کہ سردیوں میں گیس کی شکایت اب ایک روایت بن چکی ہے اور یہ روایت اب ایک تاریخ بن چکی ہے، اور یقیناً روز اول سے لیکر آج تک یہی تاریخ نہیں مٹ سکی، اور اسی تاریخ کا حصہ بنتے ہوئے آج بھی ہم گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ حکومت نے بلند وبانگ دعوے کئے کہ کسی بھی علاقے سے گیس کے متعلق کوئی شکایت نہیں آنی چاہئے یہی شکایتیں اب روز کا معمول بن چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اگر سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ نے گیس کی فراہمی یقینی نہیں بنائی گئی تو علاقہ مکینوں کے ساتھ ملکر سخت احتجاجی لائحہ عمل کا اعلان کرینگے احتجاج ہمارا جمہوری آئینی قانونی حق ہے اور اس حق سے ہمیں کوئی محروم نہیں کر سکتی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بھی نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کے صدر قاسم خان جنرل سیکرٹری عابد بٹ سینئر رہنما الیاس یوسفزئی ودیگر بات چیت کر رہے ہیں

مطالبات سے کسی صورت میں دستبردار نہیں ہونگے، صاحب جان

ایمپلائز ایسوسی ایشن کے نڈر قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا، میر اسلم

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے کابینہ اور مجلس عاملہ کا مشترکہ ہنگامی اجلاس زیر صدارت سینئر نائب صدر صاحب جان کرد منعقد ہوا اجلاس میں فنانس سیکرٹری میر محمد اسلم جنگلزئی، اسپورٹس سیکرٹری محمد وفا لہڑی، چیئرمین حاجی عبدالستار مینگل، علی نواز جنگلزئی سمیت کابینہ اور مجلس عاملہ کے کثیر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ روز ایسوسی ایشن کے صدر اور گرینڈ الائنس کے مرکزی رہنما، شاہ علی بگٹی سمیت گرینڈ الائنس کے احتجاجی ریلی پر پولیس کی جانب سے تشدد پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے صوبائی حکومت کی جانب سے ملازمین کے مطالبات کو حل کرنے کے بجائے بوکھلاہٹ قرار دی اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ایسے غیر قانونی ہتھکنڈوں سے ملازمین اپنے مطالبات سے کسی صورت میں دستبردار نہیں ہونگے۔ گرینڈ الائنس کے فیصلے کے مطابق جیل بھرو تحریک ہو یا اس بابت مطالبات کی منظوری کے لئے کوئی اور فیصلہ ہو بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے نڈر قیادت نے اس میں ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا ہے اور گرینڈ الائنس کے فیصلے پر ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے جس کی واضح مثال صدر شاہ علی بگٹی کی گرفتاری ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ صدر شاہ علی بگٹی سمیت گرینڈ الائنس کے تمام قیادت کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور انکے مطالبات جس میں سرفہرست 30 فیصد ڈی آر اے ہے جو کہ صوبائی ملازمین کیلئے ریڈ لائن ہے کا نوٹیفکیشن جاری کر کے ان تمام پر قائم کردہ غیر قانونی مقدمات کو فوری طور پر واپس کیا جائے۔ اجلاس میں گرینڈ الائنس کے احتجاجی پروگرام کے تحت مطالبات کے منظوری تک تمام فیصلوں کے مطابق احتجاج جاری رکھنے فیصلہ کیا گیا علاوہ ازیں سیاسی جماعتوں، ملازم فیڈریشنز، وکلاء، تنظیموں سمیت شعبہ ہائے زندگی کے تمام مکاتب فکر کے شخصیات سے اپیل کیا گیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ملازمین کو انکے بنیادی اور آئینی حق کے حصول میں ان کا ساتھ دے تاکہ صوبائی حکومت اپنے اس ناروا سلوک کو ختم کرکے 30 فیصد ڈی آر اے کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔ دریں اثناء ال پاکستان یونیورسٹیز ایمپلائز فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں فیڈریشن کے مرکزی سینئر نائب صدر شاہ علی بگٹی کی گرفتاری کو صوبائی حکومت کی ملازم دشمنی قرار دیا اور بلوچستان گرینڈ الائنس کے مطالبات کو تسلیم کرکے شاہ علی بگٹی سمیت گرینڈ الائنس کے قائدین کیلئے فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا 15 سال سے بلاک شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد کا پندرہ سال سے بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ کے اندر کھلوا دیا گیا درخواست گزار محمد نے وفاقی محتسب کوئٹہ میں شکایت درج کرواتے ہوئے کہا کہ انہیں پچھلے پندرہ برس سے نادرا آفس والے خوار کر رہے ہیں۔ تمام ثبوت اور ریکارڈ پیش کرنے کے باوجود ان کی شنوائی نہیں ہو رہی۔ متعدد بار کمیٹیوں میں بھی پیش ہو چکے ہیں۔ لیکن مسئلہ حل نہیں ہو رہا۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا۔ اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ ان بلاک کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

نوجوانوں میں مایوسی جیسے چیلنجز سے نمٹنا اجتماعی ذمہ داری ہے، کفایت اللہ آغا

کوئٹہ (پ ر) دکھی انسانیت کی خدمت، منشیات کے خاتمے اور ایک پرامن، صحت مند اور باوقار معاشرے کا قیام ان کی تنظیم کا بنیادی مشن ہے۔ بلوچستان کو درپیش سماجی مسائل، بالخصوص منشیات کے بڑھتے رجحان، غربت اور نوجوانوں میں مایوسی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اور منظم کوششوں کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے منشیات کے عادی افراد کے علاج، بحالی اور سماجی انضمام کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ سوسائٹی کے تحت نہ صرف نشے کے عادی افراد کو طبی، نفسیاتی اور روحانی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں بلکہ ان کی کونسلنگ، اخلاقی تربیت اور ہنر مندی کے پروگرامز کے ذریعے انہیں دوبارہ کارآمد شہری بنانے کی کوشش بھی کی جاتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تنظیم کا مقصد صرف علاج تک محدود نہیں بلکہ منشیات سے بچاؤ کے لیے آگاہی مہمات بھی باقاعدگی سے چلائی جارہی ہیں



کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کے پہاڑوں کا خوبصورت منظر

ڈی آر اے کا اجرا کر کے گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے، چوہدری شبیر

سرکاری ملازمین کے حقوق کا تحفظ ضروریات کی فراہمی حکومت کا آئینی فریضہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر اور سابق اطلاعات فرید افغان نے کہا ہے کہ حکومت دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان کے ملازمین کو ڈی آر اے اور دیگر الائنس کا اجرا کر کے گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے کیونکہ سرکاری ملازمین کا حق اور عوام کے حقوق کا تحفظ اور بنیادی ضروریات کی فراہمی حکومت وقت کا آئینی فریضہ ہے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہی انہوں نے مزید کہا کہ جائز حقوق کے لیے پرامن احتجاج کرنے والے گرفتار سرکاری ملازمین کو فوری رہا کیا جائے مہنگائی کی چکی میں پسنے والے ایک سے 16 گریڈ کے ملازمین کار سرکار میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

بلوچستان میں نشہ آور اشیاء کے استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، اسد اللہ آغا

پڑھے لکھے، باصلاحیت کاروباری افراد، بزرگ شہریوں اور خواتین کی بڑی تعداد میں لپیٹ میں آ رہی ہے

منشیات اب صرف مخصوص طبقات تک محدود نہیں رہیں بلکہ سوسائٹی کے ہر طبقے میں سرایت کر چکی ہیں چیئرمین امید فاؤنڈیشن

کوئٹہ (پ ر) امید فاؤنڈیشن بلوچستان ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کے چیئرمین سید اسد اللہ آغا نے کہا ہے کہ صوبے میں نشہ آور اشیاء کے استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، جو نہ صرف نوجوانوں بلکہ پڑھے لکھے، باصلاحیت کاروباری افراد، بزرگ شہریوں اور خواتین کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے۔ یہ صورتحال لمحہ فکریہ ہے اور اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو یہ رجحان ہمارے معاشرے اور مستقبل دونوں کے لیے شدید تباہی کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات اب صرف مخصوص طبقات تک محدود نہیں رہیں بلکہ سوسائٹی کے ہر طبقے میں سرایت کر چکی ہیں، جو ایک خاموش بیماری کی صورت اختیار کر گئی ہے۔ تعلیم یافتہ اور ہنر مند افراد کا اس لعنت میں مبتلا ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ مسئلہ محض غربت یا جہالت تک محدود نہیں بلکہ سماجی غفلت اور اجتماعی بے حسی بھی اس کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ سید اسد اللہ آغا کا کہنا تھا کہ منشیات کا بڑھتا استعمال نہ صرف فرد کی جسمانی و ذہنی صحت کو متاثر کرتا ہے بلکہ خاندانی نظام، معاشی استحکام اور سماجی اقدار کو بھی کمزور کرتا ہے۔ نشے کا عادی فرد آہستہ آہستہ معاشرے کے لیے بوجھ بن جاتا ہے، جس کے اثرات نسلوں تک منتقل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے والدین، اساتذہ کرام، علماء کرام، سماجی کارکنوں، سیاسی و قبائلی عمائدین سے پرزور اپیل کی کہ وہ اپنی اپنی سطح پر منشیات کے خلاف آگاہی مہم چلائیں۔ گھروں، محلوں، دیہات، گلیوں، تحصیلوں اور اضلاع میں شعور بیدار کیا جائے تاکہ نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچایا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ صرف تقریروں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور مسلسل نگرانی سے ہی مثبت نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ چیئرمین امید فاؤنڈیشن نے حکومت بلوچستان سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، اسپورٹس گراؤنڈز اور کلبوں میں منشیات سے پاک ماحول یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اور مؤثر حکمت عملی اختیار کرے۔ تعلیمی اداروں میں کونسلنگ، اسپورٹس سرگرمیوں کے فروغ اور منشیات کے نقصانات پر باقاعدہ پروگرام ترتیب دیے جائیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد انور کاکڑ معاوضہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن محمد خان لہڑی، امر الدین آغا، عمران جنگلزئی، حاجی نور اللہ لہڑی ودیگر مقامی شاپنگ مال کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں



کچلاک، سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری ریئسانی، سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ملک مجید کاکڑ کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

شیخ زید ہسپتال کی انجیوگرافی مشین کی منتقلی قابل مذمت ہے، ملک نصیر شاہوانی

فارم 47 کے حکمران روز اول سے عوام دشمنی پر مبنی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں، سابق رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری و سابق رکن اسمبلی ملک نصیر شاہوانی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات و سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں شیخ زید ہسپتال میں موجود انجیوگرافی مشین کی منتقلی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمران روز اول سے عوام دشمنی پر مبنی پالیسیوں پر عمل پیرا ہے سریاب میاں غنڈی، مستونگ، قلات وگرد ونواح کے عوام کیلئے شیخ زید ہسپتال کسی نعمت سے کم نہیں مگر مقام افسوس ہے کہ شیخ زید ہسپتال میں مزید سہولیات کی فراہمی کی بجائے وہاں پر موجود مشینری جو طویل تگ ودو کے بعد منگوائی گئی تھی اب اس کو وہاں سے کسی اور جگہ منتقل کرنے کا اقدام تشویشناک ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ حکمران عوام دشمن پالیسیاں ترک کر کے شیخ زید ہسپتال کو مزید سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔

ملازمین کے پرامن احتجاج کے خلاف طاقت کا استعمال قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیپ

اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی تنظیمی، عوامی اور سیاسی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، ندا اسنگر سینئر سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلعی کمیٹی کا ماہانہ اجلاس سینئر معاون سیکرٹری ندا اسنگر کی زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، ضلع ایگزیکٹو اور ضلعی کمیٹی کے اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی تنظیمی، عوامی اور سیاسی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پارٹی کی گزشتہ کارکردگی پر رپورٹ پیش کی گئی جس پر اراکین نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے اہم تنظیمی اور عوامی فیصلے کیے۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پارٹی کو نچلی سطح تک مزید منظم کیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور اور مؤثر آواز بلند کی جائے گی۔ اجلاس میں صوبے کی موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی صورتحال پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر شدید تشویش اور غم وغصے کا اظہار کیا کہ گرینڈ الائنس کے ملازمین کے پرامن احتجاج کے خلاف طاقت کا استعمال کیا جا رہا ہے، انہیں گرفتار کیا جا رہا ہے اور بے جا طور پر تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اجلاس نے اس طرز عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے جمہوری اور آئینی حقوق کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ سرکاری ملازمین ریاستی ڈھانچے کا ایک اہم ستون ہوتے ہیں۔ وہ صوبے کے انتظامی نظام کو چلانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس کے باوجود انہیں اپنے جائز حقوق کے لیے سڑکوں پر آنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ صوبے کے موجودہ نازک حالات میں حکومت کو محاذ آرائی کے بجائے افہام وتفہیم، انصاف اور برابری کی پالیسی اپنانی چاہیے تاکہ معاشرے میں استحکام اور اعتماد کی فضا قائم ہو سکے۔ اس سلسلے میں تمام ملازمین کو فی الفور رہا کیا جائے اور ان کے مطالبات کو تسلیم کیا جائے۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے زمرک خان اچکزئی، سید ظفر آغا ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

انسانی خدمت اور لوگوں تک مثبت پیغام پہنچانا مشن ہے، کمانڈر فضل محمد نورزئی

نشے کے شکار افراد کو صرف علاج فراہم کرنا کافی نہیں بلکہ دوبارہ کارآمد شہری بنانا مشن ہے

کچلاک (پ ر) معاشرے کی اصلاح، انسانی خدمت اور لوگوں تک مثبت پیغام پہنچانا ہم سب کا مشترکہ مشن ہے، جس کی منزل ایک ہی ہے۔ نشے کے عادی افراد کا علاج ومعالجہ، انہیں منشیات سے دور رکھنے کی مؤثر مہم اور ان کی سماجی بحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ یہ بات رائٹ وے سینٹر ایف ایم فاؤنڈیشن کے سربراہ کمانڈر فضل محمد نورزئی نے عبدالخالق کاکڑ کے ہمراہ اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہی۔ کمانڈر فضل محمد نورزئی کا کہنا تھا کہ نشے کے شکار افراد کو صرف علاج فراہم کرنا کافی نہیں بلکہ انہیں دوبارہ کارآمد شہری بنانا، ہنر سکھانا اور باعزت روزگار کے مواقع دینا بھی ناگزیر ہے، تاکہ وہ ایک باوقار اور خوشحال زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دین اسلام کی تعلیمات، حب الوطنی اور پرامن طرز زندگی کی تربیت کے ذریعے ہی ایک مضبوط اور صحت مند معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ایک ایسی لعنت ہے جو فرد کے ساتھ ساتھ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتی ہے۔ اسی لیے ضروری ہے کہ سماجی ادارے، طبی ماہرین اور کمیونٹی مل کر منظم حکمت عملی کے تحت اس مسئلے کا حل تلاش کریں۔ ایف ایم فاؤنڈیشن اور اس سے منسلک ادارے اسی سوچ کے تحت عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پروفیشنل سوشل ورکر سجاد محمود راجپوت نے کہا کہ ہماری کونسلنگ اور موٹیویشن ٹیم نے ہمیشہ مریضوں اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا ہے۔ فالو اپ لیکچرز اور مستقل کونسلنگ کے ذریعے مریضوں کی ذہنی، نفسیاتی اور سماجی بحالی میں نمایاں کردار ادا کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مریض کے علاج میں خاندان کی شمولیت نہایت اہم ہے، جس سے بحالی کا عمل زیادہ مؤثر اور پائیدار ثابت ہوتا ہے۔ سجاد محمود راجپوت نے مزید کہا کہ مستقبل میں انسانی خدمات کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی

جاپانی قونصل جنرل ندیم عالم شاہ وفاقی سیکرٹری طاہر رضا نقوی کو جاپانی کیلنڈر پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ، جناح روڈ پر لوگ سڑک کنارے لگائے گئے اسٹال سے پرانے گرم ملبوسات خرید رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کے عہدیداروں کا الحاج کمال شاہ مرحوم کی اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر قاری عبداللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ابراہیم جامع مسجد کے خطیب مولانا محمد اللہ سید حاجی عبدالوہاب آغا نے کلی بارونی وکلی سید آباد پشین جا کر ممتاز سیاسی مذہبی سماجی شخصیت سید الحاج کمال شاہ مرحوم کی اہلیہ سید حافظ خلیل الرحمٰن شاہ سید حافظ عطاء الرحمٰن شاہ سید سعید الرحمٰن شاہ کی والدہ پر دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دیا اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل اجر عظیم دیا اور سوگوار خاندان سے تعزیت کی۔

الخدمت فاؤنڈیشن ہر مشکل میں عوام کے ساتھ کھڑی ہے، بشیر احمد ماندائی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر وامیر جماعت اسلامی ضلع نصیر آباد بشیر احمد ماندائی، پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو ودیگر ذمہ داران نے بارش کے باعث چھت گرنے سے متاثر ہونے والی سونگی برادری کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی اور متاثرہ خاندان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مالی امداد بھی فراہم کی۔ بشیر احمد ماندائی نے کہا کہ یہ بہت دردناک واقعہ ہے صبر کے علاوہ کچھ نہیں ہوسکتا ہم دعا گو اور ہر قسم کی مالی تعاون کیلئے تیار ہیں الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی دکھ ومشکل کے اس گھڑی میں پریشان حال خاندان کیساتھ ہیں۔ بارشوں کے باعث ڈیرہ مراد جمالی میں چھت گرنے سے ماں دو بیٹیوں سمیت جاں بحق ہوئی تھی اور باپ بیٹا زخمی ہوا تھا۔

ضرورت برائے ضلع وار فرنچائزر/کو-مارکیٹنگ

ایک معروف اور تجربہ کار فارماسیوٹیکل اور نیوٹراسیوٹیکل کمپنی جو گزشتہ 30 سال سے زائد عرصہ سے ملک بھر میں کامیابی کے ساتھ اپنی مصنوعات پروموٹ کر رہی ہے، کمپنی کو پاکستان کے تمام اضلاع میں ضلع وار فرنچائزر اور کو-مارکیٹنگ (Co-Marketing) کے لیے باصلاحیت، متحرک اور تجربہ کار فرنچائزر/افراد کی اشد ضرورت ہے۔ کمپنی کا فارماسیوٹیکل اور نیوٹراسیوٹیکل پورٹ فولیو اعلیٰ معیار پر مشتمل ہے، جس میں درج ذیل ادویاتی اور غذائی گروپس شامل ہیں:

1- قلبی وشریانی امراض کا گروپ
2- مرکزی اعصابی نظام (سی این ایس) کا گروپ
3- اینٹی بائیوٹک اور اینٹی پیراسائٹک ادویات کا گروپ
4- اینٹی الرجی ادویات کا گروپ
5- غذائی سپلیمنٹس اور ایناپولکس کا گروپ

اس کے ساتھ ساتھ کمپنی کی نیوٹراسیوٹیکل رینج میں اعلیٰ معیار کے وٹامنز، منرلز، انرجی سپلیمنٹس اور ہیلتھ کیئر مصنوعات شامل ہیں۔ وہ افراد یا ادارے جو فارما مارکیٹنگ کا تجربہ رکھتے ہوں، اپنی ایریا میں مضبوط نیٹ ورک اور سیلز ٹیم رکھتے ہوں، اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے فوری رابطہ کریں۔

Contact Number: 0301-1009801, 0301-1009803
Email: amirghafoor03@gmail.com

جان محمد خان جمالی کا شیخ عبدالرحمٰن مندوخیل کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (اے پی پی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے شیخ عبدالرحمٰن مندوخیل کے طویل علالت کے بعد انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی وفات اہل خانہ اور اہل علاقہ کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ میر جان محمد خان جمالی نے مرحوم کے صاحبزادوں منور مندوخیل اور علی مندوخیل، جبکہ مرحوم کے بھائیوں محمود الحسن، ضیاء الحسن اور سینیٹر سعید الحسن سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے معزز جج سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس جمال مندوخیل، ناصر مندوخیل، سینیٹر شیخ بلال خان مندوخیل، ڈاکٹر افضل مندوخیل اور رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل سے بھی اظہار ہمدردی کیا اور اس مشکل گھڑی میں ان کے غم میں برابر کے شریک ہونے کا یقین دلایا۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کی دینی وسماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

میر سکندر علی عمرانی کی حاجی علی مدد جتک کو وزیر بننے پر مبارکباد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صوبائی وزیر بورڈ آف ریونیو بلوچستان ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت میر سکندر علی خان عمرانی نے رکن بلوچستان اسمبلی میر علی مدد جتک کو صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان بننے پر مبارکباد دی ہے ایک بیان میں میر سکندر علی خان عمرانی نے کہا میر علی مدد جتک ایک بااصول سیاسی لیڈر ہیں انکا وزیر داخلہ بلوچستان بننا یقیناً صوبے میں امن بھائی چارے فروغ میں مدد ملے گی بلوچستان کے گھمبیر حالات میں میر علی مدد جتک کا وزارت داخلہ کا حلف اٹھانا صوبے کے غریب و مظلوم محکوم عوام کے لیے نیک شگون ہے۔

عبدالستار شاہ چشتی کی ہمدانی قبیلہ کے محمد قربان ہمدانی ایڈووکیٹ کو قبیلہ کا سربراہ منتخب ہونے پر مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کندکوٹ سندھ ہمدانی قبیلہ کے محمد قربان ہمدانی ایڈووکیٹ کو اپنے قبیلہ کے سربراہ منتخب ہونے قوم کے سربراہی کی دستار بندی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ قوم کی سربراہی اگر ایک جانب سے قوم کا اعتماد ہے تو دوسری جانب ایک بہت بڑی امتحان بھی ہے جمعیت نظریاتی کے مرکزی ترجمان نے ہمدانی قبیلہ کے سربراہ سے جمعہ کے روز گفتگو کرتے ہوئے انہیں اپنے سربراہی کے دستار بندی پر مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے ہمدانی کے نومنتخب سربراہ نے کہا کہ یقیناً یہ میرے نازک کندھوں پر بڑا بوجھ ہے اور اللہ پاک سے دعا ہے کہ روایتی سرداروں کی اللہ پاک ہمیں حقیقی معنوں میں قوم کے اسلامی اصولوں کے تحت صحیح معنوں میں خدمت اور قوم کیا اعتماد پر پوری اترنے کی توفیق عطا فرمائیں انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ ہم کے تمام اقوام قبیلوں کے بلاتفریق خدمت اپنے قبیلہ کیا پس کی تنازعات سمیت دیگر قبیلوں سے تنازعات کے خاتمے کا آغاز کرونگا انہوں نے کہا کہ میں اپ سمیت تمام دوستوں احباب سے اس اہم ذمہ داریوں کو اچھا احسن طریقے سے نبھانے کی دعاؤں واللہ پاک سے نصرت ومدد کا طلبگار رہوں کہ اللہ پاک ہمیں سرخرو کریں

بارکزئی ویلفیئر آرگنائزیشن دکھی انسانیت کی خدمت کر رہی ہے، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) بارکزئی ویلفیئر آرگنائزیشن نے دکھی انسانیت کی خدمت، بیماروں کی مدد اور ضرورت مند افراد کی فلاح کے لیے ہر جگہ اور ہر لمحہ بھرپور کردار ادا کیا ہے، جو کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار سماجی رہنماؤں ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ اور نادر شاہ تارن نے اپنے مشترکہ بیان میں کرتے ہوئے کہا کہ بارکزئی ویلفیئر آرگنائزیشن بلاتفریق انسانیت، خلوص اور خدمت کے جذبے کے تحت معاشرے کے کمزور طبقات کی عملی مدد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرگنائزیشن کی جانب سے بیماروں کے علاج ومعالجے میں معاونت، ضرورت مند مریضوں کے لیے خون کی فراہمی، ادویات اور میڈیسن کی تقسیم کے ساتھ ساتھ حسب ضرورت اشیائے خورد ونوش مستحق، غریب اور نادار خاندانوں تک باعزت انداز میں پہنچائی جاتی رہی ہیں۔ یہ تمام خدمات خالصتاً انسانی ہمدردی اور فلاح عامہ کے جذبے کے تحت انجام دی جا رہی ہیں، جن سے سینکڑوں خاندان مستفید ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ اور نادر شاہ تارن کا کہنا تھا کہ بارکزئی ویلفیئر آرگنائزیشن نے صرف فلاحی سرگرمیوں تک خود کو محدود نہیں رکھا بلکہ معاشرے اور وطن میں قبائلی رنجشوں اور تنازعات کے خاتمے کے لیے بھی ہمیشہ صف اول میں کھڑے ہو کر کردار ادا کیا ہے

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی ملاقات کر رہی ہیں

صدر منظور احمد، جی ایس شاہ حسین ترین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، کاشف حیدری

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کی وفد کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب آمد کابینہ سے ملاقات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری کی قیادت میں وفد نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے نومنتخب صدر منظور احمد، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، فنانس سیکرٹری عصمت سمالانی اور دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی اور انہیں ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی، اس موقع پر وفد میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مبارک علی ہزارہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما عیسیٰ خان چنگیزی، ملا مہدی ہزارہ اور دیگر بھی موجود تھے، ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کاشف حیدری نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، بلوچستان کے صحافی محدود وسائل اور دباؤ کے باوجود حقائق عوام تک پہنچانے کا فریضہ انجام دے رہے ہیں جو قابل تحسین ہے، انہوں نے کہا کہ تاجر برادری اور صحافی برادری کا مقصد ایک ہی ہے یعنی عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مثبت کردار ادا کرنا، کاشف حیدری نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب قیادت صحافیوں کے حقوق، مسائل کے حل اور ادارے کے وقار کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرے گی، وفد نے یقین دہانی کرائی کہ تاجر برادری ہر جائز معاملے میں صحافی برادری کے ساتھ کھڑی رہے گی جبکہ بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے عہدیداروں نے ملاقات پر وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے باہمی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

غلام نبی مری کی رہائش گاہ پر چھاپے کی مذمت کرتے ہیں، پشتونخوا نیپ

حکمران سیاسی رہنماؤں کے خلاف کارروائیوں کے بجائے اپنے فرائض پر توجہ دیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما غلام نبی مری کی رہائش گاہ پر غیر قانونی چھاپے اور چادر وچار دیواری کے تقدس کی پامالی کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپوں کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ غلام نبی مری ایک نظریاتی سیاسی کارکن ہیں جنہوں نے برسوں سے سیاسی جدوجہد کی ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ حکمران سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف کارروائیوں کے بجائے اپنے اصل فرائض پر توجہ دیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

پرامن معاشرے کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، اکبر شاہ تارن

سول سوسائٹی، میڈیا اور عوامی شمولیت سے ہی پائیدار تبدیلی ممکن ہے، سربراہ آغوش سینٹر

پشین (پ ر) سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان کے بلوچستان چیپٹر کے تحت انسانی فلاح وبہبود، سماجی برائیوں کے خاتمے اور پرامن معاشرے کے قیام کے لیے دن رات ہر ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار آغوش سینٹر کے سربراہ اکبر شاہ تارن نے مستونگ سے السیف ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کے صدر سیف اللہ بلوچ کے ہمراہ مختلف وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اکبر شاہ تارن نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش سماجی مسائل، بالخصوص منشیات، تشدد، جہالت اور منفی سرگرمیوں کے خلاف منظم اور مربوط جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسی مقصد کے تحت سول سوسائٹی نیٹ ورک بلوچستان چیپٹر کے اراکین ٹیم ورک کے جذبے کے ساتھ کام کر رہے ہیں تاکہ معاشرے میں امن، برداشت اور مثبت سوچ کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صرف حکومتی اقدامات کافی نہیں بلکہ سول سوسائٹی، میڈیا اور عوامی شمولیت سے ہی پائیدار تبدیلی ممکن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نیٹ ورک کے تحت فرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا کے مؤثر استعمال کے ذریعے عوام میں شعور بیدار کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف پروگرامز، سیمینارز، میٹنگز، ورکشاپس اور کانفرنسز کا انعقاد کیا جاتا ہے جن کا مقصد نوجوان نسل کو تعلیم، اسپورٹس اور علم کی طرف راغب کرنا اور انہیں منفی سرگرمیوں سے دور رکھنا ہے۔ اکبر شاہ تارن کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، ضرورت صرف درست رہنمائی اور مواقع فراہم کرنے کی ہے۔ تعلیم اور اسپورٹس کے فروغ سے نہ صرف نوجوانوں کی توانائی مثبت سمت میں استعمال ہو سکتی ہے بلکہ معاشرے میں جرائم اور سماجی برائیوں میں بھی نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سماجی تنظیمیں، تعلیمی ادارے اور مقامی کمیونٹیز مل کر ایک ایسا ماحول تشکیل دیں

درخواستیں مطلوب ہیں

نظامت تعلقات عامہ (DGPR) بلوچستان اور اس کے ذیلی دفاتر میں درج ذیل خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں اور درج ذیل آسامیاں محکمانہ سلیکشن کمیٹی کے ذریعہ پر کی جائیں گی۔

نمبر	نام اسامی	تعداد	تعلیم/تجربہ	کوٹہ
1	وڈیو فلم ایڈیٹر (BPS-14)	01	کسی بھی مستند یونیورسٹی سے بیچلرز ڈگری۔ کسی بھی مستند ادارے سے متعلقہ شعبے میں (3) سالہ تجربہ	ڈی جی پی آر (1) صوبائی میرٹ
2	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (BPS-12)	09	آئی سی ایس (ICS) انٹرمیڈیٹ کسی مستند بورڈ سے کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی میں ایک سالہ ڈپلومہ / ٹائپنگ اسپیڈ 60 الفاظ فی منٹ (اردو/انگریزی)	ڈی جی پی آر (4) صوبائی میرٹ، تربت ڈویژن (1)، ژوب ڈویژن (1)، موسیٰ خیل ڈسٹرکٹ (1)، لورالائی ڈویژن (1)، خاران ڈسٹرکٹ (1)
3	اسسٹنٹ کیمرہ مین (BPS-11)	04	کسی بھی مستند بورڈ سے انٹر میڈیٹ۔ دستاویزی فلموں کی تیاری کیلئے عمل میں لائے جانے والی تکنیکی مہارت میں کم از کم دو (2) سالہ انڈور اور آؤٹ ڈور تجربہ	ڈی جی پی آر (4) صوبائی میرٹ
4	جونیئر کلرک (BPS-11)	04	کسی بھی مستند بورڈ سے انٹر میڈیٹ۔ ٹائپنگ اسپیڈ 30 الفاظ فی منٹ انگریزی۔ کمپیوٹر/آئی ٹی سافٹ ویئر میں مہارت اور (اردو) ٹائپنگ کا تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی	ڈی جی پی آر (2) صوبائی میرٹ، لورالائی ڈویژن (1)، پشین ڈسٹرکٹ (1)
5	فوٹوگرافر (BPS-08)	07	کسی بھی مستند بورڈ سے میٹرک سرٹیفکیٹ۔ فوٹوگرافی میں پانچ سالہ تجربہ	ڈی جی پی آر (2) صوبائی میرٹ، خضدار (قلات ڈویژن) (1)، خاران ڈسٹرکٹ (1)، تربت ڈویژن (2)، موسیٰ خیل ڈسٹرکٹ (1)
6	فلم آپریٹر (BPS-08)	02	کسی بھی مستند بورڈ سے میٹرک سرٹیفکیٹ	ڈی جی پی آر (2) صوبائی میرٹ
7	ڈرائیور (BPS-04)	03	مڈل پاس ایچ ٹی وی / ایل ٹی وی لائسنس کا حامل۔ دو سالہ ڈرائیونگ کا تجربہ	ڈی جی پی آر (1)، نصیر آباد (1)، خضدار (1)
8	نائب قاصد (BPS-01)	04	پڑھا لکھا	ڈی جی پی آر (1)، موسیٰ خیل (1)، نصیر آباد (1)، چاغی ڈسٹرکٹ (1)
9	چوکیدار (BPS-1)	02	پڑھا لکھا	کوئٹہ (1)، نصیر آباد (1)

شرائط و ضوابط:۔ بلوچستان کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل، مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ ۲۔ اسامیوں کے لئے عمر کی حد 18 تا 28 سال ہے تاہم حکومت بلوچستان کی منظور شدہ رعایت کے مطابق عمر کی بالائی حد (43 سال) تک کے امیدوار درخواست جمع کرا سکیں گے۔ ۳۔ پہلے سے سرکاری ملازمین درخواست اپنے محکمے کے توسط (Through Proper Channel) جمع کرا سکتے ہیں۔ ۴۔ درخواست کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، لوکل ڈومیسائل کی کاپی، 2 عدد تصاویر اور تمام تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ کاپیاں جمع کرانا لازمی ہیں۔ ۵۔ تحریری امتحان کے دن اصل شناختی کارڈ لانا ضروری ہے۔ بصورت دیگر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ۶۔ مشتہر شدہ اسامیوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ ۷۔ تمام اسامیوں کے لیے درخواستیں ڈائریکٹر جنرل، محکمہ تعلقات عامہ، بلوچستان کے دفتر، ہدہ روڈ کوئٹہ میں جمع کی جائیں گی۔ ۸۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ۹۔ حکومتی مروجہ پالیسی کے تحت خواتین، معذور اور اقلیتی کوٹے پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ ۱۰۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 23-02-2026 ہے۔

ڈائریکٹر جنرل
محکمہ تعلقات عامہ
بلوچستان

PRQ.No.3588/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی بمقام حب

اشتہار بحکم احضار ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف)

مقدمہ نمبر 19/26 FIR نمبر 111/25 سرکار بنام مختیار عرف تلار وغیرہ

جرم زیر دفعہ (2) (2) (i) 11F, 11N, (2) 7, (i) (i) 7, (b) (i) 7 1ATA,11G,11W- پولیس تھانہ CTD خضدار ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش دائر ہوئی ہے کہ ملزمان مختیار عرف تلار، فدا عرف گمان ولد دلمراد، حسین بخش عرف سفر خان، ابراہیم عرف چاکر، مولا بخش عرف مولو، حاصل عرف سربان، رفیق عرف مسافر اقوام بلوچ ساکنان جھاؤ، عبدالخالق ولد جمعہ، میر اللہ ولد نور بخش، یار جان ولد گل محمد اقوام بلوچ ساکنان تحصیل مشکے، اختر ندیم عرف مہر گرام بلوچ، ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ (2) 7, (i) (i) 7, (b) (i) 7 1ATA,11G,11W- (2) (2) (i) 11F, 11N کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلقہ جاری کیا گیا ہے کہ ملزمان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ ملزمان فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے آپ کو روپوش کیا ہوا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی ملزمان مختیار عرف تلار، فدا عرف گمان ولد دلمراد، حسین بخش عرف سفر خان، ابراہیم عرف چاکر، مولا بخش عرف مولو، حاصل عرف سربان، رفیق عرف مسافر اقوام بلوچ ساکنان جھاؤ، عبدالخالق ولد جمعہ، میر اللہ ولد نور بخش، یار جان ولد گل محمد اقوام بلوچ ساکنان تحصیل مشکے، اختر ندیم عرف مہر گرام بلوچ، ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ مشکے کو لازم ہے کہ بتاریخ 14-02-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام حب میں اس عدالت میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی
کورٹ لسبیلہ بمقام حب

PRQ No 3585/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SECOND EXTENSION OF PRE-QUALIFICATION SUBMISSION DATE

With reference to the Pre-Qualification Notice issued by the Director General, Agriculture On Farm Water Management, Balochistan, Quetta, published in various newspapers vide PRQ No. 3170/09-01-2026, dated 10th January 2026, and the subsequent extension notice vide PRQ No. 3348/20-01-2026 dated 21st January 2026, under TSE Nos. 252601939963, 252601940993, 252601941103, 252601941203, and 252601941243, it is hereby informed that the pre-qualification submission date earlier fixed for 02-02-2026 has been further extended and re-scheduled to 04-02-2026. This extension is being granted to provide ample time to contractors for submission of online bids due to technical issues in the EPPS of BPPRA, as reported by the contractors.

All other terms and conditions, criteria, experience requirements, and time of submission shall remain unchanged.

Director General Agriculture
On Farm Water Management
Balochistan Quetta

PRQ No.3570/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نیلامی عام

محکمہ جنگلات وجنگلی حیات بلوچستان ضلع بارکھان کو ضبط شدہ جلاؤ لکڑی نیلامی کرنا مطلوب ہے اس ضمن میں لوکل ٹھیکیداران وعوام الناس سے بمورخہ 09 February 2026 کو بوقت 11 بجے دفتر مہتمم جنگلات بارکھان عام نیلامی کے تحت فی من بولی دینا مطلوب ہے۔ شرائط:۔ (1) جلاؤ لکڑی تقریباً 250 من جیسے ہے اور جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کی جائے گی (2) کامیاب بولی دہندہ اس کو شمار کیا جائے گا جو طے شدہ فی من قیمت جو کہ 950 روپے برائے بھلائی اپلیس مقرر کی گئی ہے سے بالا زیادہ سے زیادہ بولی دے گا (3) کامیاب بولی دہندہ کو کل مالیت کا پچاس فیصد موقع پر ادا کرنا ہوگا جب کہ باقی پچاس فیصد مذکورہ جلاؤ لکڑی کو اٹھانے کے وقت ادا کرنا ہوگا (4) بعد از بولی کامیاب بولی دہندہ مذکورہ لکڑی کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوگا (5) کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے بعد ایک ہفتے کے عرصہ میں لکڑی اٹھانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر محکمہ لکڑی کی حفاظت کا ذمہ دار نہ ہوگا (6) محکمہ ہذا کو اختیار ہے کہ بلاوجہ بتلائے نیلامی کو منسوخ کرسکتا ہے (7) باقی شرائط بوقت نیلامی موقع پر سنائی جائے گی (8) کامیاب بولی دہندہ حکومت کے تمام مروجہ محصولات ادا کرنے کا پابند ہوگا (9) لکڑی کی ترسیل کی تمام تر ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی (10) بولی دہندہ بولی کے وقت لکڑی کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

ڈویژنل فارسٹ
آفیسر بارکھان

PRQ No 3580/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے کردار ادا کر رہی ہے، میر جان محمد جمالی

تنظیم صوبے میں صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، آزادی صحافت کے فروغ میں موثر اور تاریخی کردار ادا کرتی آ رہی ہے

مضبوط اور باوقار صحافتی تنظیم جمہوریت کے استحکام اور عوامی شعور کی بیداری میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، سابق وزیراعلیٰ

انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس صوبے میں صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، آزادی صحافت اور پیشہ ورانہ اقدار کے فروغ میں ایک مؤثر اور تاریخی کردار ادا کرتی آ رہی ہے۔ میر جان محمد خان جمالی نے نو منتخب صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ سالاری اور مجلس عاملہ کے اراکین شہزادہ ذوالفقار، رضا الرحمٰن، سلیم شاہد، حاجی خلیل الرحمٰن، ارشد بٹ، مرتضیٰ زہری اور محمد عامر کو انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد دی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نو منتخب قیادت صحافتی برادری کو درپیش مسائل کے حل، صحافیوں کے معاشی اور پیشہ ورانہ حقوق کے تحفظ، اور صوبے میں ذمہ دارانہ اور ... تنظیم جمہوریت کے استحکام اور عوامی شعور کی بیداری میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ میر جان محمد خان جمالی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی صحافیوں اور ان کی نمائندہ تنظیموں کے مثبت کردار کی حمایت جاری رکھیں گے اور امید ہے کہ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی نئی قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترے گی۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

تربت میں چار روزہ قومی پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

ہیلتھ آفیسر اور ٹیچنگ ہسپتال کے اہلکاروں نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے

پولیس کی مکمل سیکورٹی میں پولیو ٹیموں کو مختلف علاقوں کی جانب روانہ کر دیا گیا

کالا کوٹ سے رحمان ڈکیت کا بیٹا گرفتار، غیر قانونی اسلحہ برآمد

کراچی (بیورو رپورٹ) کالا کوٹ سے رحمان ڈکیت کے بیٹے کو غیر قانونی اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی شناخت ... کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حبیب اللہ منگلوئی ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینکڑوں سرکاری نوکریوں کے خاتمے کا منصوبہ، برطانوی حکومت متحرک

لندن (م ڈ) برطانوی وزارت خزانہ نے سینکڑوں سرکاری نوکریوں کے خاتمے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے، جس کے تحت افسران کو رضاکارانہ طور پر ملازمت چھوڑنے پر ایک لاکھ پاؤنڈ تک کی پیشکش کی جا رہی ہے۔ فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق وزیر خزانہ ریچل ریوز 2030 تک اپنے محکمے کے تقریباً 2,100 ملازمین میں سے 300 کے قریب آسامیوں میں کمی چاہتی ہیں۔ یہ اقدام وائٹ ہال میں انتظامی اخراجات میں مجموعی طور پر 16 فیصد کمی کے وسیع حکومتی منصوبے کا حصہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر رضاکارانہ علیحدگی کے ذریعے مطلوبہ تعداد پوری نہ ہو سکی تو لندن، ڈارلنگٹن، نوریچ اور ایڈنبرا میں واقع دفاتر میں کچھ ملازمین کو لازمی طور پر فارغ بھی کیا جا سکتا ہے۔ برطانوی خزانے کے ایک ترجمان کے مطابق محکمہ اس وقت اپنی تاریخ کے سب سے بڑے حجم پر ہے، اور موجودہ انتظام کے دور میں ادارے کے سائز کو رضاکارانہ اخراج اسکیم کے ذریعے معمول کی سطح پر لانا درست فیصلہ ہے۔

کمبوڈیا کا سید یوسف رضا گیلانی کا شاندار اور پرتپاک استقبال

نوم پنھ کی اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کو پاکستان کے قومی پرچموں سے آراستہ کیا گیا

پوری قوم اپنے بہادر جوانوں پر فخر کرتی ہے، سیدال خان ناصر

دہشت گردوں نے مختلف مقامات پر حملے کیے، مگر سیکورٹی فورسز نے ان کے عزائم ناکام بنایا، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

ملک کے امن و سلامتی کے لیے ہماری افواج ہر لمحہ تیار ہیں اور پوری قوم ہمیشہ اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

فورسز کے جوانوں کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی جذبے کو سراہتے ہیں، انکی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، بیان

... پاک فوج اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیوں اور بہادری کی تعریف کی ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ دہشت گردوں نے صبح کے وقت بلوچستان کے 12 مختلف مقامات پر حملے کیے، مگر سیکیورٹی فورسز نے نہ صرف ان کے عزائم ناکام بنائے بلکہ دہشت گردوں کو سخت نقصان پہنچایا۔ انہوں نے اہلکاروں کی شہادتوں پر ... کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی محنت اور قربانی کی بدولت اب تک سو سے زائد دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں، جو دشمن کے ارادوں کو ناکام بنانے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کے امن اور سلامتی کے لیے ہماری افواج ہر لمحہ تیار ہیں اور قوم ہمیشہ اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے ... خان ناصر نے اس بات کا عزم دہرایا کہ پاکستان میں کسی بھی صورت امن، سلامتی اور استحکام پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ قائم مقام چیئرمین نے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قومی جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر فوجی جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

پولیو عوامی صحت کا مسئلہ قومی سطح پر مستقل توجہ اور عزم درکار، شازیہ مری

ویکسین لینے سے انکار کئی سال کی پیش رفت کو نقصان آئندہ نسلوں کیلئے خطرہ پیدا کرتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ پولیو اب بھی ایک سنگین عوامی صحت کا مسئلہ ہے اور اس کے لیے قومی سطح پر مستقل توجہ اور عزم درکار ہے۔ بچے کی پولیو ویکسین نہ پلانا مہم کو کمزور کرتا ہے اور بچوں کے لیے خطرہ بڑھاتا ہے، بچوں کو محفوظ رکھنے اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے مقررہ مدت میں ویکسینیشن ضروری ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ فرنٹ لائن پولیو ورکرز قوم کی خدمت کر رہے ہیں اور انہیں سہولت، تحفظ اور احترام فراہم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ غلط معلومات اور ویکسین لینے سے انکار کئی سال کی پیش رفت کو نقصان پہنچاتا ہے اور آئندہ نسلوں کے لیے خطرہ پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین اور سرپرستوں کی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کو مکمل ویکسین فراہم کریں، جہاں مہم میں خلا نظر آئیں وہاں جواب دہی لازمی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کیلئے صحت کے حکام، مقامی حکومتوں اور کمیونٹی کے درمیان مربوط کوششیں ضروری ہیں، منظم اور مستقل کوششوں کے ساتھ ایک پولیو فری پاکستان ممکن ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پولیو سے متاثرہ افراد وہ ہیروز ہیں جو مشکلات کے باوجود معاشرے میں اپنا لوہا منوا رہے ہیں۔

وزیراعظم سے ڈائریکٹر جنرل یونیسکو کی ملاقات

پاکستان میں ثقافتی ورثے کے 6 مقامات کے تحفظ بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر خالد الاینانی نے پیر کو یہاں ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی، وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اور تکریب بھی اور اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ ڈاکٹر الاینانی کو بطور ڈائریکٹر جنرل یونیسکو منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے، وزیراعظم نے جامع اور معیاری تعلیم کے فروغ، ثقافتی ورثے کے تحفظ اور عالمی چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے لائحہ عمل کو مضبوط بنانے کے حوالے سے یونیسکو کی بنیادی اقدار کی پاسداری کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے یونیسکو کے کلیدی کردار کو سراہتے ہوئے ڈاکٹر الاینانی کی قابل قیادت میں تنظیم کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کی پاکستان کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت پاکستان کی جانب سے کیے جانے والے مختلف اقدامات، بالخصوص ''ایجوکیشن ایمرجنسی'' جس کا مقصد اسکول جانے کی عمر کے بچوں کے داخلوں میں اضافے جیسے اقدام پر روشنی ڈالی۔ وزیراعظم نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے دور میں تعلیم کے شعبے میں حاصل کیے گئے تجربات، بہترین طریقوں اور کامیابیوں کا بھی ذکر کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے پاکستان میں ثقافتی ورثے کے 6 مقامات کے تحفظ اور اس امر میں یونیسکو کے تعاون پر بھی اطمینان کا اظہار کیا اور یونیسکو کو کھیوڑہ سالٹ مائنز جیسی مزید جگہوں کو ثقافتی ورثے میں شامل کرنے کی دعوت دی۔ ڈائریکٹر جنرل یونیسکو نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انہوں نے اپنے مختصر دورے میں مختلف اسکولوں اور ثقافتی مقامات کا دورہ کیا۔

کوئٹہ، شہری جوائنٹ روڈ مچھلی مارکیٹ سے تازہ مچھلی خرید رہے ہیں

سیف سٹی جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے اہم کردار ادا کر رہا ہے، ہارون جوئیہ

پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر اور "پکار 15" - ایمرجنسی ہیلپ لائن شامل ہیں، ڈی جی

ہوٹل آئی اور ٹریول آئی سافٹ ویئرز کی ورکنگ اور اہمیت و افادیت بارے اینٹی نارکوٹکس فورس کے سینئر افسران کو آگاہی فراہم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اینٹی نارکوٹکس فورس کے سینئر افسران کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ۔ وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید تکنیک کے حامل کیمروں کے کام کرنے کے طریقہ کار اور افادیت سمیت زیر استعمال سافٹ ویئرز کی مدد سے ملزمان و مجرمان کی گرفتاری کے طریقہ کار پر بھی مکمل آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی سیف سٹی / ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ اور ڈائریکٹر آئی ٹی نے اینٹی نارکوٹکس فورس افسران کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر اور "پکار 15" - ایمرجنسی ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سدباب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے بھی لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، مزید برآں وفاق میں جرائم کی شرح کم کرنے اور منشیات فروشی کے سدباب کے لئے سیف سٹی اسلام آباد اور اینٹی نارکوٹکس فورس کے باہمی تعاون کو زیر غور لایا گیا، دورے کے دوران ڈی جی سیف سٹی / ڈی آئی جی ٹریفک نے وفد کو ہوٹل آئی اور ٹریول آئی سافٹ ویئرز کی ورکنگ اور اہمیت و افادیت کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور ان سافٹ ویئرز کی مدد سے ملزمان و مجرمان کی گرفتاری کے طریقہ کار پر بھی روشنی ڈالی، وفد نے اسلام آباد پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا، آخر میں پولیس شیلڈ اور تحائف کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

شکرگڑھ ٹی ایچ کیو ہسپتال، مبینہ غلط انجکشن سے خاتون ہلاک

شکرگڑھ (م ڈ) شکرگڑھ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے خاتون جاں بحق ہوگئی۔ ورثا نے لاش رکھ کر ہسپتال عملہ کے خلاف احتجاج کیا۔ ڈاکٹرز نے بتایا کہ موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی، مزید حقائق پوسٹ مارٹم رپورٹ میں سامنے آئیں گے۔ موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی، مزید حقائق پوسٹ مارٹم رپورٹ میں سامنے آئیں گے۔

پولیو سے پاک پاکستان ہمارا قومی عزم اور مشترکہ ذمہ داری ہے، ہمایوں خان

پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، سیکرٹری جنرل پی پی

پولیو کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ آنے والی نسلوں کو معذوری سے محفوظ بنایا جا سکے، بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان ہمارا قومی عزم اور مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اپنے بیان میں ہمایوں خان نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس کا مکمل خاتمہ صرف اور صرف اجتماعی کاوشوں، والدین کے تعاون اور مسلسل ویکسینیشن مہم کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اور رضاکار قابل تحسین خدمات انجام دے رہے ہیں، جو ہر قسم کی مشکلات اور خطرات کے باوجود گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں قوم کو چاہیے کہ ان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو ہر مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ آنے والی نسلوں کو معذوری سے محفوظ بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ آئیں مل کر عہد کریں کہ پولیو کے خلاف اس جنگ میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتیں گے اور پاکستان کو جلد پولیو فری ملک بنائیں گے۔

خیبر پختونخوا، گرلز کالجز کے لیے نئے ایس او پیز جاری

کسی بھی پروگرام یا تقریب منعقد کرنے سے قبل اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگی

موسیقی، رقص، ماڈلنگ یا اس نوعیت کی کوئی بھی پرفارمنس مکمل طور پر ممنوع قرار

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے لڑکیوں کے کالجز کے لیے نئے اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز) جاری کر دیئے۔ خیبر پختونخوا ڈائریکٹوریٹ آف ہائر ایجوکیشن کی جانب سے جاری کردہ نئے ایس او پیز کے مطابق کسی بھی قسم کے پروگرام یا تقریب منعقد کرنے سے قبل ڈائریکٹر ہائر ایجوکیشن سے اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگی۔ موسیقی، رقص، ماڈلنگ یا اسی نوعیت کی کوئی بھی پرفارمنس مکمل طور پر ممنوع قرار دی گئی ہے۔ کالج کے اوقات اور تقریبات کے دوران موبائل فون کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی۔ طالبات کو کسی بھی تقریب میں شرکت کے دوران یونیفارم پہننا لازمی ہو گا، تقریبات کی ویڈیوز یا تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کی جا سکیں گی۔

رکن پنجاب اسمبلی نے عظمیٰ بخاری کو جھوٹی قرار دے دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) رکن پنجاب اسمبلی خالد نثار ڈوگر نے پنجاب اسمبلی میں اجلاس کے دوران صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کو جھوٹی قرار دے دیا۔ ایوان میں دیے گئے بیان میں انہوں نے کہا کہ ماں اور بیٹی کے کھلے مین ہول میں گرنے کی سچ خبر کو آ کر کہتی ہیں کہ خبر جھوٹی ہے، یہ عظمیٰ بخاری نہیں عظمیٰ جھوٹی ہیں، انہیں ایوان میں آ کر معافی مانگنی چاہیے۔ چیئرپرسن شوکت راجہ نے خالد ڈوگر کو مزید بات کرنے سے روک دیا اور کہا کہ وہ قابل احترام منسٹر ہیں میں آپ کے الفاظ حذف کرتا ہوں۔ پارلیمانی سیکرٹری خالد رانجھا نے ایوان میں گفتگو میں کہا کہ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے میڈیا پر آ کر نہ صرف لواحقین سے معافی مانگی بلکہ پوری قوم سے مانگی، یہ اخلاقی جرات کسی کسی میں ہوتی ہے، اس اخلاقی جرات کا مظاہرہ عظمیٰ بخاری نے کیا اس لیے ان کو تنقید کا نشانہ بنانا غلط ہے۔

اسلام آباد میں مبینہ پولیس مقابلہ: افغان گینگ کا ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی دارالحکومت میں مبینہ پولیس مقابلے میں افغانی ڈکیت گینگ کا ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق مبینہ پولیس مقابلہ تھانہ گولڑہ کی حدود میں ہوا جہاں ناکے پر چیکنگ کے دوران مشتبہ ملزمان کو روکنے کی کوشش کی گئی تو موٹر سائیکل پر سوار 3 مسلح ڈاکو فرار ہونے لگے۔ پولیس ٹیم نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزمان کا تعاقب کیا، جس پر ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس اہلکار حفاظتی اقدامات اور بلٹ پروف جیکٹس کی بدولت محفوظ رہے۔ فائرنگ کے دوران فرار کی کوشش میں ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو کر گر پڑا، جسے پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت گینگ کے سرغنہ عبدالاحد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق عبدالاحد افغان شہری ہے ...

لاہور، بچیوں سے اسکوٹیاں چھیننے والے گینگ کے ملزمان گرفتار

ملزم احسن رضا اور سخاوت کو چھینی ہوئی اسکوٹیوں سمیت گرفتار کیا، پولیس

لاہور (م ڈ) باٹا پور پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے راستے میں جاتی ہوئی بچیوں سے اسکوٹیاں چھین کر فرار ہونے والے گینگ کے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ باٹا پور اور مناواں پولیس کو شہریوں کی درخواستیں موصول ہونے پر مقدمہ نمبر 5083/25 مناواں میں اور 181/26 باٹا پور میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے تھے۔ ایس پی کینٹ اخلاق اللہ تارڑ کے مطابق چند روز قبل ملزمان باٹا پور اور مناواں سے راستے میں جاتی ہوئی بچیوں سے اسکوٹیاں و موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے تھے۔ ایس ایچ او باٹا پور نے بتایا کہ ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج میں بچی سے اسکوٹی چھینتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کی طرف سے ایس پی کینٹ کو ملزمان کی گرفتاری کے لیے اسپیشل ٹاسک دیا گیا تھا۔ ایس پی کینٹ اخلاق اللہ تارڑ کی ہدایت پر ملزمان کی گرفتاری کے لیے اسپیشل ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔ ایس پی اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ ایس ایچ او باٹا پور نے ...

ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے ہنگامی اقدامات ناگزیر، مصدق ملک

صاف پانی میں غلاظت پھینکی جاتی ہے، وہی سب پی رہے ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ صاف پانی میں غلاظت پھینکی جاتی ہے اور وہی پانی سب پی رہے ہیں۔ آبی ذخائر کے عالمی دن کے حوالے سے خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ ماحول کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے، ہمارے پاس ایک ایسا سیارہ ہے جس میں زندگی گزارنے کیلئے ہر چیز موجود ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ نباتات کی زندگی بھی ضروری ہے، جنگلی حیات انسانی زندگی کے لیے بہت اہم ہیں، ہم جو قدرت پر ظلم کر رہے ہیں اس پر قابو پانا ہوگا، صاف پانی میں بڑی مقدار میں فضلہ شامل ہو رہا ہے، صاف پانی میں غلاظت پھینکی جاتی ہے اور وہی پانی سب پی رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فضائی اور آبی آلودگی موجودہ دور کے بڑے مسائل ہیں، ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں، پرندے ہمیشہ صاف جگہ پر نقل مکانی کر کے آتے ہیں، اسلام آباد اور لاہور میں نئی آبادیاں بننے سے اکثر راستوں کا پتہ نہیں چلتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پانی ذخیرہ کرنے کیلئے چھوٹے ڈیمز بنانا وقت کی ضرورت ہے، ہم آئندہ دو سال میں ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے جا رہے ہیں، فضلہ کو ٹھکانے لگانے کا طریقہ کار بھی طے کریں گے۔ مصدق ملک نے کہا کہ کئی قدرتی جھیلوں کے کنارے تعفن پھیلا ہوتا ہے، جس سے بدبو آتی ہے، ہم اس کو ختم کریں گے۔

اسلام آباد، چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی محترمہ تنزیلہ صباحت کو سووینئر پیش کر رہے ہیں

کارکنوں کو محدود کرنے کی پالیسیوں سے سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگا، نیشنل پارٹی

آئین شہریوں کو اظہار رائے اور سیاسی و جمہوری جدوجہد کا بنیادی حق دیتا ہے، مرکزی سیکرٹری اطلاعات

غلام نبی مری کی رہائش گاہ پر چھاپے قابل مذمت، چادر و چار دیواری کا تقدس پامال نہ کیا جائے، علی احمد لانگو

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان علی احمد لانگو نے جاری بیان میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما غلام نبی مری کی رہائش گاہ کلی بزو سریاب پر چھاپے اور چادر و چار دیواری کی پامالی کی مذمت کرتے ہوئے اس منفی و غلط اقدام پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کے گھروں پر اس نوعیت کے اقدامات جمہوری اقدار، سیاسی روایات اور آئینی اصولوں کے منافی ہیں، جو کسی بھی جمہوری معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ علی احمد لانگو نے کہا کہ اختلاف رائے اور سیاسی سرگرمیاں جمہوری عمل کی خوبصورتی اور آئین و قانون کا حصہ ہیں، جنہیں طاقت یا دباؤ کے ذریعے محدود کرنا مسائل کا حل نہیں بلکہ اس سے سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مرکزی سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ آئین پاکستان شہریوں کو اظہار رائے اور سیاسی و جمہوری جدوجہد کا بنیادی حق دیتا ہے، اور اس حق پر کسی بھی قسم کی قدغن لگانا ماورائے قانون اقدام کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں، ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جائے اور آئندہ سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کے خلاف منفی اور غلط اقدامات سے گریز کیا جائے۔

فورسز نے دہشتگردوں کا مقابلہ کر کے شہریوں کو تحفظ فراہم کیا، حافظ ادریس

کوئٹہ کے عوام بہادر اور غیرت مند ہیں، وہ ان دہشت گردوں سے گھبرانے والے نہیں، صدر مرکزی مسلم لیگ

دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ کوئٹہ ڈویژن کے صدر حافظ ادریس نے کوئٹہ میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، مگر وہ اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فورسز نے بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا، جو قابل فخر ہے۔ حافظ ادریس نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام بہادر اور غیرت مند ہیں، وہ ان دہشت گردوں سے گھبرانے والے نہیں۔ بلوچ عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کو شکست دیں گے اور بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

قلعہ سیف اللہ، پشتونخوا میپ کے ضلعی صدر دارا خان جوگیزئی، کبیر افغان، وڑانگہ لونی، سردار حیات خان میرزئی، نظام عسکر و دیگر مقررین پارٹی رہنما و پروفیسر ابراہیم عرف ارمان لونی شہید کی ساتویں برسی کے جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں ویکسین کی مقامی سطح پر تیاری میں پیشرفت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں ویکسین کی مقامی سطح پر تیاری میں پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ترجمان وزارت صحت کا کہنا ہے کہ ویکسین تیاری پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی سعودی ہم منصب سے 3 ملاقاتیں ہوئیں، جن میں ویکسین کی مقامی سطح پر تیاری، سرمایہ کاری اور تکنیکی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صحت کے مطابق دونوں ممالک کے وزرا کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ویکسین مینوفیکچرنگ، فارماسیوٹیکل انڈسٹری اور صنعتی اشتراک پر پیشرفت ہوئی۔ وزارت صحت کے ترجمان کا بتانا ہے کہ سعودی عرب کا 11 رکنی اعلیٰ سطح کا وفد آج پاکستان پہنچ رہا ہے، سعودی ہم منصب سے ملاقات میں دونوں طرف سے فوکل پرسنز مقرر ہوئے۔

پنجاب میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سی ٹی ڈی فعال کرنے کا فیصلہ

صوبائی کابینہ نے فوری طور پر 1 ارب 50 کروڑ روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دیدی

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب میں دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر سی ٹی ڈی کو مزید فعال کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ صوبائی کابینہ نے فوری طور پر 1 ارب 50 کروڑ روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دیدی، درخواست میں کہا گیا کہ اینٹی ڈرون یونٹس اور جدید آلات کیلئے سپیشل ڈیمانڈ 1 ارب 4 کروڑ 9 لاکھ 67 ہزار روپے درکار ہیں، ایک ہائی بینڈ سافٹ ویئر اپ گریڈیشن کیلئے 9 کروڑ 49 لاکھ روپیہ اکیلئے، چوتھی شیڈولرز کی جی پی ایس اور سیلولر مانیٹرنگ پر 35 کروڑ روپے خرچ کی تجویز تھی۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول اور نگرانی کی گاڑیوں کے لیے 20 کروڑ 84 لاکھ روپے کی ضرورت ہے جبکہ جدید اسالٹ وہیکلز اور ایکسریز کے لیے 45 کروڑ 99 لاکھ روپے کی ڈیمانڈ ہے۔ سی ٹی ڈی پنجاب نے ہنگامی ضروریات کیلئے 3 ارب 7 کروڑ 25 لاکھ روپے کی اضافی فنڈز کی درخواست کی تھی، پولیس حکام کے مطابق سی ٹی ڈی کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائیگا تاکہ دہشت گردوں کیخلاف موثر کارروائیاں جاری رکھی جا سکیں۔

ایف بی آر اور پی ایس کیو سی اے کی جعلی ٹیموں کے دکانوں پر چھاپوں کا انکشاف

کراچی (م ڈ) ایف بی آر اور پاکستان سٹینڈرڈز کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے جعلی افسران اور پولیس حکام پر مشتمل جعلی مشترکہ ٹیموں کی جانب سے کاروباری مراکز میں جعلی چھاپے مارنے اور تاجروں کو ہراساں کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق کراچی کے معروف کاروباری مرکز جوڑیا بازار میں متاثرہ دکان داروں نے چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو خط لکھ کر معاملے کی انکوائری کی درخواست کر دی ہے۔ خط کے مطابق کراچی کے جوڑیا بازار کے سہیل قادری نامی متاثرہ تاجر کی جانب سے چیئرمین ایف بی آر کو لیٹر لکھا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایک دہائی سے زائد عرصے سے جوڑیا بازار میں تجارت کر رہے ہیں، 31 جنوری کو شام 4 بجے کے قریب دس سے بارہ لوگوں نے ان کی دکان پر چھاپہ مارتے ہوئے دکان میں موجود مصنوعات کو پھینکنا اور نقصان پہنچانا شروع کر دیا

بھکر، سی سی ڈی پولیس پر حملہ، پولیس اہلکار زخمی، کم سن بچی جاں بحق

بھکر (م ڈ) بھکر میں سی سی ڈی پولیس پر مسلح حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں تین پولیس اہلکار زخمی اور کم سن بچی جاں بحق ہوئی۔ اطلاعات کے مطابق کمسن بچی کے قتل میں مطلوب اشتہاری ملزم کی گرفتاری کیلئے جانے والی سی سی ڈی پولیس ٹیم پر مسلح ملزمان نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں تین پولیس افسران شدید زخمی ہو گئے، فائرنگ کی زد میں آ کر کم سن بچی مہک زہرا جاں بحق ہو گئی۔ ترجمان سی سی ڈی بھکر کے مطابق سی سی ڈی پولیس نے مخبر کی اطلاع پر اشتہاری ملزم افتخار پٹھان اور اس کے ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے ایک گھر پر چھاپہ مارا جہاں ملزمان نے پناہ لے رکھی تھی۔ چھاپے کے دوران ملزمان نے شدید مزاحمت کی اور فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں انسپکٹر عبدالستار گھچی (انچارج سی سی ڈی صدر سرکل)، ایس ایچ او سی سی ڈی بھکر انسپکٹر عثمان سلطان اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر مختیار حسین شدید زخمی ہو گئے

صوفیائے کرام نے ہمیشہ امن محبت و بھائی چارے کا پیغام دیا، اہلسنت و جماعت

جس معاشرے میں اللہ والے زندہ ہوں، وہاں نفرت اور دشمنی زندہ نہیں رہ سکتی، ذوالفقار طارق

ملک میں امن قائم کرنا ہے تو صوفیا کرام کی تعلیمات کو عام کرنا ہوگا، آستانہ فیضان اولیاء میں خطاب

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس آشوب زدہ دور میں جہاں ہر طرف انسان پریشانی، بیماریوں اور بے سکونی میں مبتلا نظر آتا ہے، وہاں ایک حقیقت نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ دلوں کی اصلاح اور امن کی بنیاد صرف دین اسلام کی تعلیمات سے ہی ممکن ہے۔ خانقاہیں اور صوفیائے کرام کی تعلیمات کبھی صرف عبادت گاہیں نہیں تھیں، بلکہ وہ دلوں کی درسگاہیں، روحوں کی رہنمائی، اور معاشرے میں محبت و بھائی چارے کی بنیاد تھیں۔ اولیاء کرام نے تلوار کے ساتھ ساتھ اور اپنے کردار، صبر اور اللہ کی محبت سے دل فتح کیے۔ انہوں نے ہمیں سکھایا کہ اسلام صرف رسم و رواج کا نام نہیں، بلکہ دل کی صفائی، نفس کی تربیت اور مخلوق سے محبت کا راستہ ہے۔ آج انسان ہر سہولت کے باوجود بے چین ہے۔ دلوں میں خوف، نفرت، حسد اور بے سکونی عام ہے۔ جسمانی بیماریوں کے ساتھ ساتھ روحانی بیماریاں بھی بڑھ رہی ہیں، اور ان کی بنیادی وجہ ہے دین سے دوری، روحانیت سے بے رغبتی اور اللہ سے ٹوٹا ہوا تعلق۔ صوفیائے کرام ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ حقیقی سکون تبھی ملتا ہے جب ہم دل کو صاف کریں، نیت کو درست رکھیں، اللہ پر بھروسہ کریں اور انسان سے محبت کریں۔ معاشرے میں امن اور بھائی چارہ تبھی قائم ہو سکتا ہے جب ہم خانقاہی فکر اور صوفیانہ مزاج کو زندہ رکھیں اور اولیاء کی تعلیمات کو عملی طور پر اپنائیں۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم مسجد کے ساتھ دل کی مسجد بھی آباد کریں، اور شریعت کے ساتھ طریقت کو بھی زندہ رکھیں۔ کیونکہ جس معاشرے میں اللہ والے زندہ ہوں، وہاں نفرت اور دشمنی زندہ نہیں رہ سکتی۔ یہی پیغام ہے خانقاہوں کا: محبت، صبر، خدمت، اور اللہ کی یاد میں زندگی بسر کرنا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 3 فروری 2026ء

معاشی بحالی واستحکام کا سفر، وزیراعظم اور وزیر خزانہ کا عزم

وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے گزشتہ روز وفود سے بات چیت کرتے ہوئے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے مزید دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے اور اب تک کی پیشرفت کو اطمینان بخش قرار دیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے ساتھ عالمی بینک گروپ کی طویل المدتی شراکت داری اور ترقیاتی ترجیحات کے فروغ کے عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پائیدار اقتصادی استحکام کے حصول کیلئے جامع، کثیرالجہتی اصلاحاتی پروگرام پر تندہی سے عمل پیرا ہے ایک طرف عالمی بینک گروپ کے صدر اجے بنگا کے ساتھ وزیراعظم کی ملاقات پاکستان کی عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ اعتماد پر مبنی شراکت داری کو اجاگر کرتی ہے، تو دوسری جانب وزیر خزانہ کی مقامی وغیر ملکی سرمایہ کاروں سے مسلسل روابط اس بات کی علامت ہیں کہ حکومت سرمایہ کاری دوست ماحول کے قیام میں سنجیدہ اور پرعزم ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی عالمی بینک گروپ کے صدر اجے بنگا سے ملاقات محض ایک سفارتی یا رسمی ملاقات نہیں تھی بلکہ یہ پاکستان کے معاشی مستقبل سے جڑی ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعظم نے نہایت واضح انداز میں اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پائیدار اقتصادی استحکام کے حصول کے لیے ایک جامع، کثیرالجہتی اور ملکی ضروریات سے ہم آہنگ اصلاحاتی پروگرام پر تندہی سے عمل کر رہی ہے۔ موجودہ حکومت وقتی یا سطحی اقدامات پر انحصار کرنے کے بجائے ساختی اصلاحات کو ترجیح دے رہی ہے، جو کسی بھی معیشت کو دیرپا بنیادوں پر مستحکم کرنے کے لیے ناگزیر ہوتی ہیں۔ وزیراعظم کی جانب سے عالمی بینک کے ساتھ دس سالہ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) کو سراہنا بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ فریم ورک اس بات کی ضمانت ہے کہ پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کو عالمی معیار کے مطابق، طویل المدتی منصوبہ بندی کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ مضبوط انفراسٹرکچر، زرعی کاروبار، ڈیجیٹل ترقی، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، انسانی وسائل کی ترقی، مالیاتی نظم وضبط، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور نجی سرمایہ کاری میں اضافہ یہ تمام وہ شعبے ہیں جنہیں وزیراعظم نے خصوصی طور پر اجاگر کیا، اور یہی وہ ستون ہیں جن پر کسی بھی ابھرتی ہوئی معیشت کی عمارت استوار ہوتی ہے۔ یہ امر قابل ستائش ہے کہ وزیراعظم نے صرف اہداف کا ذکر نہیں کیا بلکہ ان اہداف کے حصول کے لیے تیز رفتار عملدرآمد اور موثر نگرانی پر بھی زور دیا۔ ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ سست روی، غیر ضروری تاخیر اور کمزور نگرانی رہی ہے۔ موجودہ حکومت اس تلخ حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے اور اسی لیے وزیراعظم کا یہ وژن کہ عملدرآمد کی رکاوٹوں کو دور کیا جائے، ایک مثبت اور عملی سوچ کا عکاس ہے۔ یہی وہ طرز حکمرانی ہے جو سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کرتی ہے اور ترقیاتی شراکت داروں کو مزید قریب لاتی ہے۔ اسی تسلسل میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا کردار بھی نہایت اہم ہے۔ وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد سے ملاقات کے دوران ان کا یہ اعادہ کہ حکومت معاشی استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط بنانے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، دراصل حکومت کی مجموعی اقتصادی حکمت عملی کا خلاصہ ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری، افراط زر پر قابو پانے کی کوششیں، مالیاتی نظم وضبط اور اصلاحات — یہ سب ایسے اقدامات ہیں جن کے مثبت اثرات اب بتدریج سامنے آ رہے ہیں۔ وزیر خزانہ کا یہ کہنا کہ زرمبادلہ کی دستیابی میں بہتری مجموعی معاشی نظم وضبط اور اصلاحات کا براہ راست نتیجہ ہے، ایک اہم حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ معیشت کوئی جادوئی عمل نہیں بلکہ درست پالیسیوں، مشکل فیصلوں اور مستقل مزاجی کا تقاضا کرتی ہے۔ موجودہ حکومت نے سیاسی دباؤ کے باوجود اصلاحات کا راستہ اپنایا، جس کے نتیجے میں آج کاروباری لین دین، منافع کی بیرون ملک منتقلی اور سرحد پار ادائیگیوں جیسے معاملات میں بتدریج سہولت پیدا ہو رہی ہے۔ یہی سہولتیں سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بنیاد بنتی ہیں۔ وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے آئندہ دو سے تین برسوں میں 100 ملین امریکی ڈالر تک ممکنہ سرمایہ کاری کا عندیہ دیا گیا ہے جو اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ حکومت کی پالیسیوں پر نہ صرف بات ہو رہی ہے بلکہ ان پر اعتماد بھی کیا جا رہا ہے۔ کسی بھی ملک میں سرمایہ کاری کے فیصلے محض بیانات پر نہیں بلکہ زمینی حقائق، پالیسیوں کے تسلسل اور پیش گوئی کے قابل معاشی ماحول کو دیکھ کر کیے جاتے ہیں وزیر خزانہ کا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈلز اور اسٹرکچرڈ فنانس پر زور دینا بھی نہایت بروقت اور دانشمندانہ ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے لیے یہ ماڈلز اس لیے اہم ہوتے ہیں کہ محدود سرکاری وسائل کو نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کے ساتھ ملا کر بڑے پیمانے کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبے مکمل کیے جا سکیں۔ صوبائی سطح پر کامیاب تجربات اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر درست منصوبہ بندی اور شفافیت کے ساتھ کام کیا جائے تو یہ ماڈلز نہایت مؤثر ثابت ہو سکتے ہیں۔ بینکاری شعبے کے ساتھ مضبوط اشتراک اور اسٹرکچرڈ فنانس کا فروغ معیشت میں سرمایہ کے بہاؤ کو منظم اور مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو وزیراعظم اور وزیر خزانہ کے بیانات اور اقدامات ایک ہی سمت کی نشاندہی کرتے ہیں: یعنی معاشی بحالی، استحکام اور پائیدار ترقی۔ حکومت نے واضح کر دیا ہے کہ وہ قلیل المدتی مقبولیت کے بجائے طویل المدتی قومی مفاد کو ترجیح دے رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اصلاحات کا عمل جاری ہے، چاہے وہ مشکل کیوں نہ ہوں۔ مضبوط معیشت ہی مضبوط ریاست کی ضمانت ہوتی ہے، اور موجودہ حکومت اس حقیقت کو پوری سنجیدگی سے سمجھتی ہے۔ یہ بھی خوش آئند امر ہے کہ حکومت کی توجہ صرف بڑے عالمی مالیاتی اداروں تک محدود نہیں بلکہ مقامی سرمایہ کاروں کو بھی غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ میں ایک اہم شراکت دار کے طور پر دیکھا جا رہا ہے ہماری معیشت اگرچہ ابھی مکمل طور پر منزل پر نہیں پہنچی، مگر درست سمت میں گامزن ضرور ہے۔ عالمی بینک جیسے معتبر اداروں کا اعتماد، سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی، بہتر ہوتے ہوئے معاشی اشاریے اور حکومت کا واضح اصلاحاتی ایجنڈا اس امید کو تقویت دیتا ہے کہ آنے والے دنوں میں معاشی استحکام مزید مضبوط ہوگا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت اور وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی فعال معاشی حکمت عملی کے تحت حکومت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ معیشت کی بحالی، استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے سنجیدہ، باصلاحیت اور پرعزم ہے۔ حکومت کے یہ اقدامات نہ صرف موجودہ چیلنجز سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہوں گے بلکہ ایک مضبوط، خود اعتماد اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد بھی رکھیں گے بلاشبہ موجودہ حکومت مسائل ومشکلات کے باوجود بہتر انداز میں آگے بڑھ رہی ہے۔

شمسی توانائی سے حاصل کردہ بجلی اور نیٹ میٹرنگ

برملا — نصرت جاوید

کروڑوں کا کمرشل ٹائم اور اربوں کی سرمایہ کاری

عزم نو — محمد صہیب

جنریشن زی اور کچھ مغالطے

شہریاراں

پاکستان نیوی کے ساتھ چند دن!!

زیب داستان — ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

بیانات سے زیادہ اعداد بولتے ہیں

دسترس — میاں عمران احمد

کالم اور ادب

خورشید ندیم

اخبار کا کالم کیا اصناف ادب میں شمار کیا جا سکتا ہے؟ ایک دور میں 'ادبی کالم' کو کالموں کے خاندان کا ایک فرد سمجھا جاتا تھا مگر جدا تشخص کے ساتھ۔ اس بیان میں یہ بات مضمر ہے کہ کچھ کالم غیر ادبی بھی ہوتے ہیں۔ اس کی شرح یہ ہے کہ ادبی صفحات اخبار کا ایک مستقل مگر الگ حصہ تھے۔ جو کالم ادبی معاملات کو موضوع بناتے تھے انہیں 'ادبی کالم' کہا جاتا تھا۔

ادب اسلوب کا نام ہے۔ ایک تحریر اسی وقت ادب قرار پاتی ہے جب انداز تحریر گواہی دے۔ خبر بھی

کہیں بھول نہ جائیں

خیالات

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔۔ اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

بورنگ مرمت

خراب بورنگ کی مرمت اور پانی کمرے سے چیک کیا جاتا ہے ہر طرح کی بورنگ کی صفائی میر سے کرائیں۔ رابطہ نمبر 03469187798

62698

اطلاع عام

کمرشل کا ٹارقبہ 3050 فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت (اتارنی) حیات اللہ ولد میر جلات کے نام پر ہے ٹرانسفر احسان اللہ ولد حیات اللہ کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 15 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

62720

تلاش گمشدہ

میرا ڈی ایچ اے کا سروس کارڈ شناختی کارڈ نمبر 5620241190765 بنام محمد جاوید ولد امان اللہ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03369811441 پر مطلع کریں۔

نمائندہ خانوزئی

امن وامان کی مخدوش صورتحال کے باعث سبی میلہ منسوخ کیا جائے، آل پارٹیز

موجودہ حالات میں عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیئے، میلہ ناخوشگوار واقع کا باعث بن سکتا ہے

سبی میلہ اپنی اصل روح کھو چکا ہے اور اب یہ میلہ عوامی فلاح کے بجائے کرپشن میلہ بن چکا ہے، میر اسلم گشکوری

میلے میں مالی بے ضابطگیاں، اقربا پروری، سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال معمول بن چکا ہے، احمد خان لونی

سبی (نمائندہ مشرق) آل پارٹی سبی کے رہنما میر اسلم گشکوری، احمد خان لونی، ملک سلطان دہپال، ...

بیلا، تین روز سے انٹرنیٹ سروسز معطل، بینک، تجارتی مراکز متاثر

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو بھی خبروں کی ترسیل میں دشواریوں کا سامنا

ایس ایس پی نصیر آباد کا مختلف پولیس تھانوں کا دورہ

ڈیرہ بگٹی کے عوام کے لیے ایک تاریخی پیش رفت سامنے آئی ہے

نیشنل بینک ڈیرہ بگٹی برانچ میں اے ٹی ایم مشین نے کام شروع کر دیا

سبی: آل پارٹی کے رہنما اسلم گشکوری احمد خان لونی ملک سلطان دہپال سلیم مرغزانی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پریس کلب مانجھی پور کی کابینہ تشکیل دلمراد صدر رحمت اللہ جنرل سیکرٹری منتخب

مانجھی پور (آن لائن) تحصیل پریس کلب مانجھی پور کی نئے سال کی کابینہ تشکیل دلمراد کھوسہ صدر رحمت اللہ کھوکر جنرل سیکرٹری منتخب تفصیلات کے مطابق تحصیل پریس کلب مانجھی پور کا اہم اجلاس چیرمین رحمت اللہ کھوکر کی صدارت میں منعقد ہوا اور سال برائے 2025 کی کابینہ کو تحلیل کیا گیا اور سال برائے 2026 کی کابینہ کے لیے باہمی مشاورت سے صدر دلمراد کھوسہ سینئر نائب صدر اللہ ورایا انجم کلاڑ جنرل سیکرٹری رحمت اللہ کھوکر ...

اوچل میں پانی کا شدید بحران، پی ایچ ای کی ناقص اقدامات پر احتجاج

کنٹریکٹ آسامیوں میں بے ضابطگیاں ہوئی ہیں، بختیار احمد عمرانی

کوئٹہ ژوب ریلوے لائن کی منظوری محمود اچکزئی وعدہ پورا کریں

1970 کی دھائی میں گاڑی نیرو گیج ٹریک پر چلتی تھی، تجارتی سامان اور علاقے کے لوگوں کے لئے سستی اور محفوظ سواری کا ذریعہ تھی

سابقہ حکومت نے ٹریک کی منظوری کا وعدہ پورا نہیں کیا بلکہ چھوٹا ٹریک بھی نیلام کر دیا، ریلوے ٹریک اور اراضی پر کے قبضے ہو رہے ہیں

خانوزئی (نامہ نگار) کوئٹہ سے خیبر پختونخوا براستہ ژوب ریلوے ٹریک کی منظوری دی جائے اہلیان پشین کوئٹہ ژوب اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اپنا وعدہ پورا کریں ...

دہشتگردی کے خوف سے سبی میلہ منسوخ نہیں کیا جاسکتا، فرید رئیسانی

میلہ بلوچستان کی تہذیب، ثقافت، عوامی یکجہتی کی علامت ہے، قبائلی سیاسی شخصیت

مالدار طبقے کو مناسب جگہ، سیکیورٹی اور سہولیات دینا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے

خانوزئی بازار کے مسائل حل طلب، صفائی کا فقدان

بازار میں واٹر فلٹر پلانٹ نہیں سڑکوں کی حالت قابل افسوس ہے

گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول خانوزئی کو ہائی کا درجہ دینے کا مطالبہ

سبی: چیمبر میں سبی بچاؤ تحریک سردار ولی محمد مرغزانی پشتونخوا عوامی پارٹی کے سردار ... پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سبی میلہ صدیوں پرانی تاریخی و ثقافتی روایت اور پہچان ہے، سبی بچاؤ تحریک

سبی میلہ پورے ملک میں اپنی تاریخی حیثیت رکھتا ہے، سردار ولی محمد خان مرغزانی

... معیشت کے فروغ، سیاحت کے امکانات اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ سیکیورٹی، صفائی، رہائش اور دیگر بنیادی سہولیات کیساتھ ساتھ مالداروں کو تمام تر سہولیات اور مالداروں کے وظائف میں بھی اضافے کو یقینی بنایا جائے

... قبائلین اور عوام شرکت کرتے ہیں۔ یہ میلہ علاقائی ثقافت، روایات، زراعت اور لائیو اسٹاک کے فروغ کا ایک اہم ذریعہ ہے، جسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے اس موقع پر وڈیرہ ورمحمد صافی، محمد خان حرزی، غلام حسین ابڑو، نذیر احمد مرغزانی، شیر دل خان مرغزانی، سید شاہ زیب شاہ، ڈاکٹر جلال خان تنگ، ماسٹر محمد بخش چانڈیو، و دیگر سیاسی ورکرز و

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252601962774 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as **CONSULTANCY SERVICES FOR DETAILED DESIGN AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR RAISING OF AKRA KAUR DAM, DISTRICT GWADAR** **Bid Security 3%** Detail as under:

S.No.	Description	E/Cost
1	CONSULTANCY SERVICES FOR DETAILED DESIGN AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR RAISING OF AKRA KAUR DAM, DISTRICT GWADAR	15,562,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 15,000,000 PKR Amount in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration PEC Valid Certifications along with the relevant code 1205 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 18 February, 2026 till 12:00 PM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: EPPS Online
Phone no: 0819201074 Fax no: 0819202157 Email: faridpandarani@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION GWADAR

PRQ No.3564/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Director General Health Services Invites Bids from Eligible Bidders for Supply of Following Items Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB**

S #	TSE #	Class of Object	Tender Fee	Bid Security	Last Date of Bid Submission & Time	Tender Opening Time
1	TSE-252601948181	Medical Equipment and Accessories Total Items Count: (15)	Not Required	2%	20 February 2026 till 10:45 AM	11:45 PM on EPPS System
	i) 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 50,000,000 in Previous 3 Years. ii) Turnover of at least 150,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years.					
2	TSE-252601948581	Medical Equipment and Accessories Total Items Count: (4)	Not Required	5%	21 February 2026 till 10:45 AM	11:45AM on EPPS System
	i) 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 50,000,000 in Previous 3 Years. ii) Turnover of at least 180,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years.					
3	TSE-252601948201	Medical Equipment and Accessories Total Items Count: (3)	Not Required	2%	19 February 2026 till 10:45 AM	11:45 PM on EPPS System
	i) 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 50,000,000 in Previous 3 Years. ii) Turnover of at least 250,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years.					
4	TSE-252601948281	Medical Equipment and Accessories Total Items Count: (7)	Not Required	2%	18 February, 2026 till 09:45 AM	10:45 PM on EPPS System
	i) 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 30,000,000 in Previous 3 Years. ii) Turnover of at least 100,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years.					
5	TSE-252601950641	Medical Equipment and Accessories Total Items Count: (4)	Not Required	2%	19 February, 2026 till 10:30 AM	11:45 PM on EPPS System

i) 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 6 in Previous 3 Years.
ii) Turnover of at least 250,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years.
iii) Affidavit on stamp paper of Rs. 100/- duly notarized to the effect that
iv) Bid Validity Compliance (90 Days)
v) Delivery Period Compliance (90 Days)
vi) Price Reasonability.
vii) Compliance of warranty period.
viii) Agreement with all terms & conditions.
ix) Agreement of operations of simulators during the warranty period / post warranty services and must ensure the availability of the spare parts up to the ten years after completion of warranty period.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. Sales Tax Certificate. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan. JV is not permissible. Submission of the required Bid Security In-case Bid Security is not found as required during financial evaluation. the bidding firm shall be declared as ineligible and non-responsive. Authorization or sole agent certificate by the manufacturer authorizing bidder to participate in this tendering. ISO Certification 13485/ 9001/14971/10993/62304/15189/60601 or relevant ISO Certificate. Local presence for repair and maintenance in a timely manner. Firm must ensure after sales and services during post warranty period Catalogue / brochure & technical data sheet having complete technical specifications of all quoted products. The bidder shall submit complete original manufacturer's catalogue/brochure and technical datasheet of the offered equipment. All offered specifications must be clearly highlighted in the brochure. A duly signed and stamped item-wise compliance sheet on bidder's letterhead shall be submitted. In Case of Non Compliance of Instructions Bidder will be non-Responsive. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Address:** Office of The Director General Health Services Quetta.
Phone No: 0819211349 **Email:** dghealthbalochistan@gmail.com

Director General Health Services Balochistan, Quetta

PRQ No.3563/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM & EXTENSION NOTICE

With reference to the tenders published earlier, it is hereby notified for the information of all prospective bidders that corrigendum and extension have been issued for the following tenders:

1. **Corrigendum No. 677/AB Tender No. TSE-252601938051**
2. **Corrigendum No. 678/AB Tender No. TSE-252601940051**

In this regard, the **last date and time for submission of bids has been extended up to 10th February, 2026 till 09:45 / 9:15 AM.**
All interested bidders are advised to submit their bids accordingly.
All remaining terms and conditions of the tenders shall Remain Same.

Chief Executive Officer Pak-Oman Hospital Pasni District Gwadar

AB No.796/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

This office was called notice inviting tender for various development schemes under BSID published in Daily newspapers vide PRQ No.3372/21-01- 2026 on 22 nd January 2026, in which the place of submission and opening was fixed on 09 th February 2026 at 114 wing Headquarter Naseerabad at Dera Murad Jamali. Now the said tender will submitted and opened at office of the Deputy Commissioner Usta Muhammad. All other conditions date and time will remain same as mentioned in bidding documents.

Executive Engineer (Road) CWPP&H Department District Usta Mohammad

PRQ No.3576/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE FOR CANCELLATION OF BIDDING PROCESS

The procuring agency, In exercise of powers conferred under Rule-38 of the Balochistan Public Procurement Rule, 2014, hereby cancel the bidding process for the procurement of Construction of BT Road Bahar Khan Jhang to Shara Balochani District Barkhan (PSDP No.1348 (Z2025.1267) TSE-252601937313, Construction & Rehabilitation of Bakar Road to Noor Khan Kalkani District Barkhan (PSDP No.1348 (Z2025.1267) TSE-252601937223 and Construction of BT Road Dada Shah Mahmood Road to Basti Noor Khan Shamani District Barkhan (PSDP No.1348 (Z2025.1267) TSE-252601937233 due to unavoidable circumstances, for which tender were published in daily newspapers under PRQ No. No.3084/02-01-2026. A fresh tender shall be called in due course of time.

Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Barkhan

PRQ No.3574/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to NIT Published vide PRQ # 3421/23-01-2026, on dated 24 th January, 2026, the Address for the tender opening process will be held at 114 Wing Headquarters Naseerabad, at D.M Jamali, now may read as Office of the Deputy Commissioner District Usta Muhammad.
Note: - All other terms & conditions shall remain same.

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT. DEPARTMENT USTA MUHAMMAD

PRQ No.3572/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings awaran invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-252602964413	FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP) PS CITY AWARAN	19 February, 2026 10:00 AM	11:00 AM	23,276,718
2	TSE-252602963393	FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP) GISHKORE	19 February, 2026 10:00 AM	11:00 AM	23,963,535
3	TSE-252602963383	FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS PS JAHOO	19 February, 2026 10:00 AM	11:00 AM	25,589,384
4	TSE-252602963363	FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP)PS CTD AWARAN	19 February, 2026 10:00 AM	11:00 AM	13,728,724

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252602964413, TSE- 252602963393, TSE-252602963383, TSE-252602963363) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** District complex awaran
Phone no: 3327891347 **Email:** noman1541971@gmail.com

Executive Engineer (Building) Communication Works, PP&H Department District Awaran

PRQ No.3578/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Officer District Council Shaheed Sikanderabad Surab Invites sealed percentage rate tender based on composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan from interested contractor / firms for the works mentioned below: **Grand-in-Aid 2025-26**

S. No	Name of Work	Estimated cost	Bid Security	Time limit	TSE
01	Drilling ,Development and Solarization of Local bore hole at Tehsil Surab.	Rs: 8000000/-	2%	3 Months	TSE-252602964893
02	Drilling ,Development and Solarization of Local bore hole at Mehrabad Surab.	Rs: 8000000/-	2%	3 Months	TSE-252602964873
03	Provision of Home Solar system at Shaheed Sikandarabad Surab.	Rs: 4000000/-	2%	3 Months	TSE-252602964853
04	Drilling ,Development of Local bore hole at Killi Haji Zia Gidder Surab	Rs: 4000000/-	2%	3 Months	TSE-252602964823
05	Supply & Installation of Solar Street Lights at off-grid areas of District Shaheed Sikandarabad Surab.	Rs: 3367880/-	2%	3 Months	TSE-252602964803
06	Drilling and Development of Local Bore at Killi Zibr Shakar Dun Surab.	Rs: 2500000/-	2%	3 Months	TSE-252602964773

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority Rules 2014. (amendment up to date) **Eligibility**: as per Bidding Documents will seen on BPPRA Website **Method of Procurement: Single stage, One envelop Procedure.** The biding documents can be obtained from the of undersigned office. **Bidding / Tender Documents:** Issuance: Tender form / document have issued to original contractor or authorized person from the date of advertisement published in News paper till submission date and time on production of amounting Rs.1000/ (Non Refundable) as bidding documents charges deposit in shape of Green Challan in the account of Govt Head **(1994004154636567)** in NBP Surab Bid security / earnest money, valid Engineering council certificate (Original) in required category, income tax certificate (NTN) etc. **Submission:** Last date for submission of document is **17-02-2026 at 10:00 AM. Opening:** The tender will be opened on **17-02-2026 at 11:00 AM.** Place of issuance, submission, inquiries and opening will be: **Address: Office of the** Chief Officer District Council Surab
E-Mail address:mirsaeedahmedreki03@gmail.com Terms & Conditions: Bid Validity Period (90) Days. Note: It may be noted that no pay order will be accepted / entertained and firm's complete title / name should be written on the call deposit. (Pay order and Bank Draft will not be acceptable)

Chief Officer District Council Shaheed Sikanderabad Surab

AB No.792/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The CHIEF OFFICER District council Jhall Magsi invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025-26 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S.No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	Purchase and installation of solar street lights in different areas of district council jhall magsi.(TSE-252602963803)	29924000	1,500 PKR	2%
2	construction & LAYING OF TUFF TILES AT DISTRICT COUNCIL REST HOUSE JHALL MAGSI(TSE-252602964343)	4579000	1,000 PKR	2%
3	PROVISION, INSTALLATION AND SUPPLY OF POLYTHENE WATER TANKS 300G, HAND SEWING MACHINES AND HOME SOLAR SYSTEM FOR DIFFERENT AREAS OF DISTRICT COUNCIL JHALL MAGSI. (TSE-252602964593)	29997500	2000PKR	2%

Procurements shall be made under the Baluchistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Baluchistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 3,205,300 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **17 February, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **17 February, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Chief Office District Council Jhal Magsi
Phone no: 3334963965 **Email:** zulfiqaralijhalmagsi@gmail.com

CHIEF OFFICER DISTRICT COUNCIL JHAL MAGSI

AB No.793/02-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ

پاکستان نے بھارتی وزیر کھیل کے منہ پر طمانچہ مارا، انتہا پسند ہندو رہنما

پاکستان کا فیصلہ بھارتی وزیر کھیل اور بی سی سی آئی کے لیے سفارتی اور اخلاقی سطح پر واضح شکست ہے، پریانکا چترویدی

آئی سی سی میں طاقتور اور امیر ہونے کے باوجود بھارت پاکستان کے بائیکاٹ پر کوئی مؤثر مؤقف اختیار کرنے میں ناکام رہا

[illegible] کرتے ہوئے قومی کرکٹ ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ میں شرکت کی اجازت دے دی ہے تاہم بنگلادیش سے اظہار یکجہتی کے طور پر پاکستانی ٹیم 15 فروری کو بھارت کے خلاف شیڈول میچ میں میدان میں نہیں اترے گی اور مقابلے کا بائیکاٹ کرے گی۔ یاد رہے کہ اتوار کی شام وزیر اعظم شہباز شریف سے پی سی بی چیئرمین محسن نقوی نے ملاقات کی تھی جس کے بعد اس فیصلے کا باضابطہ اعلان کیا گیا تھا۔

کراچی، سندھ انٹر گرلز اینڈ بوائز رنگ بال چیمپئن شپ کے اختتام پر مہمان خصوصی نعمان احمد اور نبیلہ جونیجو کا فاتح ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور قلندرز کے اسٹار کرکٹر ڈیوڈ ویسا پی ایس ایل 11 سے دستبردار

ڈیوڈ ویسا بھی لاہور قلندرز فیملی کا ایک لازمی حصہ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کے اسٹار کھلاڑی ڈیوڈ ویزے نجی مصروفیات کے باعث پی ایس ایل سیزن 11 سے دستبردار ہو گئے۔ لاہور قلندرز نے تصدیق کی ہے کہ ان کے تجربہ کار آل راؤنڈر ڈیوڈ ویزے، نجی مصروفیات اور خاندانی ذمہ داریوں کی وجہ سے پاکستان سپر لیگ سیزن 11 میں حصہ نہیں لیں گے۔ ڈیوڈ ویزے نے گزشتہ 7 سیزنز میں لاہور قلندرز کے ساتھ ایک مضبوط اور دیرپا تعلق قائم کیا ہے اور انہوں نے مستقبل میں دوبارہ پی ایس ایل میں واپسی کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ بیان کے مطابق ڈیوڈ ویزے نے بیٹنگ اور بولنگ دونوں میں مستقل کارکردگی دکھاتے ہوئے ٹیم کے ایک کلیدی رکن رہے ہیں۔ ان کا تجربہ اور نوجوان کھلاڑیوں کی رہنمائی، لاہور قلندرز کی کامیابی کے ستونوں میں شامل ہیں

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ، پاکستان ٹیم سری لنکا پہنچ گئی

پاکستان ٹیم 4 فروری کو آئرلینڈ کے خلاف وارم اپ میچ کھیلے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیم آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں شرکت کے لیے لاہور سے سری لنکا پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق پندرہ کھلاڑیوں پر مشتمل قومی اسکواڈ میں کپتان سلمان علی آغا، ابرار احمد، بابر اعظم، فہیم اشرف، فخر زمان شامل ہیں۔ اس کے علاوہ خواجہ نافع، محمد نواز، سلمان مرزا، نسیم شاہ، صاحبزادہ فرحان، صائم ایوب، شاداب خان، شاہین شاہ آفریدی، عثمان خان اور عثمان طارق بھی اسکواڈ میں شامل ہیں۔ پاکستان ٹیم سری لنکا میں آج (منگل) مکمل آرام کرے گی جبکہ 4 فروری کو آئرلینڈ کے خلاف وارم اپ میچ کھیلے گی۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کا آغاز 7 فروری سے ہوگا۔ پاکستان ٹیم اپنا پہلا میچ 7 فروری کو نیدرلینڈز کے خلاف کھیلے گی۔ دوسرا میچ 10 فروری کو امریکہ اور چوتھا میچ 18 فروری کو نمیبیا کے خلاف کھیلے گی

اینکرز الیون اور لندن میڈیا الیون کو سات وکٹوں سے شکست دیدی

لندن میڈیا الیون نے 129 رنز کیے اینکرز الیون نے 130 رنز کا ہدف مکمل کیا

اسلام آباد (آن لائن) اینکرز الیون اور لندن میڈیا الیون کے مابین کھیلا گیا فرینڈلی کرکٹ میچ اینکرز الیون نے سات وکٹوں سے جیت لیا۔ ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلے گئے میچ میں لندن میڈیا الیون نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 129 رنز اسکور کیے۔ غفران اشرف نے 31 جبکہ اطہر عباسی نے 29 رنز بنائے۔ اینکرز الیون کی جانب سے کاشف مجید نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 وکٹیں حاصل کیں، افضل جاوید نے 3 جبکہ ثمر عباس نے ایک وکٹ حاصل کی۔ جواب میں اینکرز الیون نے 130 رنز کا ہدف 16 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کاشف مجید نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 50 رنز بنائے

شاہد آفریدی نے پاکستان کے بائیکاٹ کو آئی سی سی کیلئے امتحان قرار دیدیا

بھارت کے خلاف بائیکاٹ فیصلہ آئی سی سی کیلئے اپنی جانبداری اور خودمختاری جانچنے کا سنہری موقع بن چکا ہے

اب وقت آگیا ہے کہ آئی سی سی محض بیانات کے بجائے عملی فیصلوں کے ذریعے یہ ثابت کرے کہ وہ غیر جانبدار ہے

[illegible]

خیبر پختونخوا ٹورازم اتھارٹی اور فرنٹیئر فور بائی فور کلب کے اشتراک سے منعقدہ ریس میں جیپ ریس کی فاتح ٹرافی وصول کر رہی ہیں

پی ایس ایل الیون سے نئے فاسٹ بالر سامنے آئیں گے، اظہر علی

ہمارے مقامی بالرز نے اپنی کارکردگی سے خود کو منوایا، انٹرویو

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی اظہر علی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل الیون سے نئے فاسٹ بالر سامنے آئیں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے آغاز میں ہمارے مقامی بالرز نے اپنی کارکردگی سے خود کو منوایا، ان کی بالنگ کا معیار بہت زبردست تھا، اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، اسی دوران قومی ٹیم کو بہت سے مایہ ناز بالرز ملے۔ انہوں نے کہا کہ دبئی میں ہونے والی پی ایس ایل میں بہت سے اچھے اسپنرز سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک کسی بھی لیگ کا لوکل ٹیلنٹ اچھا نہیں ہوگا وہ دلچسپ نہیں کہلائے گی، غیر ملکی کھلاڑی تو آجاتے ہیں لیکن جو اہمیت مقامی کھلاڑیوں کی ہوتی ہے وہ ان کی نہیں ہو سکتی۔ ایک سوال کے جواب میں اظہر علی نے کہا کہ گزشتہ سالوں کی نسبت اس بار مجھے امید ہے

بائیکاٹ کا فیصلہ ملکی وقار کے تحفظ کیلئے ناگزیر تھا، محمد یوسف

چند بورڈز کی جانب سے کرکٹ پر اثر و رسوخ کا خاتمہ ہونا چاہیے، سابق کپتان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور ٹیسٹ کرکٹر محمد یوسف نے حکومت پاکستان کے حالیہ فیصلے کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ اگرچہ سخت ہے مگر یہ اقدام ملکی وقار اور اصولوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر تھا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے ٹی 20 ورلڈ کپ سے متعلق حکومت پاکستان کے حالیہ فیصلے کو سراہا اور اسے ایک اچھا اقدام قرار دیا۔ محمد یوسف نے کہا کہ یہ ہماری حکومت کا ایک مشکل لیکن ضروری اقدام ہے اور اصولوں کو دیگر مفادات پر ہمیشہ ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے آئی سی سی قوانین پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں چند بورڈز کی جانب سے کرکٹ پر اثر و رسوخ کا خاتمہ ہونا چاہیے تاکہ یہ کھیل حقیقی معنوں میں ایک عالمی کھیل بن سکے

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کیلئے پاکستانی ٹیم کی نئی جرسی کی رونمائی کردی گئی

میچ کے بعد کپتان سلمان علی آغا اور دیگر کھلاڑی پاکستان کی نئی جرسی پہنے دکھائے دیئے

لاہور (این این آئی) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے لیے پاکستان کی آفیشل جرسی کی رونمائی کردی گئی۔ رپورٹس کے مطابق پی سی بی نے گزشتہ روز آسٹریلیا کے خلاف تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی کے بعد ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے لیے مینز کرکٹ ٹیم کی آفیشل جرسی متعارف کرائی۔ میچ کے بعد کی خصوصی تقریب میں کپتان سلمان علی آغا اور دیگر کھلاڑی پاکستان کی نئی جرسی پہنے دکھائے دیے۔ پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی سبز رنگ کی جرسی کو مارخور ایڈیشن کا نام دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 7 فروری سے 8 مارچ تک بھارت اور سری لنکا میں مشترکہ طور پر کھیلا جائے گا۔ پاکستان نے 15 فروری کو بھارت کے خلاف میچ کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا ہے۔

انگلینڈ لائنز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور ایک روزہ سیریز کیلئے پاکستان شاہینز اسکواڈ کا اعلان

[illegible] لاہور (آئی این پی) انگلینڈ لائنز کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی اور ایک روزہ سیریز کے لیے پاکستان شاہینز سکواڈ کا اعلان کردیا گیا۔ سیریز متحدہ عرب امارات میں کھیلی جائے گی، تمام میچز ابوظہبی کے سٹیڈیم اوول میں ہوں گے۔ تین میچوں پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز 20 فروری سے شروع ہوگی۔ پانچ میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز 27 فروری سے 9 مارچ تک ہوگی۔ شامل حسین دونوں سیریز کے لئے پاکستان شاہینز کی کپتانی کریں گے۔ عبدالصمد، حسن نواز، معاذ صداقت اور سعد خان، سمیر منہاس اور عرفات منہاس بھی سکواڈ میں شامل ہیں۔ روحیل نذیر اور سعد بیگ وکٹ کیپنگ کریں گے۔ سپن باؤلرز سعد مسعود اور سفیان مقیم بھی ٹیم کا حصہ ہوں گے۔ فاسٹ باؤلرز میں علی رضا، احمد دانیال، عاکف جاوید، محمد سلمان اور شاہد عزیز شامل ہیں۔ شاہینز کا سات روزہ تربیتی کیمپ 11 سے 17 فروری تک کراچی میں ہوگا۔ سابق کپتان سرفراز احمد شاہینز کے مینٹور اور منیجر ہوں گے۔ اعجاز احمد جونیئر ہیڈ کوچ، منصور امجد فیلڈنگ کوچ اور اعزاز چیمہ بولنگ کوچ مقرر کئے گئے ہیں۔ 16 رکنی پاکستان شاہینز سکواڈ میں شامل حسین، عبدالصمد، عرفات منہاس، احمد دانیال، عاکف جاوید، علی رضا، حسن نواز، معاذ صداقت، محمد سلمان، شاہد عزیز اور سفیان مقیم شامل ہیں۔

دوسری ایف سی این اے انٹر ڈسٹرکٹ جی بی اقبال چیمپئن شپ کا افتتاح

گلگت (آئی این پی) دوسری ایف سی این اے انٹر ڈسٹرکٹ جی بی اقبال چیمپئن شپ 2026 کا شاندار افتتاح ہوگیا۔ ایف سی این اے انٹر ڈسٹرکٹ گلگت بلتستان فٹبال چیمپئن شپ 2026 کی شاندار افتتاحی تقریب گلگت لالک جان اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی۔ افتتاحی تقریب میں نگران وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان اور کمانڈر ایف سی این اے نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں حکومتی، سماجی اور عسکری شخصیات کے ساتھ ساتھ عوام کی بڑی تعداد نے بھی بھرپور شرکت کی۔ چیمپئن شپ میں گلگت بلتستان کے مختلف اضلاع اور ڈویژنز سے کل 17 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ افتتاحی تقریب کے شرکا نے کہا کہ پاک فوج نے خطے میں فٹبال کے فروغ اور نوجوانوں کے ٹیلنٹ کو ابھارنے میں شاندار کردار ادا کیا ہے۔ فٹبال ایونٹ، شائقین کی دلچسپی اور نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتیں ابھارنے کا شاندار پلیٹ فارم ہے۔

کارلوس آلکاراز نے پہلی مرتبہ آسٹریلین اوپن جیت لیا

میلبورن (این این آئی) اسپین کے شہرہ آفاق ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ون کارلوس الکاراز نے آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 2026 کا مردوں کا سنگلز ٹائٹل جیت کر ٹینس کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کر دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق 22 سالہ کارلوس الکاراز نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں سربین شہرہ آفاق ٹینس سٹار نوواک جوکووچ کو شکست دے کر نہ صرف اپنے کیریئر کا پہلا آسٹریلین اوپن ٹائٹل جیتا بلکہ 22 برس کی عمر میں کیریئر گرینڈ سلام مکمل کرنے کا اعزاز بھی حاصل کرلیا۔ کارلوس الکاراز اس فتح کے ساتھ تمام چار بڑے گرینڈ سلام ٹائٹلز (آسٹریلین اوپن، ومبلڈن اوپن، فرنچ اوپن اور یو ایس اوپن) جیتنے والا سب سے کم عمر کھلاڑی بھی بن گئے۔ انہوں نے یہ سنگ میل 22 سال اور 272 دن کی عمر میں عبور کیا، جو 1938 میں ڈان بج کی جانب سے قائم کیے گئے 88 سال پرانے ریکارڈ کو توڑنے کے مترادف ہے۔ کارلوس الکاراز کی اس فتح نے سربین ٹینس سٹار نوواک جوکووچ کا ریکارڈ 25 واں گرینڈ سلام جیتنے کا خواب بھی چکنا چور کردیا۔ میچ کو آسٹریلیا میں میلبورن، وکٹوریہ، مقام میلبورن پارک میں کھیلے گئے

خیبر پختونخوا ٹورازم اتھارٹی اور فرنٹیئر فور بائی فور کلب کے اشتراک سے منعقدہ ریس میں جیپ افتتاحی پوائنٹ سے روانہ ہو رہی ہیں

بھارت کیخلاف میچ کا بائیکاٹ حکومت کا سخت لیکن ضروری فیصلہ ہے، محمد یوسف

عالمی کرکٹ میں جانبدارانہ اثر و رسوخ کو ختم کرنے کی ضرورت ہے، سابق کرکٹر

لاہور (آن لائن) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان محمد یوسف نے پاکستان کی جانب سے ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت کے خلاف میچ کے بائیکاٹ کو حکومت کا سخت اور ضروری فیصلہ قرار دیا ہے۔ محمد یوسف نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ ہماری حکومت کا سخت لیکن ضروری موقف ہے۔ انہوں نے مزید لکھا ہے کہ اصول تجارتی مفادات سے پہلے ہونے چاہئیں اور عالمی کرکٹ میں جانبدارانہ اثر و رسوخ کو ختم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کھیل کو حقیقی معنوں میں عالمی بنایا جائے۔ سابق کرکٹر نے لکھا کہ ہم فخر کے ساتھ کھیلتے ہیں لیکن ہم کھیلوں میں برابری اور انصاف کے لیے بھی کھڑے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان نے اہم فیصلہ کرتے ہوئے قومی کرکٹ ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ میں شرکت کی اجازت دے دی ہے

پاکستان کا بھارت سے میچ نہ کھیلنے کا فیصلہ، بھارتی میڈیا کا واویلا

پاکستان کو بھارت کے خلاف نہ کھیلنے کی وجہ سے پابندیوں اور نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

نئی دہلی (آن لائن) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کے بھارت کے خلاف میچ نہ کھیلنے کے فیصلے کے بعد بھارتی میڈیا نے شوشے چھوڑنے لگا۔ بھارتی میڈیا کو پاکستان کا فیصلہ ایک آنکھ نہ بھایا، من گھڑت خبروں سے آئی سی سی اور بھارتی بورڈ پر دباؤ ڈالنے لگا، پاکستان کو ورلڈ کپ سے نکالنے اور پابندیوں کا بیانیہ گھڑنے لگا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کا بھارت کے خلاف میچ نہ کھیلنے کے فیصلے کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی بورڈ میٹنگ آج ہوگی، پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی کو باضابطہ فیصلے سے آگاہ نہیں کیا۔ بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ آئی سی سی بورڈ کی ورچوئل میٹنگ میں پاکستان کو ٹورنامنٹ کھیلنے کی اجازت دیے جانے سے متعلق فیصلہ ہوگا، پاکستان کو بھارت کے خلاف نہ کھیلنے کی وجہ سے پابندیوں اور نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

خدشہ ہے آئی سی سی پاکستان پر پابندی نہ لگادے، سرفراز نواز

بنگلادیش کو نکال کر اسکاٹ لینڈ کو شامل کرنے کی خبریں بھی تشویشناک ہیں

لندن (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی سرفراز نواز نے کہا ہے کہ آئی سی سی انڈین کرکٹ بورڈ بن چکا، خدشہ ہے پاکستان پر پابندی نہ لگادے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک ویڈیو بیان میں کہی۔ لندن میں مقیم ویڈیو بیان میں ریورس سوئنگ کے بانی سرفراز نواز نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بنگلادیش کو نکال کر اسکاٹ لینڈ کو شامل کرنے کی خبریں بھی تشویشناک ہیں۔ واضح رہے کہ سرفراز نواز کو کرکٹ میں ریورس سوئنگ کا بانی کہا جاتا ہے جس سے آنے والے وقت میں بولرز نے بڑا نام کمایا۔ 70 اور 80 کی دہائی میں پاکستان کے یہ عظیم فاسٹ بولر مخالف بلے بازوں کے لیے دہشت کی علامت سمجھے جاتے تھے۔ سرفراز نواز نے 55 ٹیسٹ اور 45 ایک روزہ میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔

پاکستان نیوی کے تعاون سے گوادر کرکٹ اکیڈمی کراچی روانہ

پاکستان نیوی کی سپانسر شپ نوجوانوں کو منشیات اور تشدد سے دور رکھ کر قومی یکجہتی اور امن کے فروغ کا سبب بنے گی

اکیڈمی بغیر فیس بچوں نوجوانوں کی صلاحیتیں نکھار کر مثبت سرگرمیوں کی طرف لاتی ہے، چیئرمین حاجی عبدالحمید رشید

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نیوی کوسٹل کمانڈر اور ساحل ویلفیئر آرگنائزیشن کے تعاون سے گوادر کرکٹ اکیڈمی امن، محبت، بھائی چارے اور دوستی کا پیغام لیکر پانچ فروری کو کراچی پہنچے گی جہاں وہ مختلف کرکٹ ٹیموں سے آٹھ میچز کھیلے گی۔ سمندر کے رکھوالے پاکستان نیوی کی کھیل دوستی کی بدولت گوادر کرکٹ اکیڈمی اپنے کراچی کے دوسرے دورے کے موقع پر رواں ماہ معین خان کرکٹ اکیڈمی، یو بی ایل کرکٹ اکیڈمی، کراچی جمخانہ، سرفراز احمد کرکٹ اکیڈمی، راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی، آغا خان جمخانہ، فخر زمان کرکٹ اکیڈمی اور سعید خان کرکٹ اکیڈمی سے میچز کھیلے گی۔ گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی چیئرمین حاجی عبدالحمید رشید اور صدر حاجی حنیف حسین کے مطابق گوادر کرکٹ اکیڈمی اپنی رضا کارانہ جدوجہد، خلوص اور لگن کی بدولت ایک منفرد شناخت رکھتی ہے جو بغیر کسی فیس کے بچوں اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ پاکستان نیوی کی جانب سے گوادر کرکٹ اکیڈمی کے اس ٹور کی اسپانسر شپ نہ صرف گوادر بلکہ پورے بلوچستان کے کرکٹ حلقوں کیلئے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ پاک بحریہ سمندر کے رکھوالے بلوچستان کی نوجوان نسل کو کلاشنکوف کلچر اور منشیات کی لعنت سمیت دیگر سماجی برائیوں سے بچا کر صحت مندانہ سرگرمیوں کے ذریعے معاشرے کا ایک مفید شہری اور محب وطن پاکستانی بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ گوادر کرکٹ اکیڈمی کا پانچ فروری سے شروع ہونے والا کراچی کا ٹور اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان نیوی اور گوادر کرکٹ کے درمیان دوستی کا رشتہ کوئی نیا نہیں بلکہ ایک مضبوط اور دیرینہ تاریخ رکھتا ہے، جسے نیول کوسٹل کمانڈ نے مزید استحکام اور وسعت بخشی ہے، امن، محبت، بھائی چارے اور کھیل دوستی کا یہ خوبصورت سفر گوادر سے شروع ہوکر کراچی جیسے بین الاقوامی شہر تک پھیل چکا ہے

پولیو وائرس عمر بھر کیلئے بچوں کو معذور اور اپاہج بنادیتا ہے، ڈی سی چمن

آیئے ہم سب مل کر پولیو وائرس کی روک تھام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور ذمہ داری کا ثبوت فراہم کریں

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوم کے بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائیں، حبیب بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے پولیو مہم کے پہلے روز فیلڈ میں جا کر پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ پولیو وائرس عمر بھر کیلئے بچوں کو معذور اور اپاہج بنادیتی ہے مگر اس سے بچاؤ تب ممکن ہے کہ ہم پانچ سال تک کی بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلا ئیں انہوں نے کہا کہ ہر بچہ ایک صحت مند مستقبل کا حق دار ہے اور یہ کسی بھی مہذب معاشرے اور ریاست کی ذمہ داریوں میں شامل ہے کہ وہ اپنے قوم کے بچوں کو ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے وہاں موجود والدین اور بزرگوں کو پولیو ویکسین کی افادیت اور اہمیت سمجھاتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال تک کی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور اس موقع پر ڈی سی چمن نے میڈیا اساتذہ علماء کرام پڑھے لکھے والدین قومی مشران اور تمام ذی شعور لوگوں سے دست بستہ درخواست کرتے ہوئے کہا کہ آیئے ہم سب مل کر پولیو وائرس کی روک تھام کو یقینی بنانے کیلئے ہر ایک اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور ذمہ داری کا ثبوت فراہم کریں اس دوران ڈی سی چمن نے بچوں کے فنگر مارکنگ اور وال مارکنگ کا جائزہ بھی لیا انہوں نے پولیو ٹیموں کے سٹاف کو سختی سے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہیں اور سیکورٹی اہلکاروں کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ارد گرد پر تمام مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور پولیو ٹیموں کے ورکروں اور افسران کو آخری وقت تک تنہا نہ چھوڑا جائے۔

کاشتکاروں و زمینداروں کو زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سہیل الرحمن

پٹ فیڈر اور کھیرتھر کنال سمیت نہروں کی بحالی ترجیح بنیادوں پر کی جارہی ہے، گفتگو

اوستہ محمد (نامہ نگار) سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ کاشتکاروں و زمینداروں کو زرعی پانی کی فراہمی کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا محکمہ اریگیشن زراعت کی فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائے گی بلوچستان کے گرین بیلٹ کے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے گا پٹ فیڈر اور کھیرتھر کنال سمیت نہروں کی بحالی ترجیح بنیادوں پر کی جارہی ہے تاکہ ٹیل کے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے زرعی پانی چوری کرنے والے قومی مجرم ہیں ان کے ساتھ رعایت ہرگز نہیں برتی جائے گی پٹ فیڈر اور کھیرتھر کنال کے افسران کو سختی سے ہدایات دی ہے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمن بلوچ نے نمائندہ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری صلاح الدین بھی موجود تھے سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان زراعت کے فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ اریگیشن بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے محکمہ اریگیشن زراعت کے فروغ اور خوشحال کسان کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کرتے ہوئے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ڈیمز کی تعمیر کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ پانی کو زیادہ سے زیادہ اسٹور کرکے کسانوں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے

لورالائی، رسالدار حاجی روزالدین کے اعزاز میں الوداعی تقریب

لیویز قبائلی فورس ہے اس میں ایمانداری سے ڈیوٹی بڑی قربانی ہے، ڈی سی

لورالائی (خ ن) کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں فیڈرل لیویز رسالدار حاجی روزالدین کدیزئی کے اعزاز میں عمر کی بالائی حد ساٹھ سال پورا ہونے پر الوداعی تقریب منعقد کی گئی۔ جس میں کمشنر ولی محمد بڑیچ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ امیر جان لونی، پرنسپل ہاکمز عزیز اللہ، سپرنٹنڈنٹ عبدالجلیل، ولی محمد، کامران خان، دین محمد ٹرانسپورٹ آفیسر امیر محمد مندوخیل، و تمام سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے اس موقع پر کہا ہے کہ لیویز فورس ایک قبائلی فورس ہے اس میں ایمانداری سے ڈیوٹی کرنا ایک بڑی قربانی ہے۔ دلیر آفسران موجود ہیں اچھے آفسران کو رخصت کرتے ہوئے دکھ ہوتا ہے حاجی روزالدین کے ریٹائرڈ ہونے پر ہمیں افسوس ہے وہ ساتھ ہوتا تو ہمیں اپنے تحفظ کا احساس ہوتا آج وہ سرکاری ریکارڈ میں ریٹائرڈ ہورہا ہے لیکن ہمارے دلوں میں وہ پنشن نہیں ہے بلکہ وہ ہمارے ساتھ ہیں

سپرنٹنڈنٹ بابو تاج محمد کھیتران کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

قابل، محنتی افسران کسی بھی ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں، ڈی سی بارکھان

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس بارکھان میں سپرنٹنڈنٹ بابو تاج محمد کھیتران کے اعزاز میں ان کی عمر کی بالائی حد ساٹھ سال مکمل ہونے پر ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر بارکھان خادم حسین بھنگر، سپرنٹنڈنٹ بابو غلام رسول، تفکر کھیتران، حبیب خان کھیتران (پی ایس) سمیت ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے تمام افسران و اہلکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ نے کہا کہ ایمانداری، دیانتداری اور لگن کے ساتھ سرکاری فرائض انجام دینا ایک بڑی قربانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قابل، محنتی اور دلیر افسران کسی بھی ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں اور ایسے افسران کو رخصت کرتے ہوئے دل اداس ہو جاتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اگرچہ بابو تاج محمد کھیتران آج سرکاری ریکارڈ کے مطابق ریٹائر ہو رہے ہیں، تاہم وہ ہمیشہ ہمارے لیے قابل احترام رہیں گے اور ضلع انتظامیہ کے دروازے ان کے لیے ہر وقت کھلے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریٹائرمنٹ زندگی کا ایک فطری مرحلہ ہے اور ہم سب نے ایک دن پنشنر بننا ہے، اصل کامیابی یہی ہے کہ انسان اپنی سروس کے دوران اچھی یادیں اور مثبت نقوش چھوڑ جائے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بارکھان اور دیگر افسران و عملے نے بابو تاج محمد کھیتران کی 42 سالہ شاندار سرکاری خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی صحت، خوشحال زندگی اور اہل خانہ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران تمام اسٹاف نے ریٹائر ہونے والے افسر کو ہار پہنائے اور ان کی خدمات کو سراہا۔ ریٹائر ہونے والے سپرنٹنڈنٹ بابو تاج محمد کھیتران نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اور تمام عملے کا شکریہ ادا کیا اور دوران سروس ہونے والی کسی بھی کمی بیشی پر معذرت کی۔ انہوں نے اپنی طویل ملازمت کے دوران پیش آنے والے تجربات اور مشکلات کا مختصر ذکر کیا اور ساٹھ سال کی عمر مکمل ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

عشر، انتقالات، زرعی انکم ٹیکس کی بروقت وصولی یقینی بنائی جائے، ڈی سی

حکومتی وسائل کو عوامی فلاح و بہبود کیلئے بہتر طور پر استعمال کیا جاسکے، عبداللہ کھوسہ

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ کی زیر صدارت ریونیو عملے کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کی ریونیو کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بارکھان خادم حسین بھنگر، نائب تحصیلدار، محاسب اور پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر بارکھان نے ریونیو سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے عملہ مال کو واضح ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عشر، انتقالات اور زرعی انکم ٹیکس کی بروقت، شفاف اور مکمل وصولی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ سرکاری محصولات میں اضافہ ہو اور حکومتی وسائل کو عوامی فلاح و بہبود کے لیے بہتر طور پر استعمال کیا جا سکے۔ ڈی سی بارکھان نے اس موقع پر واضح کیا کہ ریونیو ریکارڈ کی درستگی، انتقالات کی بروقت تکمیل اور ٹیکس وصولی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

نوجوان طالب علم کی فنی کاوش کو ایس پی اوستہ محمد کا خراج

اوستہ محمد (آن لائن) نوجوان طالب علم کی فنی کاوش کو ایس پی اوستہ محمد کا خراج تحسین اوستہ محمد کے ایک باصلاحیت اسٹوڈنٹ محمد عرفان ببر نے اپنی محنت، لگن اور پنسل اسکیچنگ کے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایس پی اوستہ محمد غلام حسین کا خوبصورت پورٹریٹ تیار کیا اور دفتر آ کر ایس پی اوستہ محمد کو پیش کیا۔ ایس پی اوستہ محمد نے نوجوان طالب علم کی محنت، خلوص اور فنی مہارت کو بھرپور سراہا اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد پولیس نوجوانوں کی مثبت صلاحیتوں اور تعمیری سرگرمیوں کی مکمل سرپرستی کرتی ہے۔

بلوچستان میں مالداری کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ڈاکٹر فاروق لونی

میلہ مویشیاں واسپاں کے موقع پر مویشی منڈی کے کامیاب انعقاد کے لئے محنت لگن سے کام کریں گے

مالداروں کو سہولیات اور جانوروں کے علاج معالجے کے لئے تمام وسائل استعمال میں لائیں گے، گفتگو

سبی (آئی این پی) ہارس اینڈ کیٹل شو کے انچارج ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ سبی ڈاکٹر فاروق لونی نے کہا ہے کہ سبی سمیت بلوچستان میں مالداری کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے بلوچستان میں مالداری کی ترقی مویشی پالوں کی فلاح و بہبود کیلئے محکمہ لائیو اسٹاک تمام وسائل استعمال کر رہا ہیں سبی میلے کے موقع پر مالداروں کے مسائل مشکلات کے تدارک کیلئے اقدامات اٹھانے کے علاوہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے آنے والے مالداروں کو سہولیات اور جانوروں کے علاج معالجے کے لئے تمام وسائل استعمال میں لائیں گے میلہ مویشیاں واسپاں کے موقع پر مویشی منڈی کے کامیاب انعقاد کے لئے محنت لگن سے کام کریں گے تاکہ سارا سال سبی میلے کے منتظر مالداروں کو ان کی محنت کا میٹھا پھل مل سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے احکامات کے منتظر ہے خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ حاجی محمد انور نجک بابو ممتاز احمد نجک کے علاوہ محکمہ لائیو اسٹاک کے دیگر آفیسران بھی موجود تھے ہارس اینڈ کیٹل شو کے انچارج ڈاکٹر فاروق احمد لونی نے کہا کہ میلہ مویشیاں واسپاں کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان کے احکامات و ہدایات پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے جشن سبی میلہ کو شایان شان انداز سے منانے کے لئے تیاریاں سارا سال کرتے ہیں تاہم قریبی ایام کے موقع پر تیاریاں تیز کر دی جاتی ہے اس مرتبہ بھی میلہ مویشیاں واسپاں کو بہتر انداز سے منا کر مالداروں کو ریلیف کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے انہوں نے مزید کہ سبی سمیت بلوچستان کی 80 فیصد آبادی کا انحصار گلہ بانی پر ہے مالداری بلوچستان کے لوگوں کی زندگی میں بے حد اہمیت کی حامل ہے

ماحول کو آلودگی سے بچانے کیلئے شہری کردار ادا کریں، ناظم جنگلات

شجرکاری مہم میں حصہ لیکر اپنے حصے کا ایک درخت لگا کر اسکی حفاظت یقینی بنائیں

سبی (یو این اے) شہری ماحول کو آلودگی سے بچانے اور سرسبز بنانے کے لیے پودے لگا کر اپنا فریضہ ادا کریں ناظم جنگلات میر زاہد رند تفصیلات کے مطابق ناظم جنگلات سبی میر زاہد رند نے کہا ہے کہ ماحول کو آلودگی سے بچانے اور سرسبز بنانے کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا شہری آنے والے شجرکاری مہم میں حصہ لیکر اپنے حصے کا ایک درخت لگا کر اسکی حفاظت کو یقینی بنائے جو ایک اہم ذمہ داری ہے ہر شہری اپنے شہر میں فضائی آلودگی کو پھیلانے سے بچانے میں اپنا اہم کردار ادا کر کے درخت لگانے کو لازمی بنائے انہوں نے کہا کہ آنے والے مہینے میں سرسبز شہر کا باقاعدہ آغاز کیا جائے گا جس میں محکمہ جنگلات کی جانب سے شجرکاری مہم میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت دیگر شہریوں کو گاہی مہم دی جائیں گی انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہم میں سرکاری دفاتر عمارات اسکول کالجز ہسپتال سمیت پبلک جگہوں کے علاوہ شہریوں کے گھروں گلیوں اور شاہراہوں پر پودے لگائے جائیں گے۔

TENDER NOTICE

TSE-252602964033 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The ON FARM WATER MANAGEMENT DISTRICT KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	INSTALLATION OF SOLAR PUMPING SYSTEM DYNAMIC HEAD 450 Rft MALGUZAR KHUZDAR	4,950,455

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,465,318 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works), EE11(ii) (Solar Energy). Bid Security 3% of estimated Cost Power of Attorney on 100 Rs Stamp to whom power is given paper with tender Name and TSE Mentioned **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 17 February, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 17 February, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: deputy director khuzdar Phone no: 3367381211
Email: niazahmed967@gmial.com

PRQ No.3569/02-02-2026

**Deputy Director
ON FARM WATER MANAGEMENT
DISTRICT KHUZDAR**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

PRQ No. 3346 dated 20-01-2026 It is hereby notified for the information of all prospective bidders that due to administrative reasons, the venue for opening of tenders against the above-mentioned PRQ has been changed as under:
Previous Place of Tender Opening:
11 Wing Headquarters, Naseerabad, Dera Murad Jamali
Revised Place of Tender Opening:
Office of the Deputy Commissioner, Usta Muhammad
All other terms, conditions, dates, time, and information contained in the bidding documents shall remain unchanged.
This corrigendum shall be treated as an integral part of the bidding documents.

PRQ No.3571/02-02-2026

**Executive Engineer
Drainage Irrigation
Dera Allah Yar**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM IN CHANGE OF VENUE

The notice inviting tender (NIT) of Development (BSDI) Schemes was published in NEWS Paper "Daily newspapers" vide PRQ No.3511/28.01.2026 which to be opened on 9 th February-2026. Due to instructions from higher ups (vide letter No 03/26/DC/DB/BSDI-II dated 01-02- 2026) the tenders of works will be open at "Office of the Deputy Commissioner Usta Muhammad on 1:00 PM INSTEAD of 114 Wing Headquarters, Naseerabad, Dera Murad Jamali. other terms and conditions are same.

PRQ No.3577/02-02-2026

**Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Usta Muhammad**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول/تحصیلدار صحبت پور

بنام: عوام الناس

ہرگاہ تحریر ہے کہ مسمی علی حسن ولد اللہ داد قوم کھوسہ ساکن دیہہ خیرواہ تحصیل و ضلع صحبت پور نے بذریعہ درخواست استدعا کی ہے کہ اس کے والد اللہ داد ولد تھنگو قوم کھوسہ (مرحوم) کی زرعی اراضی واقع دیہہ خیرواہ تحصیل و ضلع صحبت پور کھاتہ نمبر 42 رقبہ تعدادی 25-18-1 ایکڑ ہے۔ ریونیو ریکارڈ میں غلطی سے لوٹی ولد تھنگو درج ہو گیا ہے درستگی کر کے اللہ داد ولد تھنگو قوم کھوسہ ریکارڈ میں اندراج کیا جائے۔ اگر کسی کو کوئی اعتراض عذر ہو تو اندر 10 ایام زیر دستخطی کو پیش ہو کر ثبوت/عذر اعتراض پیش کریں بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مورخہ 20/1/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

نمائندہ صحبت پور

بعدالت جان محمد سیلاچی نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم بی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمیان نظر محمد ولد صالح محمد، ورحمد ولد مالک داد قوم مرغزانی نے دو عدد درخواستیں پیش کر کے بتلایا کہ ان کے والد متوفی صالح محمد، مالک داد خان پسران ورحمد قوم مرغزانی فوت ہو چکے ہیں جن کی اراضی مواضعات 1۔ ورگ، 2۔ کلوناز، 3۔ بستی واجہاری خان میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ حلفیہ بیان اور شرعی فتوی جات مجاریہ مولوی عطا اللہ بنگلزئی جامع مسجد عربیہ قاسم العلوم ہاشمیہ صحبت سرائے روڈ بی کہ متوفی صالح محمد مذکور کے پسماندگان میں دو بیٹے نظر محمد، نظام الدین، اور تین بیٹیاں ساجدہ، عابدہ، شاہدہ، و بجکہ متوفی، مالک داد خان مذکور کے پسماندگان میں ایک بیٹا، محمد اور چار بیٹیاں حسن بانو، سباہ، شاہ زادی، فہمیدہ بی بی، و زرینہ بی بی جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج انتقال کرنا مطلوب ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز ورثا، یا کسی بھی دار واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات یوم اپنا عذر و اعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثا درج ہو کر تصدیق و منظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج اشتہار ہذا مورخہ 30/1/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

سلیم کشکوری

2 nd NOTICE FOR EXTENSION

This is to inform all concerned that the Tender Notice for Upgradation Of 100 Primary Schools to Middle Level in Balochistan (PSDP No. 5274 Z.2025.2330) GBPS Deh Babani Rakhni District Barkhan BEMIS CODE 7067 TSE-252612933853, Upgradation Of 100 Primary Schools to Middle Level in Balochistan (PSDP No. 5274 Z.2025.2330) GGPS Shado Sooman District Barkhan BEMIS Code 12499 Tse-252612933773 and Upgradation of 50 Middle Schools to High level in Balochistan PSDP No. 5292 z.2025.2331 GBMIDS Haji Zareen Loop District Barkhan BEMIS Code 7113 TSE-252612934413 which were published in the daily newspapers under PRQ No. 3011/31-12-2505, and PRQ No.3328/19-01-2026 are hereby extended and rescheduled. The bid submission deadline is now extended up to 20 th Feburary-2026 at 10:00 AM, and the all bids will be opened on the same day at 11:00 AM. All other terms and conditions will remain the same

PRQ No.3573/02-02-2026

**Executive Engineer (Buildings)
CW, PP&H Department
District Barkhan**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 سیکورٹی ذرائع

تنگ کر رہی ہیں سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فورسز کا بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے اور گزشتہ رات تعاقبی آپریشنز کے دوران مزید 22 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا ہے سیکورٹی ذرائع کے مطابق دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مزید نقصانات اور ہلاکتوں کی بھی اطلاعات ہیں۔ سیکورٹی فورسز کا بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سینیٹائزیشن آپریشن کے دوران تین روز میں 177 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات تعاقبی آپریشنز کے دوران مزید 22 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا جبکہ گزشتہ 3 روز کے دوران آپریشنز میں 177 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جا چکا ہے۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ دہشت گردوں، سہولت کاروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز، انٹیلی جنس ایجنسیز اور پولیس گھیرا تنگ کر رہی ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مزید نقصانات اور ہلاکتوں کی بھی اطلاعات ہیں

بقیہ 2 وزیر دفاع

روپے کما رہے ہیں، جرائم پیشہ عناصر اور اسمگلرز کے خلاف گھیرا تنگ کیا تو انہوں نے حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا، یہ کاروباری نقصانات کو ریکور کرنے کیلئے تحریک چلائی جا رہی ہے، اس کرپشن نیٹ ورک کے ذریعے ایران سے 40 روپے لیٹر تیل لے کر کراچی میں 200 روپے فی لیٹر بیچ رہے ہیں۔ پیر کو یہاں قومی اسمبلی اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ بلوچستان میں تیل سمیت مختلف اشیا کی اسمگلنگ ہوتی ہے، اربوں اور کھربوں روپے کی اسمگلنگ ہوتی رہی، اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے حکومت سخت اقدامات کر رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ کاروباری نقصانات کو ریکور کرنے کیلئے تحریک چلائی جا رہی ہے، اس کرپشن نیٹ ورک کے ذریعے ایران سے 40 روپے لیٹر تیل لے کر کراچی میں 200 روپے فی لیٹر بیچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ صرف ایرانی اسمگل تیل سے روزانہ 4 ارب روپے منافع کما رہے ہیں، ایران اسمگل تیل کو روکا گیا اس کی وجہ سے یہ لوگ امن وامان برباد کر رہے ہیں، بلوچستان میں تین دہائیوں سے امن میں رکاوٹ آتی رہی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کی خرابی کے بہت سے عوامل ہیں، جرائم پیشہ عناصر اور اسمگلرز کے خلاف گھیرا تنگ کیا تو انہوں حکومت مخالف علم بغاوت بلند کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو ہوا قوم کیلئے بہت بڑا المیہ ہے، دہشت گردی کو افغانستان سے ہوا دی جا رہی ہے، دہشتگردوں کے سربراہ افغانستان میں موجود ہیں، وہاں سے ان کو مدد ملتی ہے۔ ان دہشت گردوں کے پیچھے بھارت ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے، سیکورٹی فورسز کی دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھارتی حمایت یافتہ پراکسیز موجود ہیں، 177 دہشت گرد مارے گئے، ہلاک لوگوں کی کوئی سیاسی نہ قومیت پرست وابستگی تھی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں میں سیکورٹی فورسز کے 17 جوان شہید ہوئے۔ دہشتگردوں کے حملوں میں 33 شہری بھی شہید ہوئے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کی آزادی کے وقت وہاں صرف چند سو کلومیٹر سڑکیں تھیں، اب بلوچستان میں 26 ہزار کلومیٹر سڑکیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کہا جاتا رہا کہ بلوچستان میں مذاکرات کیے جائیں، ماضی میں بلوچ سیاسی جماعتوں سے مذاکرات ہوتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی آڑ میں یہ ایک گٹھ جوڑ بن گیا تھا، ان جرائم پیشہ عناصر کی آڑ میں بلوچستان میں سیاسی عناصر نے بھی فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ بلوچستان کل پاکستان کا 40 فیصد ہے، اتنے بڑے علاقے کو کور کرنے کیلئے بہت بڑی تعداد میں سیکورٹی فورسز چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ترقیاتی فنڈز کی مد میں 100 ارب روپے دیے جا چکے ہیں، پنجاب کو 170 ارب روپے اور دیگر صوبوں کو بھی اسی طرح فنڈز دیے گئے ہیں۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ کسی اگر مگر کے بغیر دہشت گردوں کو دہشت گرد کہا جائے، بلوچستان میں کوئی ناراض نہیں، کوئی حقوق کا معاملہ نہیں، مجرمانہ سرگرمیاں چند گروہ ہی کر رہے ہیں بھی کر سکتے ہیں، جیسے معرکہ حق میں دشمن کو ذلت ملی، ان دہشت گردوں کو بھی ایسے ہی انجام سے دوچار کیا جائیگا۔ پیر کو سینیٹ میں قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کے نکات کا جواب دیتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں اب تک 177 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں جبکہ بلوچستان میں دہشت گرد حملوں کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 17 اہلکار اور 33 شہری شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسے عناصر کو کسی صورت ''ناراض'' یا محروم گروہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے بتایا کہ شہید ہونے والے 17 اہلکاروں میں 10 پولیس، 6 فرنٹیئر کور اور ایک لیویز اہلکار شامل ہیں جبکہ 33 شہری دہشت گردوں کی جانب سے گھروں اور رہائشی علاقوں پر حملوں کے دوران شہید ہوئے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اگرچہ چھوٹے مسلح گروہ کہیں بھی مجرمانہ کارروائیاں کر سکتے ہیں تاہم بلوچستان میں تشدد کا انداز واضح طور پر منظم دہشت گردی کی نشاندہی کرتا ہے، نہ کہ الگ تھلگ جرائم کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد بار بار بسوں کو روک کر مسافروں کے شناختی کارڈ چیک کرتے رہے اور خواتین و بچوں سمیت بے گناہ شہریوں کو ان کے اہل خانہ کے سامنے قتل کیا۔ اسی طرح ٹرینوں پر حملوں خصوصاً جعفر ایکسپریس کے واقعے میں مسافروں کو یرغمال بنایا اور پھر بے دردی سے قتل کیا گیا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ یہ انتہائی وحشیانہ اقدامات ہیں جنہیں کوئی بھی باشعور انسان درست قرار نہیں دے سکتا اور اس تاثر کو مسترد کیا کہ یہ محض ناراض عناصر ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حالیہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے بعد کوئٹہ کے ہسپتالوں سے ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں زبردستی لے جائی گئیں جو خود کو ''حقوق'' کا علمبردار کہنے والوں کے بیانیے پر سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ یہ دہشت گرد ایک دشمن ملک کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں اور آپریشن سندور اور دیگر محاذوں پر دشمن کی شکست کا بدلہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں، خصوصاً اس کے بعد کہ جب پاکستان کی مسلح افواج نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت اور طاقت کا مظاہرہ کیا جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے کوئٹہ ریڈ زون میں داخل ہونے کی دہشت گردوں کی کوششیں ناکام بنائیں اور جہاں کہیں بھی انہوں نے کارروائی کی کوشش کی، انہیں موثر انداز میں ناکارہ بنایا گیا۔ دہشت گرد فورسز کا براہ راست مقابلہ نہ کر سکے اور اپنے ٹھکانوں کی طرف بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔ انہوں نے آرمی پبلک سکول پشاور کے سانحے کے بعد قومی اتحاد کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت پوری قوم نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی قیادت میں یکجہتی کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں فیصلہ کن آپریشنز ہوئے اور دہشت گردی تقریباً ختم ہو گئی۔

بقیہ 3 میر سرفراز بگٹی

ٹراما سینٹر ارباب کامران کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیر اعلیٰ کو سیکرٹری صحت کی جانب سے کوئٹہ انڈیپنڈنٹ پر تعمیر شدہ ٹراما سینٹر سے متعلق بریفنگ دی گئی وزیر اعلیٰ نے نئے تعمیر ہونے والے ٹراما سینٹر کی فوری فعالی کی ہدایت کی انہوں نے ہدایت کی کہ نئے اسٹاف کی بھرتی میں میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے سیکرٹری صحت نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نئے تعمیر ہونے والے ٹراما مرکز کے استعداد کار اور فوری علاج و معالجے کی سہولیات میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے اور ٹراما سینٹر میں کلینیکل نیٹ ورک کو وسعت دی گئی ہے اجلاس کو ٹراما سینٹر کے لئے مطلوبہ افرادی قوت میں اضافہ اور بجٹ سے متعلق بھی بریفنگ دی گئی وزیر اعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت صوبائی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے نئے ٹراما سینٹر کی فعالی سے بہترین اور جلد طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہو گی انہوں نے ہدایت کی کہ شیخ زید ہسپتال کے ٹراما سینٹر کو بھی جلد مکمل کیا جائے انہوں نے کہا کہ طبی سہولیات کی فوری فراہمی کے لئے ٹراما سینٹرز کی مکمل فعالی اشد ضروری ہے تاکہ فوری طبی امداد کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 4 ایران

صدر کے مطابق ہلاک ہونے والوں کے ناموں کی فہرست ملک کے مختلف قومی اخبارات میں شائع کی گئی ہے۔ صدارتی دفتر کا کہنا ہے کہ حالیہ واقعات میں مجموعی طور پر 3,117 افراد ہلاک ہوئے تھے، تاہم 131 لاشوں کی شناخت تاحال ممکن نہیں ہو سکی، اسی وجہ سے ان کے نام فہرست میں شامل نہیں کیے گئے۔ بی بی سی فارسی کی رپورٹ کے مطابق انسانی حقوق کے کارکنوں کا دعویٰ ہے کہ جاری کی گئی فہرست میں اب بھی کئی نام شامل نہیں۔

بقیہ 5 ٹرمپ

سے تیل کی خریداری میں اضافے پر بھی اتفاق کیا ہے، اپنے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ بھارت پر عائد امریکی ٹیرف کو 25 فیصد سے کم کر کے 18 فیصد کیا جا رہا ہے، بھارت بھی امریکا کے خلاف اپنے ٹیرف صفر تک کم کرنے کے اقدام کرے گا۔

بقیہ 6 قازق صدر

مطابق قازقستان کے صدر قاسم جومارت توقایف 3 اور 4 فروری 2026ء کو پاکستان کا پہلا سرکاری دورہ کریں گے، ان کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہوگا جس میں کابینہ کے سینئر وزرا اور اعلیٰ حکام شامل ہوں گے۔ دورے کے دوران قازقستان کے صدر قاسم جومارت توقایف صدر پاکستان آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے،

بقیہ 7 معلوماتی نشست

فیکلٹی ممبران اور طلبا نے پرتپاک خیر مقدم کیا، طلبا اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست کے دوران قومی سلامتی اور دیگر اہم امور پر مفصل گفتگو ہوئی۔ اس نشست کے دوران اساتذہ اور طلبا نے مسلح افواج کے ساتھ قومی سلامتی کو درپیش خطرات کے خلاف متحد ہو کر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 8 وزیراعظم، وزیراعلیٰ

ذمہ واجبات کی ادائیگی سے متعلق بات چیت ہوئی جبکہ 8 فروری کے ممکنہ احتجاج پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں وادی تیراہ میں آپریشن اور مقامی لوگوں کی نقل مکانی پر بات چیت ہوئی۔ وزیراعظم اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے درمیان ملاقات میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے درمیان ملاقات میں مشیر خزانہ کے پی کے مزمل اسلم بھی ملاقات میں شامل تھے جبکہ حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر امیر مقام اور رانا ثنااللہ بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ذرائع پی ٹی آئی کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی نے ملاقات میں وادی تیراہ، امن جرگہ اور انسداد دہشتگردی کے معاملات پر بات کی، اس کے علاوہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے این ایف سی معاملات پر بھی وزیراعظم سے تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ سب سے پہلے بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات پر مذمت کی، وزیراعظم سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے تعاون پر گفتگو کی، صوبے کیلئے این ایف سی، این ایچ پی اور وفاق پر بقایاجات پر بات ہوئی، انہوں نے احسن اقبال کو ذمہ داری سونپ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے دہشتگردی پر مشترکہ لائحہ عمل پر بات ہوئی، خیبر پختونخوا حکومت اپنی جیب سے 26 ارب روپے قبائلی اضلاع پر خرچ کر چکی ہے، دہشتگردوں کا کوئی صوبہ، ملک اور نہ کوئی مذہب ہوتا ہے، دہشتگردی کی ہم سب کو بحیثیت پاکستانی مذمت کرنی چاہئے۔

بقیہ 9 علی مدد جتک

بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی سیکرٹریز اور سیاسی اشخاص موجود تھے۔

بقیہ 10 فیلڈ مارشل

کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر (کے مطابق کمانڈر ان چیف سلطنت عرب مسلح افواج فیلڈ مارشل خلیفہ ابوالقاسم حفتر جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی پہنچے۔ ڈپٹی کمانڈر ان چیف سلطنت عرب مسلح افواج لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر بھی ہمراہ تھے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

بقیہ 11 محمود اچکزئی

میں محمود خان اچکزئی نے شکوہ کیا کہ جناب اسپیکر میں آپ کے پاس نہیں آ سکا آپ بھی نہیں آئے، ہمارے درمیان یہ فاصلے کم ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہمارے پورے ملک کے لیے ایک بلاسٹ اسپاٹ بن چکا ہے، جس کی تاریخ کافی پرانی ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ گندمک معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے کچھ علاقے افغانستان سے کاٹے گئے تھے، 1970 میں بلوچستان میں بلوچوں اور پشتونوں کو اکٹھا کیا گیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان میں آپ کسی سردار کی مرضی کے خلاف اس کے علاقے میں جلسہ تک نہیں کر سکتے آپ نے ان راجواڑوں کو ہمارے ساتھ شامل کیا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ گیس بلوچستان کے علاقے سوئی سے نکلتی ہے اور پورے پاکستان تک پہنچ گئی لیکن وہاں کی عورتیں اب بھی لکڑی جلا کر روٹیاں پکاتی ہیں، ان حالات میں کون آپ کو چھوڑے گا؟ میں دہشت گردی کی سپورٹ نہیں کرتا لیکن ان حالات میں بلوچ کیا کرے گا۔ محمود خان اچکزئی نے اسپیکر اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس ایوان کو مضبوط کریں تو کوئی پاگل نہیں جو جنگ کرنے اور لڑنے مرنے پر آمادہ ہو۔ محمود خان اچکزئی نے مزید کہا کہ صرف پاکستان زندہ باد کے نعروں سے پاکستان نہیں بنے گا۔ پشتون بلوچستان کا پچاس فیصد ہیں، بلوچوں کو یقین دہانی کرائی جائے کہ صوبے کے وسائل پر آپ ہی کا حق ہے۔

بقیہ 12 معذرت

خطاب میں علیم خان نے کہا کہ قائمہ کمیٹی اجلاس میں ایک واقعہ ہوا، 24 سال سے سیاست میں کوشش کی ہر کولیگ سے احترام کا رشتہ رکھوں۔ انہوں نے کہا کہ کبھی ایسے لمحات آ جاتے ہیں، میں سینیٹر پلوشہ خان، سینیٹر پرویز رشید اور دیگر ارکان سے دلی طور پر معذرت خواہ ہوں۔

بقیہ 13 پی ٹی آئی

نتیجے میں سیکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشتگردی کے خلاف جدوجہد میں قوم متحد ہے۔ اجلاس میں بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی صحت سے متعلق خبروں پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 14 صدر

حربہ استعمال کرنے کی کوششوں کو مسترد کرنا ضروری ہے، کیونکہ دریاؤں کے بہاؤ میں خلل لاکھوں زندگیوں، روزگار اور غذائی نظام کے لیے خطرہ ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے دنیا کے آبی ذخائر کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا کے آبی ذخائر کے عالمی دن کے موقع پر میں آبی ذخائر کے تحفظ اور پائیدار انتظام کے لیے ہماری وابستگی کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں،

بقیہ 15 امیر مقام

قرار دیتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں امیر مقام نے کہا کہ سہیل آفریدی کی آمد پر ان کا خیر مقدم کیا گیا اور شکریہ بھی ادا کیا گیا، ہم سب کی اپنی اپنی جماعتیں اور سیاسی وابستگیاں ہیں لیکن بالآخر ہم سب ایک پاکستان کا حصہ ہیں اور قومی مفادات پر اتفاق ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کے معاملے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 16 وزیر داخلہ

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز، پولیس اور انٹیلی جنس ایجنسیز کے مشترکہ آپریشن کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 22 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی اداروں نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے بڑے نیٹ ورک کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے تمام سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 17 علامہ راجا

تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دو لوگ شہر تک آ گئے، 3 سے 4 گھنٹے دندناتے رہے، جن نمائندوں کو عوام نے منتخب نہیں کیا وہ پارلیمنٹ آ گئے۔

بقیہ 18 سونے اور تیل

سمیت کوریا، چین، جاپان اور سنگاپور جیسے ممالک میں بھی فی تولہ اور دس گرام سونے کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دوسری جانب عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں تقریباً 3 فیصد تک کمی ریکارڈ ہوئی جس کی وجہ عالمی سپلائی میں نرمی اور سپلائی صورتحال میں تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔

بقیہ 19 علیمہ خان

ملزمہ کو گرفتار کر کے (آج) تک عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کے خلاف تھانہ صادق آباد میں 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کی سماعت ہوئی، جس کے دوران علیمہ خان کے وکیل فیصل ملک عدالت میں پیش ہوئے۔ فیصل ملک نے عدالت کو بتایا کہ علیمہ خان کے اکاؤنٹ، شناختی کارڈ جب تک ڈی فریز نہیں ہوں گے وہ عدالت میں پیش نہیں ہوں گی۔ اسپیشل پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے کہا کہ ملزمہ عدالت کو ڈکٹیٹ نہیں کر سکتیں،

بقیہ 20 ایران اور امریکہ

کے مطابق ایک سینئر امریکی اہلکار نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کہ یہ مذاکرات رواں ہفتے ہی شروع کرنے کے لیے جا رہے ہیں۔ امریکا اور ایران مذاکرات کے لیے ترکیہ، مصر اور قطر ایک اعلیٰ سطح کی ملاقات کے انتظامات بھی کر رہے ہیں۔ جہاں ابتدائی طور پر امریکی صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور ایک اعلیٰ ایرانی عہدیدار ملاقات کریں گے۔ فی الحال اس ملاقات کا ایجنڈا سامنے نہیں آیا اور نہ ہی امریکا یا ایران کی جانب سے اس متوقع مذاکرات کی تصدیق یا تردید سامنے آئی ہے۔ قبل ازیں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا تھا کہ ہم امریکا کے ساتھ اعتماد کی کمی کے باوجود ایٹمی پروگرام پر مذاکرات کے لیے تیار ہے بشرطیکہ مذاکرات منصفانہ اور مناسب ہوں۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام یا اپنے حمایت یافتہ گروپوں (جیسے حزب اللہ یا حوثی وغیرہ) سے دستبرداری پر مذاکرات نہیں کرنا چاہتا۔

بقیہ 21 ریٹائرمنٹ

جعلی نوٹیفکیشن سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ وائرل نوٹیفکیشن میں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے نام سے یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے تمام وفاقی سرکاری ملازمین کی مدت ملازمت میں تین سال کی توسیع دینے کا فیصلہ کر لیا ہے اور یہ حکم یکم جنوری 2026 سے نافذ العمل ہوگا۔ سرکاری ذرائع نے نوٹیفکیشن کو جعلی اور بے بنیاد قرار دے دیا ہے۔

بقیہ 22 طلال چوہدری

بہت دور کی بات ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ ہم ہر وقت پی ٹی آئی کے کام کی بات کرتے ہیں جس میں خیبر پختونخوا کے مسائل شامل ہیں۔

بقیہ 23 چار ماہ میں گیس لیکج

ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق غیر قانونی طور پر اور ایل پی جی سلنڈر کے باعث 6 واقعات ہوئے جبکہ سوئی گیس کے باعث 14 واقعات رونما ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق حادثات میں رات کے وقت گیس وال کھلے چھوڑنے، ایل پی جی سلنڈر کے استعمال اور پائپ لائن گیس نہ ہونے کی وجہ سے پیش آئے دوسری جانب سول ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ برن کی رپورٹ کے مطابق دسمبر 2025ء میں کوئٹہ سے 42، چمن سے 4، پشین سے 5، نوشکی سے ایک مریض کو شعبہ برن وارڈ لایا گیا جن میں سے 18 افراد جاں بحق ہوئے برن یونٹ لائے گئے مریضوں میں 35 بالغ، 6 بچے، 6 نومولود اور 5 شیرخوار شامل تھے۔

بقیہ 24 قیمتی پتھروں

دی جائیگی جبکہ کاروبار کی رجسٹریشن، صوبائی ہم آہنگی اور سہولیات کے لیے مرکزی اتھارٹی بنانے کی بھی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ اتھارٹی میں وفاق اور صوبائی نمائندے شامل ہوں گے جبکہ ادارہ قومی جیم اسٹونز پالیسی کا نگران ہوگا۔ نیشنل ون ونڈو آفس قائم اور برآمد ہونے والے سامان کی واپسی یقینی بنائی جائے گی، برآمد کنندگان کو لین دین آسان بنانے کے لیے ای کامرس گیٹ وے کی سہولیات دی جائے گی۔

بقیہ 25 طاہر اشرفی

پہنچانے کا شریعت سے تعلق نہیں، بیوی کو کھونے کا معاملہ جب اسلامی نظریاتی کونسل کے پاس آئے گا تو دیکھیں گے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کی سازش کی گئی۔ پاک فوج کو خراج تحسین اور سلام پیش کرتے ہیں۔ جو لوگ بلوچستان علیحدگی کی بات کرتے وہ ایک یونین کونسل پر قبضہ بھی نہیں کر سکے۔ ہمیں نوجوانوں کو پیغام دینا ہے کہ وہ دہشتگردوں کے آلہ کار نہ بنیں۔ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ اللہ نے قرآن کریم میں حکم دیا ہے جہاں بھی ایسے دہشتگرد ملیں انہیں قتل کریں۔

بقیہ 26 ٹرین روڈ بند

اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس سیکورٹی خدشات کی بنا پر پچھلے تین روز سے معطل ہے جبکہ منگل کو بھی پشاور جانے کیلئے جعفر ایکسپریس اور چمن جانے کیلئے چمن ٹرین منسوخ کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب پنجاب کو بلوچستان سے ملانے والی ڈی آئی خان لورالائی قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے بند ہے اسی طرح کوئٹہ سے تفتان جانے والی قومی شاہراہ نوشکی کے مقام پر بند ہے، جبکہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ اور کوئٹہ جیکب آباد کو کوئٹہ قومی شاہراہ کو آج صبح ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں موبائل فون ڈیٹا انٹرنیٹ سروس تیسرے روز بھی معطل ہے، صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ کوئٹہ میں موبائل فون ڈیٹا انٹرنیٹ سروس گزشتہ ہفتہ کے روز سے معطل ہے

بقیہ 27 بنگلا دیش

کی بیمان ایئر لائنز ڈھاکا سے کراچی کے لیے ہفتہ وار تیسری پرواز بھی آپریٹ کرے گی۔ ایئر لائن کی جانب سے تیسری پرواز کے لیے مسافروں کی تعداد سمیت مارکیٹ فیکٹرز اور دیگر عوامل کو مدنظر رکھا جائے گا۔

بقیہ 28 پولیس ترجمان

میں لائی جائے گی اور جن کے قبضے سے چوری شدہ سامان برآمد ہوا انکو دہشتگردوں کا ساتھی تصور کیا جائے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ کے شہری غیور، مہمان نواز اور پرامن لوگ ہیں تاہم دہشتگرد حملے کے دوران بعض شہریوں کا رویہ ایک سوالیہ نشان بن گیا ہے

بقیہ 29 نیٹ میٹرنگ

پر صارفین اور سٹیک ہولڈرز کی جانب سے جمع کرائے گئے اعتراضات پر 6 فروری کو عوامی سماعت مقرر کر دی۔ رپورٹ کے مطابق نیپرا نے 16 دسمبر کو نیٹ میٹرنگ پالیسی میں مجوزہ ترامیم کا ڈرافٹ جاری کرتے ہوئے 30 دن کے اندر اعتراضات طلب کیے تھے۔ اتھارٹی کے مطابق موصول ہونے والے اعتراضات پر عوامی سماعت کے بعد ترامیم پر حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ 30 طلحہ محمود

ہے، ایف بی آر سے پوچھا جائے۔ سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ ایف بی آر تاتاری لشکر کی طرح ہے، جہاں جاتا ہے تباہی پھیر دیتا ہے، ایف بی آر میں چنگیز خان کو بٹھا دیا گیا ہے کہ ٹیکس لگا دیا جائے۔ سنا ہے چیئرمین ایف بی آر کو بتایا جاتا ہے کہ فلاں شعبہ ٹیکس کے باعث مشکل میں ہے تو وہ خوش ہوتا ہے۔ ایف بی آر کے قابل افسران باہر بیٹھے ہیں اور واپڈا سے ایک شخص کو ایف بی آر میں بٹھا دیا ہے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ چیئرمین ایف بی آر کو طلب کر کے کہا جائے کہ معاملہ حل کریں۔

بقیہ 31 فارن فنڈنگ

اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف غیر ملکی فنڈنگ کیس میں عدالت نے ایف آئی اے کو چالان مکمل کرنے کے لیے 2 دن کی مہلت دے دی ہے۔

بقیہ 32 مذمتی قرارداد

دعا کی گئی۔ اجلاس کے دوران سینیٹ کی معمول کی کارروائی کا ایجنڈا ملتوی کیا گیا اور اجلاس میں حالیہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات پر بحث کی گئی۔ اجلاس کے دوران حالیہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات کے خلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ یہ ایوان ان واقعات میں شہید ہونیوالے قانون نافذ کرنیوالے اہلکاروں اور سویلین کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔

بقیہ 33 ایم پی اے کی تقرری

سندھ کے جنرل سیکرٹری منصور علی و دیگر کی جانب سے دائر کی گئی ہے جبکہ درخواست میں چیف سیکرٹری سندھ، سیکرٹری داخلہ سندھ، آئی جی سندھ پولیس و دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ عدالت نے درخواست کی فوری سماعت کی استدعا منظور کر لی۔

بقیہ 34 شیری رحمٰن

60 ملین ایکڑ فٹ پانی درکار ہوگا۔ آبی ذخائر کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 225 سے زیادہ اہم ویٹ لینڈز ہیں، جن میں 19 رامسر کنونشن کے تحت شامل ہیں جبکہ کل رقبہ 1,343,807 ہیکٹر ہے۔

بقیہ 35 سعد رضوی

نے کیس واپس چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو بھجوا دیا، درخواست خاتون ثروت بی بی کی جانب سے دائر کی گئی۔

بقیہ 36 چیف سیکرٹری

کچہریوں میں عوامی مسائل کا حل سمیت متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ کانفرنس میں عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معاشی استحکام کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ کانفرنس میں محکمہ تعلیم اور صحت میں خالی پڑی عارضی پوزیشنز پر فوری بنیادوں پر اساتذہ اور ڈاکٹروں کی تعیناتی کا حکم جاری کیا گیا۔ اس اقدام کا مقصد دیہی علاقوں میں تعلیمی اور طبی سہولیات کی دستیابی کو بہتر بنانا ہے۔ چیف سیکرٹری نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ باقاعدہ کھلی کچہریاں منعقد کریں اور عوامی مسائل، سہولیات کی عدم دستیابی اور دیگر شکایات کا فوری حل یقینی بنائیں۔ انہوں نے صوبے بھر میں آٹے کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے تناظر میں ڈپٹی کمشنرز کو پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو متحرک کرنے اور فلور ملز، آٹا چکیوں پر سخت نظر رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 37 2 چیف افسر گرفتار

کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں تحقیقات کے بعد 9 آفیسران کے خلاف مقدمات درج کیے گئے تھے اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان نصیب اللہ کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر انویسٹیگیشن 1 کی نگرانی میں ٹیم نے میونسپل کمیٹیز نے موسیٰ خیل، اور اوستہ محمد میں بدعنوانی کے سنگین الزامات موثر کارروائی کی اور تحقیقات کے دوران سامنے آنے والی معلومات میں بعض سابق چیف آفیسران نے کروڑوں روپے کے ترقیاتی فنڈز کو بدنیتی کے ساتھ غیر ترقیاتی مد میں منتقل اور خرچ کیے جو مالی قواعد وضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہے کیونکہ اس سے عوامی ترقیاتی منصوبے متاثر ہوئے تحقیقات میں ثابت ہوا کہ ملوث آفیسران نے سرکاری فنڈز کو ناجائز طور پر استعمال کرتے ہوئے مجرمانہ بدیانتی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کا ارتکاب کیا ہے جس کے نتیجے میں سرکاری خزانہ کو بھاری نقصان پہنچا ہے

بقیہ 38 پاکستان نیوی

دوران مکالمہ، عملی سمندری مشقیں بھی ہوں گی۔ پاکستان نیوی کے تحت ایکس سی گارڈز 2026 کے دوران میری ٹائم سیکٹر کو درپیش مشکلات پر بات ہوگی۔ وائس ایڈمرل فیصل امین نے کہا کہ مختلف سرکاری، نجی شعبوں کے کرداروں کا یہ اہم آئی سی سی پر اعتماد بڑھاتا ہے۔ محفوظ سمندر مستحکم پاکستان سی گارڈز مشقوں کا موضوع ہے۔

بقیہ 39 بلاول بھٹو

ہیں تو فطرت کی آواز دب جاتی ہے اور ان کی بربادی کی سب سے بھاری قیمت ہمیشہ غریب اور کمزور طبقات کو چکانا پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، اس لیے پاکستان اپنے ویٹ لینڈز بشمول دریاؤں، جھیلوں، مینگرووز اور نازک ڈیلٹائی سسٹم کو نظرانداز کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

بقیہ 40 اچے بگا

عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل آثار قدیمہ جولیاں کا دورہ کیا، اس موقع پر سیکرٹری محکمہ آرکیالوجی عبدالصمد، کمشنر ہزارہ اور دیگر انتظامی افسران نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔

بقیہ 41 خیر مقدم

عظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے عالمی بینک گروپ کے صدر کی حیثیت سے اجے بنگا کے پہلے سرکاری دورہ پاکستان پر ان کا خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کے ساتھ عالمی بینک گروپ کی طویل المدتی شراکت داری اور ملک کی ترقیاتی ترجیحات کے فروغ کے لیے اس کے عزم کو سراہتے ہوئے بالخصوص 10 سالہ عالمی بینک گروپ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) کے تحت تعاون کو قابل تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم نے عالمی بینک گروپ کو مزید موثر ترقیاتی شراکت دار بنانے میں اجے بنگا کی قیادت کو بھی سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان پائیدار اقتصادی استحکام کے حصول کے لیے ایک جامع، کثیر الجہتی اور ملکی ضروریات کے مطابق تشکیل دیئے گئے اصلاحاتی پروگرام پر پوری تندہی سے عمل پیرا ہے۔ وزیراعظم نے مضبوط انفراسٹرکچر، زرعی کاروبار، ڈیجیٹل ترقی، توانائی، انسانی وسائل، مالیاتی اصلاحات، روزگار کے مواقع اور نجی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے عالمی بینک گروپ کی معاونت کو بھی سراہا۔ وزیراعظم اور اجے بنگا نے اس بات پر زور دیا کہ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک سے ہم آہنگ ترجیحات پر تیز رفتار عملدرآمد اور موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ بروقت اور بڑے پیمانے پر نتائج حاصل کیے جا سکیں۔

بقیہ 42 سٹی تھانے

خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او سٹی میر عالم جتک۔ اور پولیس ٹیم نے سٹی ایریا میں کامیاب کارروائی کیس پہلی کارروائی میں لڑائی جھگڑے و اقدام قتل کے کیس میں سٹی تھانے کو مطلوب اشتہاری ملزمان حمدان اور نعمت اللہ کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی دوسری کارروائی میں ملزم امان اللہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے پسٹل برآمد کر کے مقدمہ درج کر لی کارروائی جاری تیسری کارروائی میں چوری کے کیس میں ملزم کبیر احمد کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا اشتہاری ملزمان سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈی آئی جی پولیس کے اشتہاری کے خلاف کامیاب کارروائی چوری کے مقدمہ میں اشتہاری ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی انچارج مقبول احمد موسیانی نذیر زہری و دیگر ملازمان نے کرخ روڈ ایریا میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم ذکریا کو مولہ تھانہ کے مقدمہ نمبر 2024/3 بجرم 34-380-381 ت پ میں گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا۔ جسکو مزید تفتیش کے لیے مولہ تھانہ کے حوالہ کیا جائے گا

بقیہ 43 سودمند

یوں میں کامیابی عطا فرمائے اور ان کی خدمات بلوچستان کے عوام کے لیے سودمند ثابت ہوں۔

بقیہ 44 معمولی حوصلے

پھیلانا تھا، تاہم اداروں کی یکجہتی اور فوری ردعمل نے اس ارادے کو ناکامی سے دوچار کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں سیکورٹی اداروں اور پولیس کے غیر معمولی حوصلے اور مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا ہے۔ نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا کہ بلوچستان امن، رواداری اور اقدار کی سرزمین ہے اور یہاں بدامنی کی کوئی گنجائش نہیں۔

بقیہ 45 سرمایہ کاری

یہ ملاقات وزارت خزانہ میں منعقد ہوئی، جس میں وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد کی قیادت جاوید اختر، چیف فنانس آفیسر، اسیاڈ گروپ (بورڈ ممبر)، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے کی۔ وفد میں زبیر شیخ، چیف ایگزیکٹو آفیسر، اور ضرار محمود، چیف فنانس آفیسر، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران کمپنی کی موجودہ سرگرمیوں، آئندہ سرمایہ کاری کے امکانات اور آئل مارکیٹنگ و توانائی کے شعبے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پائیدار معاشی استحکام حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے ناگزیر ہے

بقیہ 46 پاسپورٹ سکین

لوڈ کریں اور اس ایپ پر جا کر اپنی ای میل کے ذریعے رجسٹریشن کرائیں، اس کے بعد پاسپورٹ سکین کریں، اگلے مرحلہ میں اپنی سیلفی لیں اور اس کے بعد دائیں اور بائیں ہاتھ کے فنگر پرنٹس لیں، رجسٹریشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد بائیو میٹرک درخواست موصول ہونے کی ای میل آئے گی اور اس ای میل کو مزید پراسس کیلئے سنبھال کر رکھیں۔

بقیہ 47 اگلی تاریخ

کیسز ہیں۔ وکیل نے جواب دیا کہ درختوں کی کٹائی سے متعلق تین کیسز ہیں، جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب کو اگلی تاریخ دے دیں تاکہ ان کیسوں کو تفصیل سے سن لیں۔ عدالت نے درختوں کی کٹائی روکنے کے حکم میں توسیع کرتے ہوئے سماعت 13 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 48 انویسٹی گیشن

کی برآمدگی کر لی گئی ہے۔ ملزم سے 1734 گرام سونا برآمد اور 3 کروڑ سے زائد نقدی بھی برآمد کی ہے۔ اس کے علاوہ ملزم سے کروڑوں مالیت کی گاڑیاں اور دیگر قیمتی سامان بھی برآمد ہوا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے بتایا کہ ملزم تاجروں سے سونا ہتھیانے کے بعد مارکیٹ سے فرار ہو گیا تھا۔ یہ ایک سوچی سمجھی واردات تھی اور واردات کرنے سے پہلے ملزم اپنا گھر اور اپنی گاڑیاں بیچ چکا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر ہونے کے فوری بعد انوسٹی گیشن پولیس کی مختلف ٹیمز کو ٹاسکنگ دی گئی ہے۔ اس سلسلہ ہم نے اس بات کو بھی یقینی بنایا کہ ملزم بیرون ملک فرار نہ ہو اور جلد از جلد گرفتار کر لیا جائے۔ سید ذیشان رضا نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور ہیومن انٹیلی جنس دونوں پہلوؤں سے تفتیش عمل میں لائی گئی، تاکہ ریکوری زیادہ سے زیادہ ہو۔ ملزم کے خلاف متعلقہ تھانہ میں 20 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 49 آئی ایم ایف

چینی ڈیڑھ سو فی کلو ملتا ہے کوئٹہ دو سو یا دو سو بیس روپے فی کلو ملتا ہے اس طرح آٹے کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہے آج بھی گندم پر دوسرے صوبوں سے آمد پر پابندی ہے جس کے سبب عوام مہنگائی کی چکی میں دن بدن پستے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی پالیسیوں سے عوام کو ریلیف میسر کرنے کی کوئی امید نہیں۔ مہنگائی نے مزید غریب عوام کا خون نچوڑ کر رکھ دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران عوام پر بوجھ ڈالنے کی بجائے وزرا اور مشیروں، ججوں، جرنیلوں اور بیوروکریٹوں کی مراعات اور پرتعیش طرز زندگی میں کمی لائے عوام پر مزید بوجھ نہ لادے

بقیہ 50 قلم کا حق

اللہ خان کو سینئر نائب صدر، ظفر اللہ بلوچ نائب صدر، کفایت علی کو سینئر جوائنٹ سیکرٹری، عدنان سعید کو جوائنٹ سیکرٹری، عصمت سالاری کو فنانس سیکرٹری اور شہزادہ ذوالفقار، سلیم شاہد، رضا الرحمن، ارشد بٹ، مرتضیٰ زہری، مجیب اللہ، سید خلیل الرحمن اور محمد عامر کو ایگزیکٹو باڈی کے اراکین منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نو منتخب عہدیداران بحران زدہ صوبہ کی توانا آواز بن اپنے سرزمین اور قلم کا حق ادا کرتے ہوئے بلوچستان کے حقیقی مسائل کو اجاگر کریں گے۔

بقیہ 51 دفاعی بجٹ

ہے یہ اضافہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بھارت پہلے ہی خطے میں جارحانہ عسکری پالیسی، لائن آف کنٹرول پر اشتعال انگیزی اور جدید ہتھیاروں کی دوڑ میں مصروف ہے بھارت کی جانب سے دفاعی بجٹ میں نمایاں اضافے کا براہ راست اثر پاک بھارت تعلقات پر پڑے گا، جہاں پہلے سے موجود کشیدگی مزید گہری ہونے کا خدشہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ اعتماد سازی کے اقدامات کی بجائے بھارت کی جانب سے عسکری اخراجات میں اضافہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات کے امکانات کو مزید کمزور کر سکتا ہے پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن اور اسٹریٹجک استحکام پر زور دیا ہے

بقیہ 52 جمہوری قوتوں

جماعت ہے جس نے نہ صرف ملک کو متفقہ آئین دیا بلکہ ہر آمرانہ دور میں اس کی بالادستی کے لیے بے مثال قربانیاں بھی دیں جبکہ آج آئین کے نام پر شور مچانے والے عناصر ماضی میں یا تو خاموش تماشائی بنے رہے یا اقتدار کے حصول کے لیے غیر جمہوری قوتوں کی گود میں جا بیٹھے سردار عمر گورگیج نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پر بے بنیاد الزامات لگانا دراصل بلوچستان کے عوام کے ووٹ، جمہوری فیصلے اور آئینی نظام کی صریح توہین ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی دہشت گردوں کے سامنے سینہ سپر ہو کر بہادری کے ساتھ کھڑے ہیں، اور دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں انہوں نے اپنے سینکڑوں ساتھی کھوئے ہیں جو لوگ آج محفوظ کمروں میں بیٹھ کر الزامات کی سیاست کر رہے ہیں وہ اس جنگ کی قربانیوں اور زمینی حقائق سے مکمل طور پر نابلد ہیں انہوں نے کہا کہ ''تحریک تحفظ آئین'' میں شامل بعض جماعتیں ایسی ہیں کہ اگر انہیں ایک اکلوتی نشست بھی حاصل نہ ہو تو وہ پارلیمانی سیاست سے ہی فارغ ہو جائیں۔

بقیہ 53 اٹھارہ صفحات

وفاقی آئینی عدالت پاکستان کی جانب سے رپورٹنگ کے لیے اٹھارہ صفحات پر مشتمل منظور شدہ تحریری تفصیلی فیصلہ کے مطابق یہ فیصلہ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس روزی خان بریچ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے ایف سی پی ایل اے نمبر 14 آف 2025 کی سماعت کے بعد جاری کیا۔ کیس سندھ ہائی کورٹ، سرکٹ کورٹ لاڑکانہ کے 6 نومبر 2025 کے حکم کے خلاف دائر کیا گیا تھا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق جواب دہندہ الطاف حسین سومرو چانڈکا میڈیکل کالج لاڑکانہ کے دوسرے سال کے ایم بی بی ایس طالب علم تھے جو گردے کی پیوندکاری (ٹرانسپلانٹ) کے باعث سالانہ امتحانات اور بعد ازاں فزیالوجی کے سپلیمنٹری امتحان میں شرکت نہ کر سکے۔ طالب علم نے یونیورسٹی انتظامیہ سے خصوصی رعایت کی درخواست کی تاہم وائس چانسلر نے دونوں درخواستیں مسترد کر دیں جس کے بعد طالب علم نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔ سندھ ہائی کورٹ نے معاملے کو غیر معمولی حالات قرار دیتے ہوئے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کو طالب علم کے لیے خصوصی/سپر سپلیمنٹری امتحان منعقد کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس فیصلے کے خلاف وائس چانسلر اور یونیورسٹی انتظامیہ نے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا

بقیہ 54 قابل مذمت

لونی اپنے ایک بیان میں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پرامن اور محب وطن ہیں اور وہ کسی بھی صورت میں دہشت گردی کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت عمل ہے اور اس طرح کی کارروائیاں دراصل دشمن کی کمزوری اور بوکھلاہٹ کو ظاہر کرتی ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی حکومت، سیکورٹی فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف فوری اور بھرپور جوابی کارروائی کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 55 بخت محمد کاکڑ

ج زخمیوں سے انفرادی طور پر ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے زخمیوں اور ان کے لواحقین کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان متاثرہ افراد کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بخت محمد کاکڑ نے ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور پیرامیڈیکل عملے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں طبی عملے نے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھایا ہے جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے ہسپتال میں سیکیورٹی کے انتظامات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ مریضوں اور عملے کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے ہدایت کی کہ تمام زخمیوں کو بہترین اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں، ادویات، تشخیصی عمل اور علاج میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو یہ بھی ہدایت کی کہ ایمرجنسی اور ٹراما کی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ہسپتال کی استعداد کار کو مزید بہتر بنایا جائے۔

بقیہ 56 ویکسی نیشن

ڈے ہوگا، حساس علاقوں میں 5 روزہ پولیو مہم، 2 کیچ اپ ڈیز ہوں گے، حساس ایریاز میں کمیونٹی بیسڈ پولیو ویکسینیشن، اسپیشل موبائل ٹیمز تعینات ہوں گی مہم کا ہدف 4 کروڑ 54 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسی نیشن ہے، پنجاب میں 2 کروڑ 33 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن ہوگی، کے پی میں 1 کروڑ 6 لاکھ، بلوچستان میں 26 لاکھ 60 ہزار، آزاد کشمیر 7 لاکھ 40 ہزار، جی بی میں 2 لاکھ 80 ہزار، اور اسلام آباد میں 4 لاکھ 60 ہزار بچوں کی ویکسینیشن ہوگی۔ قومی انسداد پولیو مہم میں 4 لاکھ 12706 فرنٹ لائن ورکرز ڈیوٹی دیں گے۔

بقیہ 57 فرض شناسی

علاقوں میں دہشت گرد حملوں کو بروقت ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز اور پولیس کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ فورسز نے جرات، بہادری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا

بقیہ 58 نسبتاً معتدل

میں 11 اور تربت میں 15 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔ نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت 9 جبکہ چمن میں 5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں موسم نسبتاً معتدل رہا، جہاں گوادر میں کم سے کم درجہ حرارت 13 اور جیوانی میں 14 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے کراچی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہنے اور رات کے وقت خنکی برقرار رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ شہر میں کم سے کم درجہ حرارت 12 سے 14 جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 سے 29 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں شمالی ہوائیں 11 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہیں اور ہوا میں نمی کا تناسب 58 فیصد ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 59 اقدامات

ں کو بروقت اور شفاف معاوضے کی فراہمی کے لیے اقدامات پر غور کیا گیا۔

بقیہ 60 دارالحکومت کوئٹہ

موش کرانے کی کوششیں ایک منظم تسلسل کے تحت جاری ہیں عوامی نیشنل پارٹی اس قسم کے اقدامات کو سیاسی عدم استحکام گردانتی ہے صوبائی بیان میں مزید کہا گیا کہ صوبہ بلوچستان اس وقت بالخصوص دارالحکومت کوئٹہ امن وامان کی انتہائی تشویشناک صورتحال سے دوچار ہے شہری آئے روز خوف عدم تحفظ اور ذہنی اذیت کے عالم میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں حالات اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ شریف النفس اور قانون پسند شہری ہونا بھی ایک عذاب بن چکا ہے عوام پہلے ہی بدترین معاشی وبا بے روزگاری اور بدامنی کا سامنا کر رہے ہیں ایسے میں بلاجواز چھاپے اور سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنانا جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے

بقیہ 61 خالق شہید تھانہ

ان واقعات میں سیکورٹی اداروں کے علاوہ عام سویلین افراد بڑی تعداد میں شہید ہو گئے۔ ٹراما سینٹر میں ایک زخمی بچہ ایسا ہے جس سے عدالت روڈ پر موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکاروں نے کاغذات ہونے کے باوجود موٹر سائیکل چھین لی اور خالق شہید تھانہ لے گئے جب بچہ خالق شہید تھانہ گیا اور اپنے موٹر سائیکل کے کاغذات دکھائے اور اپنی موٹر سائیکل طلب کی تو اسے گولی مار کر زخمی کیا گیا، جو قابل مذمت ہے۔ آئی جی ڈی آئی جی پولیس اس واقعہ کی خصوصی تحقیقات و انکوائری کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات ریاست کے رٹ کی بحالی، حکومت کے امن کے دعوؤں کی نفی کرتے ہیں۔ گزشتہ روز کے واقعات حکومت کے کھلی ناکامی کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے حکومت سے سیویلین شہدا و زخمیوں کیلئے فوری معاوضے کا اعلان کرنے اور زخمیوں کے علاج معالجے کیلئے خصوصی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 62 لواحقین سے تعزیت

سرگرمیوں میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ یوکرینی صدر نے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کی ہے۔ صدر کا کہنا تھا کہ شہریوں اور طبی مراکز کو نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ حکام کے مطابق ڈرون حملوں کے بعد سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے، جبکہ متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 63 قونصل جنرل ایران

انہوں نے کہا کہ ایران میں گزشتہ دنوں کچھ واقعات پیش آئے تاجروں نے معاشی مشکلات کے باعث احتجاج کیا تھا یہ ان کا حق تھا ایران گزشتہ کئی دہائیوں سے پابندیوں کے باعث معاشی مشکلات کے باوجود اپنے عوام کے ریلیف دے رہا ہے گزشتہ دنوں کے تاجروں کے احتجاج کو بعض عناصر ان واقعات کو دہشت گردی کی طرف لے گئے ان واقعات میں پیچھے امریکہ اور اسرائیل ملوث ہیں دہشت گردوں نے سرکاری املاک کے ساتھ ساتھ عام نہتے لوگوں کو قتل عام کیا مساجد اور ہسپتالوں اور ایمبولینسوں کو نذر آتش کیا سوچے سمجھے منصوبے کے تحت حالت کو خراب کیا گیا ایرانی حکومت نے 48 گھنٹوں کے اندر اندر ان حالات پر قابو پایا انہوں نے کہا کہ ایران میں حالات اب معمول کے مطابق ہیں انہوں نے کہا کہ اسرائیل۔ امریکہ نے سازشیں جاری رکھی ہوئی ہیں ایران امن کا طلبگار ہے امریکہ سمیت سب کے ساتھ منصفانہ مذاکرات کیلئے تیار ہے امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے ایران کے خلاف مغربی میڈیا کے توسط سے منفی میڈیا وار جاری رکھی ہے انہوں نے کہا کہ ایرانی حکومت اپنے عوام کے ساتھ مل کر امریکہ اور اسرائیل کے سازشوں کو ناکام بنائے گی انہوں کہا کہ ہم امن کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اگر ایران پر جنگ مسلط کی گئی تو اس کا بھرپور جواب دیں گے ایران پہلے نہیں کرے گا اگر کسی نے پہلے کی تو اس کے لئے ایران تیار ہے انہوں نے کہا کہ پابندیوں نے ایران کو جہاں نقصان پہنچایا وہاں بہت فائدے بھی ہوئے ایران نے جدید اسلحہ ٹیکنالوجی کو اپنایا آج ایران اپنے پاؤں پر کھڑا ہے انقلاب کے آغاز سے ہی ایران کو پابندیوں کا سامنا ہے ایران کے خلاف بوگس اور بے بنیاد پروپیگنڈے کے ذریعے واویلا مچایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ دشمن ممالک مغربی میڈیا کے پروپیگنڈے سے ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران میڈیا کے درمیان خلا موجود ہے اس کو دور کرنے کی ضرورت ہے دونوں ممالک کے میڈیا کو ایک دوسرے کے ساتھ رابطے کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ 64 گورنر خیبر پختونخوا

گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاں کھیلوں کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں خوشحالی آتی ہے اور ایسی سرگرمیاں معاشرے میں مثبت سوچ کو فروغ دیتی ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے آسٹریلیا کے خلاف قومی کرکٹ ٹیم کی فتح کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی قوم کے حوصلے بلند کرنے کا باعث بنی ہے۔ امید ہے ورلڈ کپ میں بھی پاکستان بہتر پرفارم کرے گا، پاکستان کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ کھیلنے جا رہی ہے، پاکستان ٹیم کا بھارت کیخلاف ورلڈ کپ میچ نہ کھیلنے کا فیصلہ درست ہے، بھارت نے ہم سے ہاتھ ملانے سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور کے پی حکومت کے درمیان رابطے اچھے ہونے چاہیے، بات چیت کے ذریعے ہی مسائل کا حل ہے، ریاست، امن، ترقی پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ہم نے بڑی قربانیاں دی ہیں اور یہ جنگ ہم جیت رہے ہیں، سیکورٹی فورسز کے جوان روزانہ شہید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو جنگ ہارنے کے بعد چپ کا روزہ لگ گیا، امریکی صدر ہر ہفتے پاکستان اور فیلڈ مارشل کا نام خود لیتے ہیں بلوچستان میں ملک دشمن عناصر نے حملے کیے۔ بھارت اور اسرائیل افغانستان کی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال کر رہا ہے۔ کے پی اور بلوچستان میں جلد مکمل امن ہوگا۔

بقیہ 65 تاریخ

نے گرفتاریوں کی تاریخ یا مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔

بقیہ 66 عوامی فلاح

خان جمالی نے کہا کہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور قیادت کی واضح ہدایات کی روشنی میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں، صحت، تعلیم اور عوامی فلاح کے مختلف پروگراموں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، خصوصاً دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اس کا اہم کردار ہے۔ حکومت لائیو اسٹاک کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے، مویشی پال کسانوں کو سہولیات فراہم کرنے اور ان کی معاشی حالت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ آخر میں صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل، علاقے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کے لیے جدوجہد جاری رہے گی اور پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے خدمت کا سفر اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھے گی۔

بقیہ 67 قدرتی وسائل

ندی کرتی چلی آئی ہے کہ دنیا کے مست سانڈ اس خطے اور ہمارے پرامن وطن کو میدان جنگ بنانے کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ان کی نظریں ہمارے عوام کے زمینوں، قدرتی وسائل، جنگلات کو قبضہ کرنے پر جمی ہوئی ہیں اور وہ اس وطن کو ایک ایسے آگ کی جانب دھکیلیں گے، جس سے کوئی بھی محفوظ نہیں ہوگا۔ ایسے میں پشتون بلوچ سیال وبرادر اقوام کو اپنے معلوم تاریخی وطن، وسائل کی دفاع کے لیے اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پشتون قوم کو آپس کی قبائلی رنجشوں میں سازش کے تحت دانستہ طور پر الجھایا گیا ہے اور انہیں اپنے اصل قومی اہداف کے حصول کے جاری پشتون قومی تحریک سے دور رکھ کر ان کے وسائل، جنگلات، زمینوں، معدنیات پر ہاتھ صاف کیا جا رہا ہے۔ پشتونوں کو آپس کی نفرتوں، رنجشوں کا خاتمہ کرنا ہوگا اور متحد و منظم ہو کر اپنے آباؤ اجداد کے تاریخی وطن کی دفاع کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جو حالات آج ہم سب کے سامنے ہیں اس کا مقابلہ صرف منظم سیاسی جمہوری جدوجہد سے ممکن ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکن عوام کو متحد و منظم کرنے اور اپنے قومی اہداف کے حصول کی جاری جدوجہد کو تقویت بخشنے کے لیے عوام تک پارٹی پیغام پہنچائیں۔

بقیہ 68 جلسہ عام

کے مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان، نظام خان کاکڑ، پشتونخوا ایس او سندھ کے آرگنائزر محبوب خان مندوخیل اور یونس خان کاکڑ ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض شفیع ترین اور عبدالخالق نے سرانجام دیے۔ قرارداد میں لطیف خان نے پیش کیں جنہیں جلسہ عام نے ہاتھ اٹھا کر منظور کیا۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد افغان نے حاصل کی۔ جلسے کے دوران پارٹی چیئرمین نے پشتونخوا لائرز فورم کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ جلسہ عام میں پشتو کے مشہور انقلابی شاعر عبدالحکیم مشعال اور اجمل خان نے انقلابی اشعار بھی پیش کیے۔ اس سے قبل جب پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور دیگر عہدیداران جلسہ گاہ پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

بقیہ 69 عملی اقدامات

معاشی طور پر مفلوج عوام پہلے ہی بدترین مشکلات کا شکار ہیں اب دہشت گردی اور گولیوں کا نشانہ بن کر شدید عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر گزشتہ عام انتخابات میں عوام کے حق رائے دہی پر ڈاکہ نہ ڈالا جاتا، اور قوم کے فیصلے کو نادیدہ قوتوں کے ہاتھوں یرغمال نہ بنایا جاتا، تو آج بلوچستان بالخصوص کوئٹہ اس سنگین بدامنی، خونریزی اور عدم تحفظ کی صورتحال سے ہرگز دوچار نہ ہوتا۔ ملکی سطح پر بالعموم اور بلوچستان میں بالخصوص عوام کی رائے کو روند کر، عوامی حمایت سے محروم ڈمی اور مسلط کردہ افراد کو اقتدار میں لایا گیا، جس کا خمیازہ آج معصوم شہری، نہتے عوام اور فرض شناس سیکورٹی اہلکار اپنے خون سے ادا کر رہے ہیں۔ یہ خون کسی ایک واقعے کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک مسلسل سیاسی جبر، انتخابی دھاندلی اور عوامی مینڈیٹ کی توہین کا انجام ہے۔

بقیہ 70 بلاول

لیے موجودہ مہم اس مرض سے نجات کا فیصلہ کن موڑ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے چار کروڑ سے زائد بچوں کو انسداد پولیو مہم کے قطرے پلانے والے ہیلتھ ورکرز ہمارے ہیروز ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسداد پولیو کی قومی مہم کو سرانجام دینے والے لاکھوں رضاکاروں کی عزت اور احترام ہم سب کا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے پولیو کا خاتمہ ہو چکا ہے، پاکستان کو اس مرض سے نجات دلانے کیلئے ہر فرد کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 71 قائمہ کمیٹی

درمیان عدالتی کیسز کا بڑا مسئلہ ہے۔ علی قادر گیلانی بولے کہ پنجاب پراپرٹی اونرشپ ایکٹ پر عدالت نے حکم امتناع جاری کر دیا تھا، اس قانون کے خلاف بھی بعد میں ایسے کوئی حکم امتناع جاری نہ ہو جائے۔ چیئرمین کمیٹی چوہدری محمود برکی نے کہا کہ اس بل پر ووٹنگ کرا لیں یا کوئی اور آپشن ہے، جس پر وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل نے کہا تھا کہ اس کو موثر کر کے مزید ترمیم کر لی جائے، ایک بار موثر کر دیں پھر ہم بیٹھ کر اس میں دوبارہ ترمیم کر دیتے ہیں۔ کمیٹی نے سول پروسیجر کوڈ ترمیمی بل ممبران کی تجاویز پر موثر کر دیا۔ اجلاس کے دوران تنازعات کے متبادل حل کیلئے آربیٹریشن بل 2026 قائمہ کمیٹی قانون و انصاف میں پیش کیا گیا۔ اس دوران کمیٹی ارکان عالیہ کامران اور نوید قمر نے بل پر تحفظات کا اظہار کیا۔ سید نوید قمر نے کہا کہ قانون سازی کرنا بار کونسل یا حکومت کا نہیں بلکہ پارلیمنٹ کا کام ہے، پہلے تھا کہ کوئی فریق ثالثی میں نہیں جا رہا تو اس کی مرضی، اب آپ کہہ رہے ہیں ثالثی میں جانا لازمی ہوگا۔ رکن کمیٹی سائرہ تارڑ نے کہا کہ پہلے فیصلوں کے بعد بھی لوگوں میں دشمنیاں چلتی رہتی تھیں، اب اگر عدالت اس میں مداخلت کرے گی تو دشمنیاں کم ہوں گی۔ نوید قمر کے تحفظات دور کریں، میں ثالثی کے حق میں ہوں

بقیہ 72 ناخواندگی

جعلی انتخابات وفارم 47 کے ذریعے کیوں مسترد نااہل لوگوں کو مسلط کیا گیا۔ بدعنوانی غربت و ناخواندگی ختم کرنے کیلئے کیوں عملی اقدامات نہیں کیے جاتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کو جمہوری احتجاج کا حق حاصل ہے نہ قانونی تجارت کر سکتے ہیں۔ عدل وانصاف ناپید، جمہوریت کا فقدان، جمہوری لوگوں کو سائیڈ پر کر کے اشاروں پر چلنے والوں کو مسلط کیا گیا ہے۔ پریشان عوام بے روزگاری نوجوانوں کو ستانے والا کوئی نہیں۔ پڑھے لکھے اہل نوجوان غربت، بے روزگاری اور غم وغصے کا شکار ہیں۔ بلوچستان کے وسائل، ساحل، معدنیات استعمال کرنے والے بلوچستان کے مسائل حل کرنے پر بھی سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے طاقت سے پہلے بھی مسائل بڑھے گئے آئندہ بھی طاقت وزور زبردستی آپریشن سے مشکلات مسائل احساس محرومی بڑھے گی۔ طاقتور طبقات مقتدر قوتیں، حکمران بلوچستان کے عوام کو جینے سے لگائے حقوق روزگار و ترقی دیں۔ زور، زبردستی، طاقت کا استعمال، بے عزتی کیوں جاتی ہے ترقی امن اور روزگار دینے سے حکمران کیوں بھاگتے اور گھبراتے ہیں۔ حقوق، امن نہ دینے زور زبردستی، مسلط شدہ مقتدر قوتوں کی بزور طاقت پالیسیوں، حقیقی عوامی قوتوں کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے بلوچستان بارود پر کھڑا ہو گیا ہے۔

وزیراعظم سے عالمی بینک کے صدر کی ملاقات، اقتصادی ترقی و اصلاحات پر تبادلہ خیال

حکومت پائیدار اقتصادی استحکام کے حصول کیلئے جامع، کثیر جہتی اصلاحاتی پروگرام پر تندہی سے عمل پیرا ہے، وزیراعظم

کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک سے ہم آہنگ ترجیحات پر تیز رفتار عملدرآمد اور موثر گورننس کو یقینی بنایا جائے، شہباز شریف

گورنر جعفر خان مندوخیل، حاجی لشکری رئیسانی و دیگر کا گروپ فوٹو

حاجی لشکری رئیسانی کی بی یو جے کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

امید ہے نو منتخب عہدیدار بحران زدہ صوبے کی توانا آواز بنیں گے

بھارت کے دفاعی بجٹ میں 15 فیصد اضافہ تشویشناک ہے، محمد عبدالقادر

پاکستان اور ایران دہشتگردی کی زمین بننے نہیں دیں گے، قونصل جنرل ایران

بلوچستان میں گزشتہ روز ہونیوالے واقعات قابل مذمت ہیں، امریکہ اور اسرائیل ایران میں ... متاثرہ خاندانوں کیساتھ ہیں، محمد کریمی توسکی

وفاق اور کے پی حکومت کے درمیان رابطے اہم ہیں، فیصل کریم

بات چیت کے ذریعے ہی مسائل کا حل ہے، ریاست، امن، ترقی پر سیاست نہیں ہونی چاہیے

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے درمیان ملاقاتیں جاری رہنی چاہئیں، گورنر کے پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ملک میں کھیلوں کے میدان آباد ہیں، کرکٹ میں بھارت کا رویہ سب کے سامنے ہیں، ہم نے جنگی اور سفارتی محاذ پر بھارت کو شکست دی، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے درمیان ایسی ملاقاتیں جاری رہنی چاہئیں۔ اسکرز الیون اور لندن میڈیا الیون کے درمیان کھیلے گئے نمائشی میچ کی اختتامی تقریب کے موقع پر صدر سینٹورس گروپ ڈاکٹر راشد سومرو کے ہمراہ میڈیا سے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ایران، فسادات میں ملوث ہونے کے الزام میں 4 غیر ملکی گرفتار

مشتبہ شخص کے بیگ کی تلاشی کے دوران چار دیسی ساختہ اسٹین گرنیڈز برآمد

گرفتار افراد کو ان کے ٹھکانے پر چھاپے کے دوران حراست میں لیا گیا

تہران (بیورو رپورٹ) ایرانی حکام نے گزشتہ ماہ فسادات میں ملوث ہونے کے الزام میں چار غیر ملکیوں کو گرفتار کرلیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گرفتار افراد کی قومیت ظاہر نہیں کی گئی، گرفتار افراد کو تہران صوبے میں ان کے ٹھکانے پر چھاپے کے دوران حراست میں لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ایک مشتبہ شخص کے بیگ کی تلاشی کے دوران چار دیسی ساختہ اسٹین گرنیڈز برآمد ہوئے، جو ہنگاموں اور بے امنی کے دوران استعمال کیے گئے تھے۔ ایران حکام .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بعض قوتیں خطے کی دولت ضائع کرنا چاہتی ہیں، سعودیہ میں ایرانی سفیر

ریاض (آن لائن) سعودی عرب میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے کہا ہے کہ بعض قوتیں خطے کو آگ میں جھونکنا اور یہاں کی دولت ضائع کرنا چاہتی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ قوتیں خطے کی ترقی کو روکنا اور اس پر جنگ مسلط کرنا چاہتی ہیں

بی ٹیوٹا و دیگر متعلقہ حکام کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو روشن مستقبل اور باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں بے روزگار نوجوانوں کو یورپ سمیت خلیجی ممالک میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بی ٹیوٹا کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈائریکٹر بی ٹیوٹا غلام حسین رئیسانی نے کی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے ویژن کے مطابق محکمہ خزانہ، محکمہ اطلاعات و نشریات، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

غلام نبی مری کی رہائشگاہ پر چھاپہ قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے بیان میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما غلام نبی مری کی رہائشگاہ پر چھاپے اور چادر و چاردیواری کے تقدس کی پامالی کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پرامن سیاسی جمہوری جدوجہد کرنے والی سیاسی جماعتوں اور ان کے کارکنوں کے خلاف معاندانہ طرزِ عمل اور انتقامی کارروائی پرامن سیاسی فضا کی خرابی کا باعث بنے گی۔

عوام کی بلاتفریق خدمت ہمارا نصب العین ہے، فیصل جمالی

سردار گھرانہ اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر عوامی خدمت ہی مطمع نظر رہا ہے

اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ سردار گھرانہ اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر، عوام کی بلاتفریق خدمت اس کی سیاست کا بنیادی اصول رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوٹھ سردار رستم خان جمالی، اوستہ محمد میں مقامی صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سردار گھرانے کی سیاست کا محور ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود رہا ہے اور ہم نے ہر دور میں ذاتی و گروہی مفادات کے بجائے عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک نظریاتی اور عوامی جماعت ہے جو ہمیشہ محروم اور پسماندہ طبقات کی آواز بنی ہے۔ سردارزادہ فیصل...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

چوہدری رحمت علی کی 75 ویں برسی آج منائی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 75 ویں برسی آج 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین قائداعظم محمد علی جناح کے دیرینہ رفیق چوہدری رحمت علی کی ملک و قوم کیلئے پیش کی گئی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے

گورنر جعفر خان مندوخیل سے نومنتخب صوبائی وزیر علی مدد جتک اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

ایلون مسک کی مصنوعی ذہانت سے متعلق چونکا دینے والی پیشگوئی

نیویارک (آئی این پی) دنیا میں مصنوعی ذہانت (AI) کی تیز رفتار ترقی نے ایک بار پھر ٹیکنولوجیکل سنگولیریٹی (Technological Singularity) سے متعلق خدشات اور بحث کو جنم دے دیا ہے۔

آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے مختلف حصوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد جبکہ مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ بالائی اور شمالی علاقوں سمیت بعض شہروں میں بارش اور برفباری بھی متوقع ہے

کوئٹہ: پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز جوگیزئی شہداء کربلا کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خضدار پولیس کی کاروائیاں 9 روپوش اور اشتہاری ملزمان گرفتار

کاروائیاں سٹی، نال، کرخ اور گریشہ کے علاقوں میں کیں گئیں، اسلحہ برآمد

چوری شدہ بجلی کے تار بھی برآمد ہوئے، جرائم کو پنپنے نہیں دیں گے، پولیس

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او نال کی جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کامیاب کاروائی قتل کے مقدمہ میں ایک روپوش شخص گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی نال محمد امین لاسی کی زیر نگرانی میں جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف مہم میں ایس ایچ او نال انسپکٹر عبداللہ غازی و دیگر اہلکاروں نے نال ایریا میں کاروائی کرتے ہوئیں۔ پولیس تھانہ وادو (B) سیکشن صوبے سندہ قتل/ اقدام قتل کے مقدمہ میں روپوش ملزم مشکل خان ولد غلام رسول قوم بروہی مینگل سکنہ دادو کو مقدمہ نمبر 07/026 بجرم 302-324-34 میں ملزم کو گرفتار کر کے بند حوالات کر دیا تفتیش کیلئے ملزم کو سندھ پولیس کا حوالہ کیا جائے گا دریں اثناء ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کی عظیم سیاسی تاریخ اور بے مثال قربانیاں ہیں، سردار عمر گورگیج

وزیر اعلیٰ بلوچستان پر الزامات لگانے والے خضدار جیسے حلقے میں بھی جمعیت کی حمایت کے بغیر انتخاب جیتنے کی اہلیت نہیں رکھتے

ایسی سیاسی ساکھ والوں کا خود کو بلوچستان کا ''واحد حقیقی نمائندہ'' قرار دینا خوش فہمی، خود فریبی اور سیاسی دیوالیہ پن کے سوا کچھ نہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج نے سیاسی رہنماؤں کی جانب سے جاری کردہ بیان کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ بیان حقائق کے قتل، سیاسی دیوالیہ پن اور دانستہ اشتعال انگیزی کا کھلا ثبوت ہے، جس کا واحد مقصد بلوچستان میں جمہوری عمل، آئینی حکومت اور عوامی مینڈیٹ کو متنازع بنا کر انتشار اور بداعتمادی پیدا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ آئین اور جمہوریت کے نام پر سیاست چمکانے والے عناصر کو سب سے پہلے اپنی سیاسی تاریخ اور کردار کا کڑا احتساب کرنا چاہیے۔ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

علی مدد جتک کا بطور صوبائی وزیر داخلہ بہترین انتخاب ہیں، غزالہ گولا

موصوف ایک متحرک، سنجیدہ اور عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ رہنما ہیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولا نے رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک کو صوبائی وزیر، محکمہ داخلہ کا حلف اٹھانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علی مدد جتک ایک متحرک، سنجیدہ اور عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ رہنما ہیں، اور انہیں یقین ہے کہ وہ بطور صوبائی وزیر داخلہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے صوبے میں امن و امان کے قیام، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر کردار ادا کریں گے۔ ڈپٹی اسپیکر نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ علی مدد جتک کو اپنی نئی ذمہ داری .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ضمیر اور ہمدردی قانون کا نعم البدل نہیں، وفاقی آئینی عدالت

قانونی حق موجود نہ ہو تو رٹ آف مینڈمس جاری نہیں کی جاسکتی، جسٹس عامر فاروق

عدالت نے طالب علم کی درخواست کو اپیل میں تبدیل کرتے ہوئے منظور کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے ایک اہم اور نظیری نوعیت کے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ ضمیر اور ہمدردی قانون کا نعم البدل نہیں۔ ہائی کورٹس آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت قانون کی عدم موجودگی میں ہمدردی، مساوات (Equity) یا ذاتی احساسات کی بنیاد پر کوئی حکم جاری نہیں کر سکتیں اور نہ ہی تعلیمی اداروں کو ایسے خصوصی یا سپر سپلیمنٹری امتحانات کے انعقاد کا پابند کیا جاسکتا ہے جن کی اجازت کسی قانون، قاعدے یا ضابطے میں موجود نہ ہو۔ .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی: مفرور ملزم گرفتار

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ڈیرہ بگٹی کی کاروائی، مفرور ملزم گرفتار ڈی آئی جی سبی رینج سبی برکت حسین کھوسہ اور ایس پی ڈیرہ بگٹی جناب ضیاء الحق مندوخیل کے احکامات بر خلاف مہم گرفتاری اشتہاری و مفرور ملزمان پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ بگٹی عبدالحمید کوہری کی زیر نگرانی ایس ایچ او ڈیرہ بگٹی وزیر خان مری RIB فیض محمد نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کر کے 32 سال پرانا مفرور ملزم بگن عرف باز محمد ولد نصیب اللہ قوم صوبھازئی بگٹی سکنہ ڈیرہ بگٹی مقدمہ 1994/01 بجرم زیر دفعہ 365 حرابہ 7(3) میں حسب ضابطہ گرفتار کیا جا کر مزید تفتیش جاری ہے۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ صوبائی وزیر علی مدد جتک کی حلف برداری کے بعد صوبائی وزراء و دیگر کا گروپ فوٹو

ناکامی دہشت گردوں کا مقدر ہوگی، سردار مسعود علی خان لونی

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا دشمن کی کمزوری اور بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی وزیر جنگلات سردار مسعود علی خان لونی نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کی بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائیوں سے صوبے میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے صوبائی وزیر جنگلات و جنگلی حیات سردار مسعود علی خان .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ مخدوش حالات منظم سیاسی جمہوری جدوجہد کے متقاضی ہیں، نواب ایاز جوگیزئی

پشتون بلوچ سیال و برادر اقوام کو اپنے تاریخی وطن، وسائل کے دفاع اور قیام امن کے لیے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا

نواب جوگیزئی کی شہید ہونیوالے پولیس آفیسر و دیگر شہداء کیلئے علیحدہ علیحدہ فاتحہ خوانی، غمزدہ خاندانوں سے تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے گزشتہ دنوں کوئٹہ میں دہشتگردانہ واقعات میں شہید ہونیوالے پولیس آفیسر محمود الرحمن بازئی شہید اور کلتانی بائی پاس میں ایک ہی گھر کے تین افراد شہید محمد حنیف خلجی، شہید ثناء اللہ خلجی اور شہید شاہ محمد خلجی کے ایصال ثواب کے لیے علیحدہ علیحدہ فاتحہ خوانی کیں اور شہداء کی درجات کی بلندی اور غم زدہ خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے حالیہ واقعات اور حکومت کی بے بسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سالوں سے یہ نشا ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی، مولانا عبدالباقی، سردار جاوید و دیگر شاپنگ مال کا افتتاح کر رہے ہیں

مودی حکومت نے ایشیا کے امیر ترین شخص مکیش امبانی کو مشکل میں ڈال دیا

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت نے اپنے نئے بجٹ میں جانوروں اور پرندوں کی درآمد پر 30 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کردی ہے، جس سے ایشیا کے سب سے امیر شخص مکیش امبانی کے خاندان کے زیر انتظام سب سے بڑے نجی چڑیا گھر ونتارا کے اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

حکومت دہشت گردی کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی، بخت محمد کاکڑ

صوبائی وزیر صحت کا ٹراما سینٹر کا دورہ، زخمیوں کی عیادت کی، طبی سہولیات کا جائزہ لیا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور ان کی طبی سہولیات سے متعلق تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر ایم ڈی ٹراما سینٹر ڈاکٹر کامران کاسی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے جنہوں نے صوبائی وزیر کو زخمیوں کے علاج، دستیاب سہولیات اور طبی عملے کی کارکردگی پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت نے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا، زیر علاج .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور افغانستان میں 2026 کی پہلی انسداد پولیو مہم کا آغاز

پاکستان میں 169، افغانستان کے 382 اضلاع میں پولیو مہم چلے گی

قومی انسداد پولیو مہم میں 4 لاکھ 12706 فرنٹ لائن ورکرز ڈیوٹی دیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان میں 2026 کی پہلی انسداد پولیو مہم کا آغاز آج سے ہوگیا۔ رواں سال کی پہلی قومی انسداد پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت چلائی جارہی ہے، پاکستان میں 169، افغانستان کے 382 اضلاع میں پولیو مہم چلے گی۔ ذرائع کے مطابق قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 فروری تک جاری رہے گی، اور ملک بھر میں ایک ہی مرحلے میں چلائی جا رہی ہے، ملک کے بیشتر علاقوں میں 3 روزہ پولیو مہم اور ایک کیچ اپ .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان امن، رواداری اور اقدار کی سرزمین ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

صوبے کے امن کو تباہ کرنیکی کوششوں کو ناکام بنانا سیکورٹی فورسز اور پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور مستعدی کا واضح ثبوت ہے

سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کے باعث تخریب کاروں کے منصوبے دم توڑ گئے اور عوام کے جان و مال کو محفوظ بنایا گیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف حصوں میں امن کو نقصان پہنچانے کی کوششوں کو ناکام بنانا سیکورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور مستعدی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت اور موثر کارروائی کے باعث تخریب کاروں کے منصوبے دم توڑ گئے اور عوام کے جان و مال کو محفوظ بنایا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایک ہی وقت میں مختلف علاقوں کو نشانہ بنانے کی سازش کا مقصد خوف و ہراس .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

صوابی میں پراسرار بیماری سے 4 بچے جاں بحق

صوابی (م ڈ) صوابی کے علاقے گندف گاں میں پراسرار بیماری کے باعث ایک ہفتے میں 4 بچے جاں بحق ہو گئے۔ رپورٹس کے مطابق جاں بحق ہونے والے بچوں میں تین ماہ سے پانچ سال تک کے بچے شامل ہیں جبکہ جان کی بازی ہارنے والے بچوں میں محمد اویس، ابوبرہ، عمر خان اور ابو ہریرہ شامل ہیں۔

اسلام آباد: قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سینیٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، نواب جنگیز مری

بلوچستان کے امن و امان کو خراب کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، ایم پی اے

کوہلو (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان نواب جنگیز خان مری نے صوبے میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے امن و امان کو خراب کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ ان کا مقابلہ کر رہے ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں نواب جنگیز خان مری نے مختلف .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل سے مالا مال پشتونخوا وطن کے باسی نقل مکانی پر مجبور ہیں، خوشحال کاکڑ

پشتونخوا وطن دنیا کے بے شمار وسائل اور معدنیات سے مالا مال ہے، مگر بدامنی اور دہشت گردی کے باعث لوگ پریشان ہیں

کراچی سمیت ملک بھر میں پشتون عوام کو جان و مال کے تحفظ کے شدید مسائل کا سامنا ہے، پولیس و انتظامیہ کا رویہ متعصبانہ ہے

کوئٹہ / کراچی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی سندھ کراچی کے زیر اہتمام ایکسپریس مارکیٹ صدر میں منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام سے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور سیکرٹری جنرل خورشید کاکڑ جی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اس تاریخی اور شاندار جلسے کے انعقاد پر وہ پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے غیور پشتون عوام نے بھرپور اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کیا ہے۔ جلسہ عام سے پارٹی کے سندھ کے صوبائی صدر سید محمد صدیق آغا، جنوبی پشتونخوا کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، پارٹی .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی استحکام حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے، وزیر خزانہ

وفاقی وزیر خزانہ کا معاشی استحکام، مضبوط زرمبادلہ ذخائر اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے حکومتی عزم کا اعادہ

بہتر معاشی استحکام کے باعث وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کو اپنے آپریشنز میں بہتری کا فائدہ حاصل ہوا ہے، وفد کی بات چیت

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پیر کو معاشی استحکام کو برقرار رکھنے، زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط بنانے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے فروغ کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پائیدار معاشی استحکام حکومت کی اقتصادی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے ناگزیر ہے۔ وہ وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے جس نے آئندہ دو سے تین برسوں میں پاکستان میں 100 ملین امریکی ڈالر تک ممکنہ سرمایہ کاری کا عندیہ دیا۔ .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بارش برسانے والا مغربی ہواؤں کا سلسلہ بلوچستان سے نکل گیا ہے

صوبے میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بارش برسانے والا مغربی ہواؤں کا سلسلہ بلوچستان سے نکل گیا ہے، جس کے بعد کوئٹہ اور گرد و نواح میں مطلع صاف جبکہ موسم سرد ہوگیا ہے۔ صوبے کے بیشتر اضلاع میں آج موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ قلات میں صفر ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 1، ژوب میں 2، سبی .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان، ریڈ زون کی سیکورٹی بنکرز اور کنکریٹ دیوار کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حالیہ واقعات کے شہداء اور زخمیوں کی مفصل رپورٹ مرتب

ضلعی معاوضہ کمیٹی کا اجلاس، متاثرہ خاندانوں کو معاوضے کی فراہمی پر غور

کوئٹہ (خ م) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ضلعی معاوضہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں حالیہ دنوں کوئٹہ میں پیش آنے والے واقعات کے نتیجے میں شہداء اور زخمیوں سے متعلق تفصیلی رپورٹس مرتب کر لی گئیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بولان میڈیکل کمپلیکس (بی ایم سی) اور سول ہسپتال کوئٹہ کی جانب سے شہداء اور زخمیوں کی مستند فہرستیں مکمل کر لی گئی ہیں، جن کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بی ایم سی اور سول ہسپتال کے نمائندگان، سی ٹی ڈی کے نمائندے اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں متاثرہ خاندانو .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عازمین حج فوری طور پر بائیومیٹرک یقینی بنائیں، وزارت مذہبی امور

عوام کے جان و مال کا یقینی تحفظ سنجیدہ اقدامات کا متقاضی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

خون آشام شورش کے خاتمے کیلئے سیاسی بصیرت اور قابل اعتماد فضا ناگزیر ہے، حاجی عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، مفتی روزی خان بادیزئی، اور دیگر نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ خون آشام شورش کے خاتمے کے لیے سیاسی بصیرت اور قابل اعتماد فضا کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے، .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بعض قوتیں خطے کی دولت ضائع کرنا چاہتی ہیں، سعودیہ میں ایرانی سفیر

تہران (بیورو رپورٹ) سعودی عرب میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے کہا ہے کہ بعض قوتیں خطے کو آگ میں جھونکنا اور یہاں کی دولت ضائع کرنا چاہتی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ قوتیں خطے کی ترقی کو روکنا اور اس پر جنگ مسلط کرنا چاہتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کچھ عناصر خطے کے ممالک میں دراڑیں ڈالنا اور فتنہ و فساد بھڑکانا چاہتے ہیں۔ علی رضا عنایتی نے کہا کہ پڑوس میں مدبرانہ موقف بھی ہیں

بسنت کی مرکزی تقریب منسوخ کرنے کا فیصلہ

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے بسنت کے موقع پر مرکزی سرکاری تقریب منسوخ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ بسنت کی یہ مرکزی تقریب 6 فروری کو شاہی قلعہ لاہور کے دیوان عام میں منعقد ہونا تھی، جس میں حکومتی شخصیات اور غیر ملکی سفارتکاروں کی شرکت متوقع تھی۔ ذرائع کے مطابق امن و امان کی صورتحال اور ایس او پیز پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے میگا ایونٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

انسداد پولیو مہم موذی مرض سے مکمل نجات میں ایک اہم قدم، بلاول

چار کروڑ سے زائد بچوں کو انسداد پولیو قطرے پلانے والے ہیلتھ ورکرز ہمارے ہیروز ہیں، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کورونا وبا کے بعد ملک کی پہلی قومی انسداد پولیو مہم موذی مرض سے مکمل نجات کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ والدین پانچ سال سے کم عمر اپنے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلوائیں اور بچوں کو عمر بھر کی ممکنہ معذوری سے بچائیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے پولیو سے ہونے والی معذوری کے خاتمے کے بعد پاکستان کے .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی اجلاس، سول پروسیجر کوڈ ترمیمی بل و آربیٹریشن بل 2026 پیش

18 سے 20 سال ہوگئے میرے اپنے وراثت کیس کا کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا، صوفیہ سعید

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چوہدری محمود ورک کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف کا اجلاس جس میں سول پروسیجر کوڈ ترمیمی بل کمیٹی میں پیش کیا گیا۔ پیر کو ممبر قومی اسمبلی صوفیہ سعید نے بل پیش کرتے ہوئے خواتین کو وراثت کے معاملے میں بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، 18 سے 20 سال ہوگئے میرے اپنے وراثت کیس کا کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا، اس موقع پر ممبر کمیٹی حسن صابر نے کہا کہ اس وقت بہن بھائیوں کے .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں پر امن اور نہتے سیاسی کارکنوں کو ہراساں کیا جا رہا ہے، این ڈی پی

سیاسی سرگرمیوں کو دبانے اور اختلافی آوازوں کو خاموش کرانے کی کوششیں ایک منظم تسلسل کے تحت جاری ہیں

سیاسی رہنما غلام نبی مری کے گھر پر مارے گئے چھاپے کی فوری شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کرائی جائیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن مرکزی کمیٹی اور ضلع کوئٹہ کے صدر غلام نبی مری کے گھر پر چھاپے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ غلام نبی مری کے گھر پر چھاپہ مارنا چادر اور چاردیواری کی کھلی اور سنگین پامالی ہے جو نہ صرف جمہوری اقدار بلکہ آئینی و انسانی حقوق کی بھی صریح خلاف ورزی ہے بیان میں اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا کہ صوبے میں پرامن اور نہتے سیاسی کارکنوں کو مسلسل ہراساں کیا جا رہا ہے جبکہ سیاسی سرگرمیوں کو دبانے اور اختلافی آوازوں کو خا .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بدامنی کے حالیہ واقعات حکومتی ناکامی کا ثبوت ہیں، قاری مہراللہ

تھانہ خالق شہید میں بچے کو گولی مارے جانے کی شفاف انکوائری کرائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر قاری مہراللہ، مرکزی پریس سکرٹری سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور دیگر رہنماؤں نے گزشتہ روز کے واقعات کو حکومت کے امن کے حوالے سے دعوؤں کے نفی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایدھی چوک زرغون روڈ تک کے واقعات نے افسوسناک تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ .... جمعیت نظریاتی بلوچستان کے پریس سکرٹری مولوی رحمت اللہ حقانی اور دیگر زخمیوں کی عیادت اور سول ہسپتال کوئٹہ ٹراما سنٹر میں گزشتہ روز کے پرتشدد واقعات کے صحت یابی کیلئے دعا کی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

سونے کے بعد بٹ کوائن کے نرخ میں بھی بڑی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (آئی این پی) سونے کی قیمت میں کمی کے بعد بٹ کوائن کی قیمت بھی گرگئی۔ عالمی مارکیٹ میں بٹ کوائن 77 ہزار ڈالر سے بھی نیچے چلا گیا، ایک ہفتے میں بٹ کوائن کی قیمت میں 13 فیصد سے زائد کی کمی ہوئی۔

معرکہ حق کی یادگار بنانے کیلئے درخت کاٹے گئے، وکیل سی ڈی اے

اسلام آباد میں درختوں کی کٹائی روکنے کے حکم امتناع میں 13 فروری تک توسیع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں درختوں کی کٹائی روکنے کے ہائی کورٹ کے حکم امتناع میں 13 فروری تک توسیع کردی گئی۔ وکیل سی ڈی اے عامر لطیف گل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ اسلام آباد میں معرکہ حق کی یادگار بنے گی، اس لیے درخت کاٹے گئے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب لندن میں پانچ سو سال پرانے درخت ابھی بھی موجود ہیں، آج وقت کی کمی کے باعث اس کیس کو نہیں سن سکتے، درختوں کی کٹائی سے متعلق کتنے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، صرافہ مارکیٹ سے کروڑوں کا سونا ہتھیانے کا معمہ حل

پولیس نے ملزم سے 15 کروڑ سے زائد مالیت کی برآمدگی کرلی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں اچھرہ صرافہ مارکیٹ کے تاجروں سے دھوکہ دہی سے کروڑوں روپے کا سونا ہتھیانے کا معمہ حل ہوگیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے تھانہ اچھرہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اچھرہ صرافہ مارکیٹ کے تاجروں سے دھوکہ دہی سے کروڑوں روپے کا سونا ہتھیانے والے ملزم سے 15 کروڑ سے زائد مالیت .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جبر سے حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے، مولانا ہدایت الرحمن

عوام کو حقوق دیے جائیں، عوام کی سنی جائے، طاقت، جبر، گولی اور آپریشن پہلے بھی آزمائے جا چکے ہیں آئندہ بھی اس سے نقصان ہوگا

بلوچستان کے عوام کو حقوق، نوجوانوں کو روزگار کیوں نہیں دیے جاتے؟ بلوچستان کے وسائل صوبے پر کیوں خرچ نہیں کیے جاتے؟

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں قتل و غارت گری، طاقت جبر گولی اور آپریشن سے حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے، عوام کو حقوق دیے جائے عوام کی سنی جائے طاقت جبر گولی اور آپریشن پہلے بھی آزمائے جا چکے ہیں آئندہ بھی اس طریقے سے نفرت کم ہونے کے بجائے بڑھنے کیساتھ حالات مزید خراب ہونے کا خدشہ ہے بلوچستان کے عوام کو حقوق نوجوانوں کو روزگار کیوں نہیں دیے جاتے بلوچستان کے وسائل بلوچستان پر کیوں خرچ نہیں کیے جاتے۔ مذاکرات بات چیت کیوں نہیں کیے جاتے .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

یوکرین میں مزدوروں کی بس پر روسی ڈرون حملہ

15 کان کن ہلاک، 6 افراد زخمی، یوکرینی صدر کا افسوس کا اظہار

کیف (آئی این پی) یوکرین میں روس کی جانب سے ڈرون حملوں کا سلسلہ جاری ہے، تازہ واقعے میں مزدوروں کو لے جانے والی ایک بس کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں پندرہ کان کن ہلاک اور متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق حملہ اس وقت کیا گیا جب بس کان کنوں کو کام سے واپس لے جا رہی تھی۔ زخمیوں کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ اسی علاقے میں واقع ایک اسپتال کو بھی روسی ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے باعث چھ افراد زخمی ہو گئے۔ اسپتال پر حملے کے بعد امدادی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو آٹے اور چینی کی سپلائی پر پابندی تشویشناک ہے، جمعیت نظریاتی

ملک میں وافر گندم اور چینی موجود ہے، بلوچستان کو سپلائی پر پابندی کی وجہ سے یہاں کے عوام کو چینی اور آٹے کی قلت کا سامنا ہے، مولانا لونی

کراچی اور پنجاب میں چینی ڈیڑھ سو روپے فی کلو دستیاب ہے، کوئٹہ میں قیمت سوا دو سو روپے، آٹے کی قیمتیں بھی آسمان کو چھو رہی ہیں، مفتی شفیع

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ ملک میں وافر مقدار گندم چینی ہونے کی باوجود پنجاب سندھ سے آٹے چینی کے سپلائی پر پابندی سے بلوچستان میں چینی آٹا غریب عوام کو عذاب میں مبتلا کر دیا ہے چینی آٹے بندش ہونے کی وجہ سے کوئٹہ کے چینی والے کا بحران پیدا ہوا ہے تاجروں کے دکانوں گوداموں ایک بوری چینی بھی دستیاب نہیں ایک ماہ سے وہ صبح گھر سے آکر خالی دکانوں میں بیٹھے ہوتے ہیں کراچی پنجاب میں .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر